★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 12 رمضان المبارک 1446ھ، 13 مارچ 2025ء، 29 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 137

جعفر ایکسپریس حملہ

عورتوں اور بچوں سمیت یرغمالیوں کی بڑی تعداد بازیاب، تمام دہشتگرد ہلاک

کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملے اور 500 مسافروں کو یرغمال بنانے کے بعد کلیئرنس آپریشن میں 30 دہشت گرد ہلاک ہوگئے جبکہ فورسز نے 190 مسافروں کو بازیاب کروالیا

عورتوں اور بچوں کی خودکش بمباروں کے ساتھ موجودگی کی وجہ سے آپریشن میں انتہائی احتیاط برتی جارہی ہے، باقی ماندہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لئے سیکیورٹی فورسز کا آپریشن جاری ہے: سیکیورٹی ذرائع

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملے اور 500 مسافروں کو یرغمال بنانے کے بعد کلیئرنس آپریشن میں 30 دہشت گرد ہلاک ہوگئے جبکہ فورسز نے 190 مسافروں کو بازیاب کروالیا جبکہ بقیہ یرغمالیوں کے پاس خودکش بمبار بیٹھے ہوئے ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

آرمی ایکٹ خصوصی طور پر افواج پاکستان کے ممبران کیلئے ہے، جج آئینی بینچ

جسٹس امین الدین کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس محمد علی نے ریمارکس دیئے ہیں کہ آرمی ایکٹ تو خصوصی طور پر افواج پاکستان کے ممبران کیلئے ہے۔ بدھ کو جسٹس امین الدین کی سربراہی میں سات رکنی آئینی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

صدر پاکستان اتحاد کی علامت، ان کی تقریر کے دوران مسلح افواج کے سربراہان کہاں تھے؟ عمر ایوب

بلوچستان واقعہ انٹیلی جنس کی ناکامی ہے، ان کی لاپرواہی کا خمیازہ مسلح افواج کے جوان بھگت رہے ہیں، پی ٹی آئی پانچ لوگ اکٹھے ہوں تو پولیس مارتی ہے،

کیا ان کو یہ والے دہشتگرد نظر نہیں آتے؟ موجودہ فارم 47 رجیم نے پاکستان کی سلامتی کو ہلا کر رکھا دیا، اپوزیشن لیڈر کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ صدر پاکستان کے اتحاد کی علامت ہے، ان کی تقریر کے دوران مسلح افواج کے سربراہان کہاں تھے؟، بلوچستان واقعہ انٹیلیجنس کی ناکامی ہے، ان کی لاپرواہی کا خمیازہ مسلح افواج کے جوان بھگت رہے ہیں، تحریک انصاف کے پانچ لوگ اکٹھے ہوں تو پولیس مارتی ہے، کیا ان کو دہشت گرد نظر نہیں آتے؟ موجودہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

نواز شریف کا پارلیمنٹ کی بالادستی، عوامی مفاد میں قانون سازی، جمہوریت کے استحکام کی ضرورت پر زور

اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے لاہور میں صدر (ن) لیگ سے اہم ملاقات کی، ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، پارٹی کے امور اور پارلیمانی معاملات پر تفصیلی گفتگو کی گئی

عوام مسائل کا حل چاہتے ہیں اور انہیں احتجاج کی سیاست سے کوئی سروکار نہیں، مضبوط پارلیمنٹ ہی ملک میں سیاسی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اہم کردار ادا کرسکتی ہے: صدر ن لیگ

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے پارلیمنٹ کی بالادستی، عوامی مفاد میں قانون سازی اور جمہوریت کے استحکام کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لاہور میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

حیوان صفت دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں

شہباز شریف

دہشت گردوں کے خلاف جاری کاروائی میں سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکار بہادری وپیشہ ورانہ مہارت سے انکا سد باب کر رہے ہیں، دشوار گزار راستوں کے باوجود سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں کے حوصلے بلند ہیں

سیکورٹی فورسز بروقت کاروائی اور بہادری سے بزدل دہشت گردوں کو پسپائی کی جانب دھکیل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکار بہت جلد اس آپریشن میں کامیاب ہونگے: وزیر اعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ڈھاڈر، بولان پاس میں جعفر ایکسپریس پر بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف جاری کاروائی میں سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکار بہادری و پیشہ ورانہ مہارت سے انکا سدباب کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

پنجاب میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کی طرز پر دوایوانی نظام لانے کی قرارداد منظور

حکومتی رکن امجد علی جاوید نے دوایوانی نظام قائم کرنے کی قرارداد پیش کی جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کی طرز پر دوایوانی نظام لانے کی قرارداد کثرت رائے سے منظور کرلی گئی۔ حکومتی رکن امجد علی جاوید نے صوبے میں وفاق کی طرز پر دوایوانی نظام قائم کرنے کی قرارداد پیش کی جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ اس کے علاوہ حکومتی رکن سارہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

چیف جسٹس بلاک حملہ کیس؛ تمام 36 وکلاء کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم

اسلام آباد (این این آئی) ہائیکورٹ کے چیف جسٹس بلاک پر حملے کے کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے تمام 36 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

عمان، وفاقی وزیر کامرس جام کمال خان عمان کے اہم منصب سے ملاقات کررہے ہیں

پنجابی کلچر فیسٹیول اب 14 اپریل کو منعقد ہوگا: عظمیٰ بخاری

جعفر آباد میں ٹرین میں پھنسے افراد بحفاظت اپنے گھروں کو پہنچ جائیں گے، گفتگو

بلوچستان ٹرین حادثے کے باعث 14 مارچ کا پنجابی کلچر دیہاڑ ملتوی، وزیر اطلاعات

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ 14 مارچ کو منعقد ہونے والا پنجابی کلچر میلہ ملتوی کر دیا گیا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر فیسٹیول کو مؤخر کیا جا رہا ہے۔ عظمیٰ بخاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وزیر مملکت ملک رشید احمد خان، اراکین صوبائی اسمبلی کھڈیاں جلسے میں اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

دہشت گردی کی یلغار ایک بار پھر ملک کی سالمیت کو چیلنج کر رہی ہے: ملک محمد احمد خان

ملک رشید احمد خان کی بطور وزیر مملکت برائے فوڈ سیکیورٹی تقرری، قصور کی عوام کا قیادت پر اعتماد کا مظہر ہے: سپیکر پنجاب اسمبلی کا کھڈیاں خاص میں خطاب

عہدہ ایک ذمہ داری ہے اور میں اپنی ذمہ داری کو احسن انداز سے نبھاؤں گا تاکہ عوام کی خدمت میں کوئی کمی نہ آئے۔ وزیر مملکت ملک رشید احمد خان کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کھڈیاں خاص قصور میں ایک پروقار عوامی جلسے کا انعقاد کیا، جس کا مقصد ملک رشید احمد خان کو وزیر مملکت برائے فوڈ سیکیورٹی کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرنا تھا۔ جلسے میں علاقے کی معزز شخصیات، سیاسی رہنماؤں، کارکنان، اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنے خطاب میں ملک رشید احمد خان کی تقرری کو علاقے کے لیے اعزاز قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ قصور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

کوئی ملک آئین کے مطابق نہ چلے تو یہ سنگین جرم ہے، شبلی فراز

سینیٹ کے چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین یا صدر کے جو الیکشن ہوئے یہ ایک لحاظ سے غیر آئینی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شبلی فراز کا کہنا ہے کہ کسی ملک کا آئین کے مطابق نہ چلنا سنگین جرم ہے۔ رہنما پی ٹی آئی شبلی فراز نے جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ جو بھی چیزیں ہو رہی ہیں وہ آئین کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

لاہور: وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت بغیر کارروائی عید کے بعد تک ملتوی، وکلا حیران

اس سے قبل کیس کی سماعت روزانہ کی بنیاد پر ہو رہی تھی، عدالت نے 28 دن کے لیے ملتوی کردی

راولپنڈی (این این آئی) جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت بغیر کسی کارروائی کے عید کے بعد تک ملتوی کردی گئی، جس پر وکلا اور ملزمان حیران ہوگئے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کے روبرو جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت آج مقرر تھی، جس میں ملزمان، سرکاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

بنگلہ دیش میں شیخ حسینہ کی خاندانی جائیدادیں، بینک اکاؤنٹس ضبط

ڈھاکہ (این این آئی) ڈھاکہ کی عدالت نے سابق بنگلا دیشی وزیر اعظم شیخ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

جنوبی بھارت میں گرتی ہوئی آبادی پر وزیر اعلیٰ آندھرا پردیش پریشان

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی لوک سبھا کے رکن نے خواتین کو تیسرے بچے کی پیدائش پر پیسوں اور گائے کی آفر کردی۔ بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ملک میں کاروں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں 44.62 فیصد اضافہ

ملکوآنہ (این این آئی) ملک میں کاروں کی فروخت اور پیداوار میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر ہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

کینیڈا فوری امریکی ڈیری مصنوعات پر 250 فیصد ٹیرف ختم کرے ورنہ امریکا آنیوالی کاروں پر ٹیرف بڑھا دوں گا: ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ کینیڈا سے امریکا آنے والی تمام سٹیل اور ایلومینیم پر 50 فیصد اضافی ٹیرف لگانے کی ہدایت کردی۔ امریکی صدر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

پی ٹی آئی والے جو بات ہے بتا دیں کہ ایک کو دوسرے کے نیچے کریں، کامران مرتضیٰ

ہم اتحاد میں کچھ شرائط کے ساتھ چلنے کو تیار ہیں، گے مگر کسی پارٹی کے ساتھ چلنا ہماری مجبوری نہیں: رہنما جے یو آئی (ف)

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ کا بانی پی ٹی آئی کے بیان پر ردعمل سامنے آ گیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کامران مرتضیٰ نے کہا کہ اگر بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرف سے یہ بیان سامنے آیا ہے کہ جو ہمارا ساتھ دے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: وزیراعظم کے یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ای سپورٹس میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

جعفر ایکسپریس حملہ؛ کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس معطل

آج کوئٹہ سے کوئی بھی ٹرین تاحکم ثانی نہیں چلے گی، ریلوے حکام

کوئٹہ (این این آئی) جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کے بعد کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس معطل کر دی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق آج کوئٹہ سے کوئی بھی ٹرین تاحکم ثانی نہیں چلے گی، سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر ٹرین سروس معطل کی گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

بشریٰ بی بی کی 2 مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع

انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے ضمانت سے متعلق کیسز کی سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے بشریٰ بی بی کی 2 مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع کردی۔ 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمات میں بشریٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پاک فوج نے بہادری سے 100 سے زائد لوگوں کو بازیاب کرایا، گورنر سندھ

کامران خان ٹیسوری عوام میں سحری کرنے برنس روڈ پہنچے، عوام نے ان کا استقبال کیا

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاک فوج نے بہادری سے 100 سے زائد لوگوں کو بازیاب کرایا ہے۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری عوام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل سے امریکی قونصل جنرل کرسٹین ہاکنز ملاقات کر رہی ہیں

اقوام متحدہ اور ایران کی پاکستان میں مسافر ٹرین پر دہشتگردانہ حملے کی مذمت

معصوم مسافروں کو یرغمال بنانے کی خبر پر افسوس ہوا، ترجمان یو این سیکرٹری جنرل

نیویارک، تہران (این این آئی) اقوام متحدہ اور ایران کی جانب سے پاکستان میں مسافر ٹرین پر دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی گئی ہے۔ ترجمان سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ اسٹیفن ڈوجارک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

ڈونلڈ ٹرمپ نے ایلون مسک سے ڈسکاؤنٹ مانگے بغیر ٹیسلا گاڑی خرید لی

گاڑی اصل قیمت پر ڈسکاؤنٹ مانگے بغیر 80 ہزار ڈالرز میں خریدی ہے، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایلون مسک کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

مسلح موٹر سائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کر کے دو کزن نوجوانوں کو قتل کردیا

سرگودھا (این این آئی) مسلح موٹر سائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کر کے دو کزن نوجوانوں کو قتل کر دیا اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اڑان پاکستان ورکشاپ کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں

میرا جینا مرنا مسلم لیگ (ن) اور نواز شریف کے سنگ ہے، برجیس طاہر

نوجوانوں کو جعلی ڈگریاں، کلاشنکوف نہیں لیپ ٹاپ اور کتابوں کی ضرورت ہے، گفتگو

ننکانہ صاحب (این این آئی) سابق گورنر و وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر کا کہنا ہے کہ جینا مرنا پاکستان مسلم لیگ ن اور میاں نواز شریف کے ساتھ ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

دبئی میں سب سے زیادہ جائیداد خریدنے والوں میں پاکستانی پانچویں نمبر پر آگئے

دبئی کی پراپرٹی کنسلٹنسی بیٹر ہومز کی رپورٹ کے مطابق بھارتی شہری اس حوالے سے پہلے نمبر پر ہیں

دبئی (این این آئی) دبئی میں ریئل اسٹیٹ کا کاروبار مسلسل ترقی کر رہا ہے۔ دبئی میں جائیداد خریدنے والے پاکستانیوں کی تعداد بھی بڑھ رہی ہے۔ سب سے زیادہ جائیداد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

Iftar Dinner
اسلام آباد: وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک کا راولپنڈی چیمبر کے صدر و دیگر کیساتھ گروپ فوٹو

وزیراعظم نے خام چینی کی درآمد کے علاقائی ماڈلز کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی بنادی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ریفائنڈ چینی کی دوبارہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

جعفر ایکسپریس پر حملہ، دہشتگردوں سے رہائی پانے والے مسافر کا اظہار تشکر

اسلام آباد/ کوئٹہ (این این آئی) جعفر ایکسپریس پر حملے میں دہشت گردوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

دہشتگردوں کا معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، بلاول

دہشتگردوں کا معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، جعفر ایکسپریس حملہ، بلاول بھٹو سمیت چاروں وزرائے اعلیٰ کی شدید مذمت

بلوچستان حکومت کا فوری ایمرجنسی کا نفاذ صورتحال سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کرے گا، ٹرین میں موجود مسافروں کے تحفظ کیلئے دعا گو ہوں

اسلام آباد (این این آئی) بولان میں جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کے حملے کی چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سمیت وزرائے اعلیٰ بلوچستان، پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا نے شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جعفر ایکسپریس پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگرد پاکستان کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشتگردوں کا معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

محسن نقوی کا 100 سے زائد مسافروں کو بازیاب کرانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی نے جعفر ایکسپریس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

سپریم کورٹ احتجاج کیس؛ شبلی فراز سمیت دیگر ملزمان کی ضمانت میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

فتنہ الخوارج کیلئے چندہ اکٹھا کرنیوالے کارندے کو قید و جرمانہ کی سزا

ملکوآنہ (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے فتنہ الخوارج کیلئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

امریکا نے جو کرنا ہے کرے، بات کروں گا نہ دھمکیاں قبول ہیں، ایرانی صدر

ڈونلڈ ٹرمپ نے جوہری معاہدے پر بات چیت کے لیے ایران کو دھمکی آمیز خط لکھا تھا

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے امریکا کے ساتھ مذاکرات نہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا ہمیں احکامات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری علاقہ مکینوں کے ہمراہ سحری کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

امریکا سے مذاکرات، یوکرین روس سے 30 روزہ جنگ بندی پر رضا مند

معاہدہ جدہ میں یوکرینی اور امریکی حکام کے درمیان 9 گھنٹے سے زائد جاری مذاکرات کے بعد طے پایا: امریکی محکمہ خارجہ

مذاکرات میں سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور وزیر مملکت اور کابینہ کے رکن مساعد بن محمد بھی موجود تھے: عرب میڈیا

جدہ (این این آئی) سعودی عرب میں ہونے والے یوکرین امریکا مذاکرات میں یوکرین روس کے ساتھ 30 روزہ جنگ بندی پر رضا مند ہوگیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق یوکرین نے 30 روزہ جنگ بندی اور پائیدار امن کیلئے امریکی تجویز مان لی ہے۔ مذاکرات کے حوالے سے امریکا یوکرین مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی فوجی امداد اور انٹیلی جنس معلومات کی بحالی کے وعدے پر یوکرین جنگ بندی پر متفق ہوگیا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق یوکرین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب سینٹرڈ ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور: ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے پنجاب عرفان علی کاٹھیا برطانوی ہائی کمیشن کے وفد کو بریفنگ دے رہے ہیں



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

پولیس نے جھوٹی 15 کال کا مرتکب ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گلبرگ کے علاقے گاڑی اور 50 لاکھ روپے کی ڈکیتی کی 15 کال کا معاملہ پولیس نے جھوٹی 15 کال کا مرتکب ملزم گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق ملزم نے ایڈن ٹاور کے قریب ڈکیتی کی ون فائیو کال کی اور بتایا 5 ڈکیت آئے اور 50 لاکھ ولینڈ کروزر گاڑی چھین کر فرار ہیں چھان بین کے دوران ملزم پولیس کو زیادہ دیر چکمہ نہ دے سکا اور اس نے اعتراف کیا کہ اس کا بینک کے ساتھ لین دین کا معاملہ تھا جس کے باعث بینک گاڑی لیے گیا تھا پولیس نے ملزم عنصر کیخلاف جھوٹی 15 کال کرنے پر مقدمہ درج کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے انوسٹیگیشن ونگ کے حوالے کردیا

تھانہ ہیئر پولیس نے کاروائی کے دوران چار منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ ہیئر پولیس نے کاروائی کے دوران چار منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے گرد شکنجہ سخت کرتے ہوئے ایس ڈی پی او برکی غلام دستگیر کی سربراہی میں تھانہ ہیئر پولیس نے 04 منشیات فروش سلمان، آکاش، ارسلان اور رضا مسیح کو گرفتار کر کے ملزمان سے 95 بوتلیں شراب 01 کلو سے زائد چرس اور 100 لیٹر زہریلی شراب برامد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ کاروائیاں جاری ہیں،

ایس ایچ او سبزہ زار نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے 2 آئس فروش گرفتار کرلئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایچ او سبزہ زار نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے 2 آئس فروش گرفتار کرلئے۔ ایس ایچ او سبزہ زار امجد ڈوگر نے بتایا کہ ملزمان بدنام زمانہ آئس فروش تھے خفیہ اطلاع پر سبزہ زار کے علاقہ سے گرفتار کیا گیا ملزمان سے مجموعی طور پر 02 سو 60 گرام آئس برآمد کر لی ملزمان نعیم اور وقاص کے خلاف مقدمات درج مزید تفتیش کے لئے انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن بلال احمد کی ایس ایچ او سبزہ زار امجد ڈوگر اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

جوہر ٹاؤن کی پولیس ٹیم نے دوران چیکنگ 02 منشیات فروش منشیات سمیت گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) جوہر ٹاؤن کی پولیس ٹیم نے دوران چیکنگ 02 منشیات فروش منشیات سمیت گرفتار کرلیا۔ ایس ایچ او جوہر ٹاؤن بلال نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران شیراز اور محمد ساجد کو گرفتار کر کے ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی 15 کلو سے زائد چرس 5 کلو افیون اور 2 کلو ہیروئن برامد کر کے مقدمات درج کر لیے۔ ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خان کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے تعلیمی اداروں، ہوسٹلز، کالجز کے اطراف میں نوجوان نسل کو منشیات بیچنے کا اعتراف کیا ہے

گوالمنڈی، نواب ٹاؤن اور شالیمار خاتون سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) گوالمنڈی، نواب ٹاؤن اور شالیمار خاتون سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے ایدھی ترجمان کے مطابق گوالمنڈی لنڈا بازار کے قریب سے 45 سالہ نامعلوم شخص کی لاش ملی، نواب ٹاؤن کے علاقہ میں 58 سالہ سیکورٹی گارڈ حرکت کل بند ہونے سے جان کی بازی ہار گیا، متوفی کی شناخت سخاوت کے نام سے ہوئی جو بھمبر کا رہائشی تھا، جبکہ شالیمار کے علاقے سحر روڈ ٹریفک حادثے میں 74 سالہ بزرگ خاتون جاں بحق۔ ہوگئی متوفیہ کی شناخت 74 سالہ امیرں بی بی کے نام سے ہوئی جو ننکانہ کی رہائشی تھی، متعلقہ تھانوں کی پولیس کی ضروری کاروائی کے بعد لاشوں کو ایدھی ایمبولینسز کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کر دیا گیا۔

موٹر سائیکل لائسنس کے اجراء میں ریلیف کا سلسلہ جاری ہے

صوبہ بھر میں رواں سال 12 لاکھ 70 ہزار سے زائد شہریوں نے سہولت سے استفادہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے احکامات پر صوبہ بھر میں موٹر سائیکل لائسنس کے اجرئ میں ریلیف کا سلسلہ جاری ہے، صوبہ بھر میں رواں سال 12 لاکھ 70 ہزار سے زائد شہریوں نے سہولت سے استفادہ کیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق 5 لاکھ 20 ہزار سے زائد شہریوں نے ریگولر ڈرائیونگ لائسنس بنوائے، رواں سال 1 لاکھ 9 ہزار سے زائد شہریوں کے لائسنسوں کی تجدید کی گئی، 3 لاکھ 82 ہزار سے زائد شہریوں نے لرننگ سہولیات حاصل کیں۔ ریلیف کی بدولت موٹر سائیکل سواروں کو ایک ہی دن میں لرننگ اور ریگولر لائسنس جاری کیے جا رہے ہیں۔

موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں نہ تھم سکی مقامی قانون دان کا موٹر سائیکل نامعلوم چرالے گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں نہ تھم سکی مقامی قانون دان کا موٹر سائیکل نامعلوم چرالے گئے۔ پوسٹ آفس روڈ کے رہائشی وکیل حافظ سکندر ہمایوں ایڈووکیٹ اپنے بڑے بھائی بلال ہمایوں کے ساتھ حنیف محمد اسٹیڈیم میں واک کرنے گئے جہاں انہوں نے اپنا موٹر سائیکل کھڑا کیا اور خود واک میں مصروف ہوگئے۔ اس دوران نامعلوم چور انکا موٹر سائیکل چرا کر رفو چکر ہو گئے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ شہر بھر سے اب تک سینکڑوں موٹر سائیکلیں چرائی جا چکی ہیں لیکن سٹی پولیس ملزمان کا سراغ لگانے میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہی ہے جبکہ متاثرین اپنی موٹر سائیکلوں کی برآمدگی کے لئے تھانہ میں جا کر ذلیل و خوار ہونے لگے ہیں۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب سیٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چھوٹے شہروں میں ڈرینج سسٹم کا بائی پاس ماڈل نافذ کریں گے، وزیر بلدیات

20 شہروں میں واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سہولیات مہیا کی جائیں گی، مزید 59 شہروں میں ڈیٹا کولیکشن کا کام مکمل

وزیراعلی مریم نواز نے 110 شہروں میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے 150 ارب کے پروگرام کی منظوری دے دی، ذیشان رفیق

شہروں کے درمیان سیوریج پائپ لائن نہیں بچھائی جائے گی بلکہ چھوٹے شہروں کے اردگرد ڈرینج سسٹم کا بائی پاس ماڈل نافذ کیا جائے گا

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس کے دوران وزیراعلی سیٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد اور سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ آسیہ گل نے بھی شرکت کی۔ پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کے مینجنگ ڈائریکٹر سید زاہد عزیز نے بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پہلے مرحلے میں 20 شہروں میں واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ مزید 59 شہروں میں ڈیٹا کولیکشن کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ وزیراعلی مریم نواز نے 110 شہروں میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے 150 ارب روپے کے میگا پروگرام کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہروں کے درمیان سیوریج پائپ لائن نہیں بچھائی جائے گی بلکہ چھوٹے شہروں کے اردگرد ڈرینج سسٹم کا بائی پاس ماڈل نافذ کیا جائے گا تاکہ گندے پانی کے مضر اثرات سے بچا جا سکے۔ مستقبل کی نئی آبادیوں کو اسی بائی پاس ڈرینج سسٹم سے منسلک کیا جائے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ایک لاکھ تک کی آبادی کے لئے کم از کم ایک واٹر سٹوریج ٹینک بنایا جائے گا جبکہ اس سے زیادہ آبادی کے لئے اسی تناسب سے پانی ذخیرہ کرنے کے ٹینک تعمیر ہوں گے۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ برساتی پانی کے نکاس کے لئے مربوط نظام رائج کیا جائے گا۔ ویسٹ واٹر کی ٹریٹمنٹ کی جائے گی۔ پمپ سٹیشن سولر سسٹم پر منتقل کئے جائیں۔ صوبائی وزیر نے پی ایم ڈی ایف سی کو تخمینہ لگانے کا موثر طریقہ وضع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بیشتر شہروں کی گلیوں اور گھروں کا سٹائل ملتا جلتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سیوریج کی کسی پائپ لائن کا قطر ایک فٹ سے کم نہیں ہونا چاہیے۔ اس پروگرام کے تحت شہروں کی اگلے 25 سال تک کی ضروریات مدنظر رکھی جائیں گی۔ ذیشان رفیق نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ پروگرام کی تکمیل سے 110 چھوٹے شہروں کی 65 لاکھ جبکہ 51 بڑے شہروں کی سوا کروڑ آبادی کو فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام شہروں کے ساتھ مجموعی طور پر 6642 گرین ایریاز وقف کئے جائیں گے۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں نے پی ایم ڈی ایف سی کو ہر شہر کی انتظامیہ سے میٹنگ کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع اور تحصیل انتظامیہ کا فیڈ بیک جلد حاصل کر کے پروگرام کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھایا جائے۔

بجلی کی بلا تعطل فراہمی، رمضان المبارک کے دوسرے عشرے کی پہلی سحری میں بجلی کی بندش

کنٹرول روم میں تمام افسران کی موجودگی اور وقتاً فوقتاً بجلی کے نظام کی نگرانی کی جاتی ہے

لاہور (خبر نگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی) کی جانب سے رمضان المبارک کے دوسرے عشرے کی پہلی سحری کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی جاری رہی۔ اس دوران لیسکو کے کنٹرول روم میں تمام افسران کی موجودگی کو یقینی بنایا گیا تاکہ کسی بھی قسم کی بجلی کی بندش یا مسئلہ کی فوری طور پر اصلاح کی جا سکے۔ لیسکو کے ترجمان کے مطابق، رمضان المبارک میں عوام کی سہولت کے لئے سحری اور افطاری کے اوقات میں بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ کنٹرول روم میں تمام افسران کی موجودگی اور وقتاً فوقتاً بجلی کے نظام کی نگرانی کی جاتی ہے تاکہ صارفین کو بہترین سروس فراہم کی جا سکے۔ لیسکو کی ٹیم نے اپنی بھرپور کوششوں سے رمضان کے دوران بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنایا، جس پر صارفین نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ لیسکو نے عوام سے درخواست کی ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے بجلی کے مسائل کی صورت میں فوری طور پر لیسکو کے ہیلپ لائن نمبر 118 پر رابطہ کریں تاکہ مسئلہ فوری طور پر حل کیا جا سکے۔

آئی جی پنجاب کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی سی پی او لاہور، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ، ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ، ڈی آئی جی ایس پی یو، ڈی آئی جی ایڈمن لاہور، اے آئی جی فنانس، اے آئی جی ڈویلپمنٹ اینڈ لاجسٹکس اور ایس پی پی ایچ پی موجود تھے جبکہ ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب، کمانڈنٹس پی سی، سہالہ، آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں جاری ترقیاتی پراجیکٹس میں پیش رفت اور فنڈز کے استعمال کا جائزہ لیا۔ آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز سمیت متعلقہ افسران نے مکمل اور زیر تکمیل منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ سمارٹ پولیس سٹیشنز، سیف سٹیز پراجیکٹس اور پولیس چیک پوسٹوں کے تعمیراتی کاموں میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ہم انسانوں کو جو بھی عنایات اور بھلائیاں ملتی ہیں: وسیم شاہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ہم انسانوں کو جو بھی عنایات اور بھلائیاں ملتی ہیں وہ اللہ تعالی کا فضل وکرم ہے لہذا یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اس کے عطا کردہ رزق سے غریبوں، مسکینوں، لاچار و مجبور، ضرورت مندوں، یتیموں اور بے سہارا لوگوں کی مدد کریں۔ ان خیالات کا اظہار معروف سماجی شخصیت چوہدری فضل قادر تارڑ نے سید وسیم شاہ بخاری کی معاونت سے گورنمنٹ ایم سی پرائمری سکول نمبر 2 شیر پورہ میں مستحق بچوں میں یونیفارم اور جوتے تقسیم کرتے ہوئے کیا۔ رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے۔ اس ماہ میں کار ثواب میں اضافہ ہو جاتا ہے اسلئے نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے اور زیادہ سے زیادہ افراد کی مدد کی جائے مستحق طلبا سب سے زیادہ حقدار ہیں ان کی مدد سے علم کی شمعیں روشن ہونگی۔

P6031
粤A·38WF2
自动驾驶

چین کے شہر گوانگ ژو میں ایک مسافر Pony.ai روبوٹیکسی سے اتر رہا ہے۔ شنہوا

صوبہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس کی مسافر ٹرین کیساتھ دہشتگردی قابل مذمت ہے، ضیاءالدین انصاری

پیکا ایکٹ کے حکومتی فیصلے کے خلاف، جماعت اسلامی صحافی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے

لاہور (سپیشل رپورٹر) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام صحافی بھائیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر تقریب کا انعقاد دفتر جماعت اسلامی لاہور سانده روڈ پر کیا گیا۔ تقریب کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ افطار ڈنر میں پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے نامور صحافیوں حضرات نے شرکت کی۔ افطار ڈنر تقریب کے انتظامات عبدالعزیز عابد اور محمد آصف رشید نے فرائض سرانجام دیئے۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے صحافیوں بھائی کا افطار ڈنر تقریب میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ ضیاء الدین انصاری نے صوبہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس کی مسافر ٹرین کیساتھ دہشتگردی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے نہتے اور معصوم مسافروں پر گولیاں چلانے والے درندوں کو کسی رعایت مستحق نہیں۔ بلوچستان علیحدگی پسند عسکری گروہ کی سرپرستی پاکستان کا ازلی دشمن بھارتی اور ملک دشمن افراد کر رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی لاہور نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان مخالف دہشت گردانہ سرگرمیوں ملوث افراد کو سخت سزائیں دیگر عبرت کا نشان بنائے۔ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کیلئے جماعت اسلامی اپنے سیکورٹی اداروں کیساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے خلاف کی جانے والی سازشیں بے نقاب ہونی چاہییں۔ جماعت اسلامی ملک میں آئین و قانون کی بالادستی اور اسلامی و خوشحال پاکستان کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ کے حکومتی فیصلے کے خلاف جماعت اسلامی صحافیوں بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ حکومت نے پیکا ایکٹ میں ترمیم پر کوئی مشاورت نہیں کی، آزادی صحافت پر حملہ نہیں ہونے دیں گے، سب کو مل کر فیک نیوز کا سد باب کرنا ہوگا۔ صحافیوں کو وقت پر تنخواہیں ملنی چاہئیں۔



آل پاکستان جیوسائنٹسٹ ایسوسی ایشن اور شعبہ ارتھ اینڈ انوائرمینٹل سائنسز کے اشتراک سے مکالمے کا انعقاد

بحریہ یونیورسٹی اور جیوسائنٹسٹ ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کر ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ پر کام کرے گی۔ وفد میں کاروباری رہنما، اسکالرز اور مخیر حضرات شامل تھے

اسلام آباد (شیروز میاں سے) آل پاکستان جیو سائنٹسٹ ایسوسی ایشن اور شعبہ ارتھ اینڈ انوائرمینٹل سائنسز کے اشتراک سے پائیدار ترقی پر ایک بین الاقوامی مکالمے کا انعقاد کیا۔ اس موقع ڈاکٹر شہزاد خالد نے اے پی جی اے کی ایگزیکٹو باڈی کے اراکین کے ساتھ سترہ رکنی امریکی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بحریہ یونیورسٹی اور جیو سائنٹسٹ ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کر ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ پر کام کرے گی۔ وفد میں کاروباری رہنما، اسکالرز اور مخیر حضرات شامل تھے، جنہوں نے فیکلٹی اور طلبہ کے ساتھ ملاقات کی تاکہ موسمیاتی تبدیلی، وسائل کے انتظام، پائیدار صنعتی ترقی، ماحولیاتی استحکام، سائنسی جدت، اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے عالمی شراکت داری کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا مکالمے کا مقصد اے پی جی اے فورم کے ذریعے سیاروی علوم میں تحقیق و ترقی کے ممکنہ مواقع تلاش کرنا ہے تاکہ بحرہ یونیورسٹی کے طلبہ اور اساتذہ کو مختلف مشترکہ تحقیقی منصوبوں میں شمولیت کا موقع دیا جا سکے، جو مکمل طور پر بین الاقوامی اداروں کی مالی معاونت سے چلائے جائیں گے۔ امریکی وفد کی قیادت کرتے ہوئے اسٹیون رونالڈ بری، سی ای او گیوننگ یونیورسٹی امریکہ نے علم کے تبادلے اور بین الاقوامی تعلیمی تعاون کی اہمیت پر زور دیا تاکہ تحقیق اور اختراع کو موسمیاتی مزاحمت اور پائیداری کے شعبے میں فروغ دیا جا سکے۔ اے پی جی اے کے ایگزیکٹو بورڈ ممبر ڈاکٹر وحید رانا، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، ارتھ اینڈ انوائرمینٹل سائنسز ڈاکٹر عمیر اللہ جمیل نے کہا کہ یہ دونوں اداروں کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ اے پی جی اے بحرہ یونیورسٹی کو مالی اور تکنیکی معاونت فراہم کرے گا، جیسے باہمی معاہدے میں طے کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا اے پی جی اے ایک نیم قومی ادارہ ہے جو وزیراعظم آفس کے ساتھ ایک لیٹر آف انٹینٹ کے ذریعے منسلک ہے اور پاکستان کے تمام صوبوں میں اپنی تکنیکی ٹیموں، قومی اور بین الاقوامی مشترکہ منصوبوں کے ذریعے کام کر رہا ہے۔ تقریب کے اختتام پر اے پی جی اے نے بحرہ یونیورسٹی ریسرچ سینٹر کے لیے ڈیڑھ لاکھ روپے کا چیک بھی دیا، جوئینٹل سینٹر آف ایکسیلنس برائے کلائمیٹ، ہیلتھ، الائیڈ آئی آر، سسٹین ایبلٹی اور انرجی وزیراعظم آفس اور آل پاکستان جیوسائنٹسٹس ایسوسی ایشن کا مشترکہ منصوبہ کے تحت ایک جدید تحقیقی مرکز کے قیام کے لیے دیا گیا ہے۔

نیامت ڈکیت گینگ کے 02 ارکان پولیس کے شکنجے میں۔ کل 12 مقدمات ٹریس

IJAZ
DSP
UMAIR
SHO

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی کینٹ اعجاز احمد کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ اروپ سب انسپکٹر زبیر سیال و دیگران پر مشتمل ٹیم نے اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیامت ڈکیت گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے تین لاکھ چالیس ہزار روپے نقدی، چار عدد موٹر سائیکلیں اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ کل 12 مقدمات ٹریس۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں نیامت اور افتخار شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے گوجرانوالہ اور اس کے مضافات میں ڈکیتی کی وارداتیں کی ہیں۔ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی جاری ہے۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں کا مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر معاشرے کا ناسور ہیں ان کا اصل ٹھکانہ جیل ہے۔ ان کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی۔ سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ اروپ سب انسپکٹر زبیر سیال انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

پاک عرب ہاوسنگ سوسائٹی کے رہائشی سوسائٹی میں ہونے والی بدانتظامیوں پر سراپا احتجاج

سوسائٹی میں سیکورٹی کی صورتحال انتہائی مخدوش آئے دن چوریاں اور ڈاکے معمول بن گئے

لاہور (فرید بابر سے) پاک عرب ہاوسنگ سوسائٹی فیروز پور روڈ کے رہائشی سوسائٹی میں ہونے والی بدانتظامیوں پر سراپا احتجاج بن گئے، سوسائٹی میں سیکورٹی کی صورتحال انتہائی مخدوش آئے دن چوریاں اور ڈاکے معمول بن گئے۔ سوسائٹی مالکان کی طرف سے مسلط کی گئی انتظامیہ کروڑوں روپے اکھٹا کرنے کے باوجود سہولیات فراہم کرنے میں بری طرح ناکام، رہائشیوں کا سوسائٹی کو ایل ڈی اے کی تحویل میں دیئے جانے کا مطالبہ ماہانہ چارجز میں یکدم اضافہ بھی نامنظور کر دیا ماہانہ چارجز سہولیات سے مشروط کردیئے۔ تفصیلات کے مطابق فیروز پور روڈ پر واقع پاک عرب سوسائٹی کے رہائشیوں نے گزشتہ روز سوسائٹی انتظامیہ کی طرف سے مکینوں کو عدم سہولیات اور ماہانہ چارجز کے بڑھتے ہوئے ریٹس پر سخت احتجاج کیا پاک عرب کی رضا کار ویلفیئر کے نمائندگان کا کہنا ہے کہ پاک عرب کی انتظامیہ ماہانہ کروڑ روپے ماہانہ چارجز کے نام سے وصول کر رہی ہے۔ حال ہی میں اس میں ظالمانہ اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک عرب سوسائٹی کی حالت اس وقت انتہائی ابتر ہو چکی ہے بجلی سیوریج، سیکورٹی کے مسائل بے تحاشہ بڑھ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوسائٹی کی اکثر سڑکیں تباہ حال ہیں سیکورٹی نا ہونے کی وجہ سے چور دندناتے پھر رہے ہیں روزانہ وارداتیں معمول بن چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک عرب کے رہائشیوں کا مشترکہ مطالبہ ہے کہ اگر انتظامیہ سہولیات فراہم نہیں کرے گی تو ہم ان کا گھیراو کرینگے اور ڈی جی ایل ڈی اے سے بھی ہزاروں مکین مطالبہ کرتے ہیں کہ سوسائٹی کا انتظام ایل ڈی اے کے حوالے کیا جائے تاکہ رہائشی سکھ کا سانس لے سکیں۔

پنجاب کے پرائیویٹ ڈینٹل کالجز میں داخلے: پہلی سلیکشن لسٹ جاری، میرٹ 28.71 فیصد پر بند ہوا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) لاہور نے پنجاب کے 18 نجی ڈینٹل کالجز میں بی ڈی ایس پروگرام کے داخلوں کے لیے پہلی سلیکشن لسٹ جاری کر دی ہے۔ یہ لسٹ مجموعی طور پر 1075 نشستوں کے لیے جاری کی گئی ہے۔ جاری کردہ لسٹ کے مطابق سب سے زیادہ میرٹ شریف ڈینٹل کالج لاہور کا رہا جو 87.6591 فیصد پر بند ہوا، جبکہ سب سے کم میرٹ شاہدہ اسلام ڈینٹل کالج لودھراں میں 71.2894 فیصد رہا۔ دیگر نمایاں اداروں میں وطیم ڈینٹل کالج راولپنڈی (81.9364 فیصد)، ایف ایم ایچ کالج آف ڈینٹسٹری لاہور (79.6799 فیصد)، لاہور میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج لاہور (78.8106 فیصد)، اور اسلام ڈینٹل کالج سیالکوٹ (78.3636 فیصد) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مارگلہ انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز راولپنڈی کا میرٹ 78.3273 فیصد، رہبر کالج آف ڈینٹسٹری لاہور کا 75.8773 فیصد، اختر سعید میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج لاہور کا 74.9636 فیصد، ایویسینا ڈینٹل کالج لاہور کا 73.4409 فیصد، یونیورسٹی کالج آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری لاہور کا 73.4212 فیصد، راشد لطیف ڈینٹل کالج لاہور کا 73.2712 فیصد، عذرا ناہید ڈینٹل کالج لاہور کا 72.8167 فیصد، یونیورسٹی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج فیصل آباد کا 72.5000 فیصد، نیازی ڈینٹل کالج سرگودھا کا 72.3182 فیصد، بختاور امین ڈینٹل کالج ملتان کا 72.0182 فیصد، فریال ڈینٹل کالج شیخوپورہ کا 71.8773 فیصد، اور ملتان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ملتان کا 71.8500 فیصد رہا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق سلیکشن لسٹ یو ایچ ایس کی ویب سائٹ پر جاری کر دی گئی ہے اور منتخب امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 17 مارچ تک متعلقہ کالج میں فیس جمع کرا کے اپنی تحریری جوائننگ یقینی بنائیں۔

ڈی جی واسا پنجاب کا زیر تعمیر ہیڈ آفس کا دورہ، منصوبے کی بروقت تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت

تعمیر میں جدید انجینئرنگ تکنیکوں کا استعمال یقینی بنایا جائے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے: طیب فرید

لاہور (صابر غوری) ڈائریکٹر جنرل واسا پنجاب طیب فرید نے وائس چیئرمین واسا چوہدری شہباز احمد اور ایم ڈی واسا غفران احمد کے ہمراہ جوہر ٹاؤن میں زیر تعمیر واسا ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پراجیکٹ ابوبکر عمران نے منصوبے کی پیشرفت اور تعمیراتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی واسا نے تعمیراتی کاموں کے معیار کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ ادارے کی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعمیر میں جدید انجینئرنگ تکنیکوں کا استعمال یقینی بنایا جائے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ایم ڈی واسا غفران احمد نے اس موقع پر زور دیا کہ ہیڈ آفس کی تعمیر میں توانائی کی بچت اور ماحولیاتی تحفظ کو مدنظر رکھا جائے، جبکہ ایسے اقدامات کیے جائیں جو واسا کے مالی اخراجات کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوں۔ ڈی جی واسا نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ تعمیراتی کاموں کی نگرانی کو مزید سخت کیا جائے اور روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت کی رپورٹ فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ واسا کا نیا ہیڈ آفس عوام کی سہولت کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے لیس ہوگا، جہاں شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے موثر نظام قائم کیا جائے گا۔ وائس چیئرمین واسا چوہدری شہباز احمد نے کہا کہ عوام الناس کی شکایات کا فوری ازالہ واسا کی اولین ترجیح ہے، اور نئے ہیڈ آفس میں ایسا سسٹم متعارف کروایا جائے گا جو عوامی مسائل کے حل میں مددگار ثابت ہو۔ ڈی جی واسا نے ہدایت کی کہ منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ واسا کے انتظامی امور کو مزید موثر بنایا جا سکے۔

مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں سے محروم ہو گئے

ڈاکو راہگیروں اور شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکلیں اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں ایک ہی دن میں ڈکیتی کی چار مختلف وارداتوں میں نامعلوم ڈاکو راہگیروں اور شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکلیں اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈکیتی کی پہلی واردات چک گجراں کے قریب ہوئی جہاں محلہ قذافی پورہ کا رہائشی نوید طاہر ولد محمد شبیر رات آٹھ بجے کے قریب اپنے بھانجے عظیم کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر کیلیے سے واپس حافظ آباد آرہا تھا کہ نلکہ سٹاپ چک گجراں کے قریب دو نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے انہیں روک کر ایک لاکھ دس ہزار روپے نقدی، موٹر سائیکل اور اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا اور فرار ہوگئے۔ دوسری واردات کالیکی کے قریب ہوئی جہاں پر پیزا تقسیم کرنے والے لڑکے کو نامعلوم ملزمان نے تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے موٹر سائیکل چھین لیا اور جاتے ہوئے اس سے 13 ہزار روپے نقدی بھی لوٹ لے گئے۔ تیسری واردات سکھیکی کے علاقہ میں ہوئی جہاں سے نامعلوم ڈاکو شمعون وارث سے موبائل فون اور چالیس ہزار روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ چوتھی واردات جلالپور کے علاقہ نارووال میں ہوئی جہاں پر شاہد سے نامعلوم ملزمان ایک موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ ضلع بھر میں چوری ڈکیتی اور راہزنی کی مذکورہ وارداتوں نے عوام کو پریشان کر کے رکھ دیا اعلی حکام پر سب اچھا کی رپورٹ پہنچائی جاتی ہے زمینی حقائق کچھ اور ہے

جامعہ برکات العلوم میں مرکزی جماعت اہلسنت پنجاب کے زیر اہتمام یوم حضرت خدیجۃ الکبری کے موقع پر منعقدہ سیمینار میں پیر سید ارشد حسین گردیزی، پیر شبیر نظامی، جمیل احمد خان، یٰسین مسعودی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ڈی پی او عاطف نذیر کا تھانہ ونیکے تارڑ میں کھلی کچہری کا انعقاد

ڈی پی او نے اہل علاقہ کی درخواستیں اور شکایات سنیں اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے سفر کو جاری رکھنے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر کا تھانہ ونیکے تارڑ میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نے اہل علاقہ کی درخواستیں اور شکایات سنیں اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد پبلک اور پولیس کے درمیان رابطے کا تسلسل برقرار رکھنا ہے۔ عوام کی درخواستوں اور شکایات سے پولیس کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کی دہلیز پر ہی مسائل کو سننا تاکہ مسائل کی نشاندہی ہو سکے اور ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جاسکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تھانہ کی سطح پر شہریوں کے مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے اور سروس ڈیلیوری، میرٹ اور قانون کی بالا دستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ کھلی کچہری میں آنے والے تمام سائلین کی درخواستوں کو مقررہ وقت میں حل کیا جائیگا۔ ضلع پولیس کا کمپلینٹ سیل مقررہ وقت میں درخواستوں کی پیروی کو یقینی بنا رہا ہے۔ انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ کھلی کچہری میں ڈی ایس پی صدر سرکل رانا جمیل قیصر، ایس ایچ او ونیکے تارڑ، سول سوسائٹی، معززین علاقہ، میڈیا اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

فری ایمبولینس سروس مدینہ ویلفیئر کا بہتر اقدام ہے: حسن وسیم

نیک اعمال اللہ کے ہاں مقبول ہوتے ہیں۔ چیئرمین پنجاب کوآپریٹو یونین

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) پنجاب کوآپریٹو یونین لاہور کے چیئرمین حسن وسیم نے کہا ہے کہ فری ایمبولینس سروس مدینہ ویلفیئر آرگنائزیشن کا احسن اقدام ہے خدمت خلق کو وطیرہ بنانے والے اللہ کی خوشنودی پاتے ہیں مدینہ ویلفیئر آرگنائزیشن کی اور بہت ساری خدمات ہیں جس میں واٹر فلٹر پلانٹس، سلائی سینٹر بنے ہوئے ہیں غریب اور مستحق خاندانوں کو راشن دیا جاتا ہے اور بے شمار خدمات ہیں جو یہ ادارہ کر رہا ہے خدمت خلق کے لیے پیش پیش رہنے والوں کی اللہ تعالیٰ منازل آسان کرے مدینہ ویلفیئر آرگنائزیشن نے فری ایمبولینس سروس کی افتتاحی تقریب کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ مریضوں کے آنے جانے کے لیے ہر وقت سہولت میسر ہوگی اللہ تعالیٰ انہیں توفیق دے کہ اگر آج ایک ایمبولینس اگوکی میں کام کر رہی ہے تو اگلے ایام میں 10 ایمبولنس خدمت میں پیش پیش رہیں ہمارا تعاون ہمیشہ اس ادارے کے ساتھ ساتھ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مدینہ ویلفیئر آرگنائزیشن ماڈل ٹاؤن اگوکی سینٹر میں فری ایمبولینس سروس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔

(ن) لیگ نے ہمیشہ عوام کے حقوق کا تحفظ کیا: چوہدری لیاقت علی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما چوہدری لیاقت علی اتفاق فونڈری والے نے کہا ہے کہ (ن) لیگ نے ہمیشہ عوام کے حقوق کا تحفظ کیا اور آئندہ بھی اس سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ پارٹی قیادت نے عوام کو درپیش مشکلات کے خاتمہ کے لئے اپنے ہر دور اقتدار میں بھرپور کردار ادا کیا اور ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کر کے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا اور ملکی ترقی کے ویژن کو آگے بڑھاتے ہوئے موجودہ حکومت وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے سرگرم عمل ہے۔ا

میونسپل کمیٹی کی ہٹ دھرمی رحمان کالونی کی خراب سٹریٹ لائٹ تاحال چالو نہ ہو سکی

روزہ داروں کو سحری اور افطاری میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کی ہٹ دھرمی رحمان کالونی کی خراب سٹریٹ لائٹ تاحال چالو نہ ہو سکی روزہ داروں کو سحری اور افطاری میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی جھنگ کے چیف آفیسر کی کمزور گرفت کے باعث سرگودھا روڈ پر واقع رحمان کالونی سمیت دیگر بعض محلہ جات کی سٹریٹ لائٹ عرصہ دراز سے خراب پڑی ہیں جس سے محلہ جات کی گلیوں میں اندھیرا چھایا ہوا ہے روزہ داروں کو سحری اور افطاری کے اوقات میں مساجد میں آنے جانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے چوری کی وارداتوں کا سلسلہ بھی شروع ہو سکتا ہے اہلیان علاقہ چیف آفیسر بلدیہ جھنگ کو متعدد بار خراب سٹریٹ لائٹ کی شکایات کر چکے ہیں مگر ان کے کانوں میں جوں تک نہیں رینگی جب اس بارے چیف آفیسر سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ متعلقہ عملہ با اثر ہے کوئی حکم ماننے کو تیار نہیں میں تو یہاں سے ٹرانسفر کروانے کے چکر میں ہوں شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈی سی جھنگ سے مطالبہ کیا ہے کہ رحمان کالونی سمیت دیگر محلہ جات کی خراب سٹریٹ لائٹ کو فوری طور پر چالو کیا جائے

جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کا حملہ ملک کے خلاف گھناؤنی سازش ہے: وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین وٹو

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کا حملہ ملک کے خلاف گھناؤنی سازش ہے۔ وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین وٹو۔ ٹرین میں سوار بے گناہ افراد کے قاتل کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ دہشت گردوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ٹرین کے بے گناہ مسافروں سے خون کی ہولی کھیلنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے گا۔ دہشت گردی کے پیچھے محرکات سامنے لائے جائیں گے۔

رمضان المبارک میں سینکڑوں افراد کیلئے افطاری کا سلسلہ جاری

بابو بھائی کی جانب سے ہر سال مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا جاتا ہے

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) بابو بھائی جدہ والے اور سماجی شخصیت کاشف حمید باجوہ کی جانب سے رمضان المبارک کے مہینہ میں روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں افراد کی افطاری کروانے کا سلسلہ جاری ہے۔ دوسری جانب مستحق گھروں میں راشن بھی تقسیم کیا جا رہا ہے۔ بابو بھائی کی جانب سے ہر سال مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا جاتا ہے۔ عوام کی جانب سے بابو بھائی کی جلد صحتیابی کے لیے ڈھیروں دعائیں۔ تفصیلات کے مطابق معروف سماجی شخصیت بابو بھائی جدہ والے جنہوں نے عوام کی بے لوث خدمت کی روایت برقرار رکھی ہوئی ہے۔ بابو بھائی جدہ والے کی کاشف حمید باجوہ کے توسط سے رمضان المبارک کے مہینہ میں افطاری سب کے لیے کے نام سے افطاری کا سلسلہ جاری ہے جہاں روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں افراد روزہ افطار کرتے ہیں۔ افطاری کا اہتمام کیمبر و نواحی دیہاتوں میں کیا جاتا ہے۔ اسی طرح رمضان المبارک کے موقع پر مستحق گھرانوں میں انکی دہلیز پر راشن بھی پہنچایا جا رہا ہے۔ بابو بھائی جدہ والے اور کاشف حمید باجوہ کی مہنگائی کی چکی میں پستی ہوئی عوام کے لیے بے لوث خدمت کو عوام الناس کی جانب سے بھرپور سراہا جا رہا ہے۔

تین ماہ کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر میاں چنوں کے میونسپل کمیٹی ملازمین کا کام چھوڑ کر احتجاجی دھرنا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) تین ماہ کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر میاں چنوں کے میونسپل کمیٹی ملازمین کا کام چھوڑ کر احتجاجی دھرنا، تنخواہوں کی فراہمی کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی کے ملازمین نے تین ماہ کی تنخواہیں نہ ملنے پر دفتر کے احاطے میں کام چھوڑ کر دھرنا دیتے ہوئے شدید احتجاج کیا، مظاہرین کا کہنا تھا گھروں میں فاقوں کی نوبت آچکی ہے مگر کوئی شنوائی نہیں ہو رہی، میونسپل کمیٹی ملازمین کی طرف سے تنخواہوں کی فراہمی کیلئے شدید نعرے بازی کی، مظاہرین کا مزید کہنا تھا اگر جلد از جلد تنخواہوں کی فراہمی کو ممکن نہیں بنایا گیا تو مکمل کام چھوڑ دیں گے جس سے صفائی کا نظام درہم برہم ہو سکتا ہے

ماہ صیام میں مستحقین کی امداد چھپ کر کیجانا چاہیئے۔عمر خالد

اللہ کے ہاں ریاکاری ناپسندیدہ عمل ہے۔ وائس پریذیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) ماہ صیام ہمیں صبر تحمل و برداشت کا درس دیتا اور بلاشبہ روزہ مسلمانوں کیلئے سال میں ایک خصوصی تربیتی مشق ہے جو بھلائی و انسانیت پروری سکھاتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار وائس پریذیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عمر خالد نے اپنے چیمبر آفس میں سنیئر میڈیا نمائندگان کیساتھ ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ معاشرتی بگاڑ و پولرائزیشن کی بنیادی وجہ مناسب تربیت کا فقدان و عدم برداشت ہے۔ آج ہر ایک دوسرے کی بات مکمل سنے اور سمجھے بغیر فوری ردعمل دینا اور ایک دوسرے کی بات برداشت نہ کرنا ہمارے معاشرے کے بگاڑ کی بنیادی وجہ بن چکا ہے۔ رمضان المبارک ہمیں تحمل بردباری ایثار سکھاتا ہے۔

ماہ رمضان غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کا مشن

4 سویٹس یونٹس کو 1 لاکھ 20 ہزار کے جرمانے عائد، بھاری مقدار میں ممنوعہ اجزاء تلف، ممنوعہ اجزاء برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال / نویدہ بخاری قوت بیورو) ماہ رمضان میں غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کا مشن لیے ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ شہاب پورہ اور حاجی پورہ میں آپریشن کرتے ہوئے 4 سویٹس یونٹس کو 1 لاکھ 20 ہزار کے جرمانے عائد جبکہ بھاری مقدار میں ممنوعہ اجزاء تلف کر دیے۔ جاری تفصیلات میں بتایا گیا کہ ممنوعہ اجزاء برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی، سٹوریج ایریا میں حشرات کی بھرمار، بدبودار ماحول پایا گیا، واشنگ ایریا میں فنگس لگی پائی گئی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ انتہائی لازم ریکارڈ عدم موجود، تیار اشیاء کھلی موجود پائی گئیں، اشیاء کی تیاری میں حفظان صحت کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزیاں پائی گئیں، تلف کیے گئے اجزاء میں نان ٹریس ایبل کھلے رنگ، ممنوعہ امونیا اور رنگ کاٹ شامل ہیں، غیر معیاری ناقص و ممنوعہ اشیاء کا استعمال متعدد موذی بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے، افسران اور فوڈ سیفٹی ٹیمیں 3 شفٹوں میں 24 گھنٹے فیلڈ میں موجود رہیں گی، سحر و افطار میں فوڈ پوائنٹس کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملاوٹ اور جعلسازی کا مکروہ دھندہ کرنے والوں کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، زیادہ منافع کی لالچ میں صحت دشمنی کرنے والے ملک وقوم کے دشمن ہیں، عوام کی صحت کیساتھ کھلواڑ کرنے والوں کو پنجاب بھر سے نکال بھگائیں گے۔

شہریوں کی شکایات کے ازالہ کیلئے میرے آفس کے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں

نادرا آفس شیخوپورہ شہریوں کے کوائف کی تکمیل کی خاطر ہر ممکن کردار ادا کر رہا ہے: احمد عمران گجر

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) نادرا آفس شیخوپورہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر احمد عمران گجر نے کہا ہے کہ شہریوں کی شکایات کے ازالہ کیلئے میرے آفس کے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں ہم عوامی خدمت کیلئے برسر پیکار ہیں اور شہریوں کو شناختی کارڈز کے اجراء کیلئے کوئی مشکل درپیش نہیں آنے دی جائے گی نادرا آفس شیخوپورہ شہریوں کے کوائف کی تکمیل کی خاطر ہر ممکن کردار ادا کر رہا ہے یہی وجہ ہے کہ روزانہ سینکڑوں افراد محکمانہ خدمات سے مستفید ہو رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا احمد عمران گجر نے کہا کہ نادرا کے تمام امور ڈیجیٹلائز ہیں اور کوائف کی چھان بین کی خاطر عملہ نے ہمیشہ مستعدی کا مظاہرہ کیا ہے کسی معاملہ میں جان بوجھ کر کبھی کوئی تاخیر نہیں کی گئی ہماری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ شہریوں کو نادرا آفس کے امور کے حوالے سے کسی مشکل کا سامنا کرنا نہ پڑے، انہوں نے کہا کہ غیر معمولی رش کے ایام میں بھی عملہ نے نہایت ذمہ دارانہ کردار ادا کرتے ہوئے شہریوں کو ہمہ وقت محکمانہ سروسز سے مستفید کیا ہے اور معمر و معذور افراد اور خواتین کو انتظار کی مشکلات سے بچانے کیلئے اولین ترجیح کے طور پر کوائف کی تکمیل کی سہولت دی ہے۔

جیل کا انتظام و انصرام مربوط اور تمام تر امور کو فعال بنایا گیا ہے: اظہر جاوید چیمہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ کے سپرنٹنڈنٹ اظہر جاوید چیمہ نے کہا ہے کہ جیل کا انتظام و انصرام مربوط اور تمام تر امور کو فعال بنا یا گیا ہے عملہ مستعدی سے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہا ہے روزانہ کی بنیاد پر روزانہ خود جیل کے مختلف حصوں کا وزٹ کر رہا ہوں کھانے کی فراہمی، علاج معالجہ کی سہولیات اور صفائی ستھرائی کے حوالے سے تمام کاموں کا جائزہ لینا میرا معمول ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، سپرنٹنڈنٹ جیل اظہر جاوید چیمہ نے کہا کہ جیل سکیورٹی فول پروف ہے ملاقات کے عمل کو سہل بنایا گیا ہے قیدیوں اور حوالاتیوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔

فیصل آباد: الائیڈ ہسپتال 2 کے ایکسرے ڈیپارٹمنٹ میں بدنظمی، مریض خوار ہونے لگے

عملے کی لاپرواہی اور ناقص سروسز نے مریضوں کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے، شہریوں کی دہائی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد کے معروف طبی مرکز الائیڈ ہسپتال 2 میں ایکسرے ڈیپارٹمنٹ کی بدانتظامی، عملے کی لاپرواہی اور ناقص سروسز نے مریضوں کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔ ایکسرے مشین کی بار بار خرابی اور عملے کے غیر اخلاقی رویے کی وجہ سے مریضوں کو گھنٹوں خوار ہونا پڑ رہا ہے جبکہ اسپتال انتظامیہ کی خاموشی نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ متاثرہ مریضوں اور ان کے لواحقین کا کہنا ہے کہ اسپتال کا ایکسرے ڈیپارٹمنٹ بدنظمی کا شکار ہے، جہاں طبی سہولیات کے بجائے بدتمیزی اور بے حسی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تنویر نامی اہلکار کے رویے کی شکایات بڑھتی جا رہی ہیں، جو مریضوں کے ساتھ سخت اور غیر مہذب لہجے میں گفتگو کرتا ہے۔ لواحقین کا کہنا ہے کہ اسپتال عملہ تعاون کے بجائے انہیں نظر انداز کرتا ہے، اور شکایات سننے کے بجائے مزید پریشان کرتا ہے۔ اسپتال میں ایکسرے مشینوں کی خرابی معمول بن چکی ہے، جس کی وجہ سے مریضوں کو گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا ہے، بعض اوقات انہیں دوسرے اسپتالوں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ ایسے حالات میں غریب اور دور دراز سے آئے مریض شدید پریشانی کا شکار ہو رہے ہیں۔ شہریوں اور مریضوں کے لواحقین نے سیکرٹری ہیلتھ اور ایم ایس الائیڈ ہسپتال سے فوری نوٹس لینے اور محکمانہ تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر فوری طور پر انتظامی اصلاحات نہ کی گئیں تو مریضوں کے لیے مزید سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ ایک متاثرہ مریض کے لواحقین کا کہنا تھا کہ ''یہ ایک سرکاری اسپتال ہے، یہاں پر سہولتیں فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، لیکن اگر حالات ایسے ہی رہے تو مریض کہاں جائیں؟'' الائیڈ ہسپتال 2، جو فیصل آباد کے بڑے طبی مراکز میں شمار ہوتا ہے، اس وقت شدید انتظامی غفلت کا شکار ہے اور حکومت کی جانب سے خصوصی توجہ کا متقاضی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کو فوری طور پر ایکشن لینا چاہیے اور اسپتال کی بہتری کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اصلاحاتی اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ حالات کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے اسپتال انتظامیہ اور متعلقہ حکام کو فوری طور پر صورتحال کی بہتری کے لیے اقدامات کرنا ہوں گے، تاکہ مریضوں کو درپیش مشکلات کم ہو سکیں اور اسپتال میں معیاری طبی سہولتوں کی بحالی ممکن ہو سکے۔

ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ملک نوید، اے۔ڈی۔سی ریونیو، سکیورٹی بٹالین سمیت متعلقہ محکموں کے افسران کی شرکت

شکر گڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ملک نوید، اے۔ڈی۔سی ریونیو، سکیورٹی بٹالین سمیت متعلقہ محکموں کے افسران کی شرکت۔ ضلع نارووال کی حدود میں قائم کردہ دینی مدارس کی تعداد اور انکی رجسٹریشن کا پراسس، ضلع نارووال کے شہری اور دیہی علاقوں میں قائم مدارس کی رجسٹریشن کے عمل کو جلد از جلد مکمل کرنے بارے متعلقہ اتھارٹی کو ہدایات صادر کی گئیں، علاوہ ازیں ضلع نارووال کی مین شاہراہوں اور گزرگاہوں پر پنجاب ہائی ویز پٹرولنگ اور ٹریفک پولیس کی جانب سے سفر کو محفوظ اور آسان بنانے کیلئے، بغیر لائسنس اور ہیلمٹ کے بغیر ڈرائیو کرنے اور اوور لوڈنگ کرنے سمیت روڈ کرائم کو کنٹرول کرنے کی بابت کیے جانے والے اقدامات بارے فورم کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بعد ازاں ایس۔ای۔واپڈا نارووال نے گذشتہ ماہ کے دوران بجلی کے بلوں کی مد میں کی جانے والی ریکوری اور بجلی چوری کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کی تفصیل بارے فورم کو آگاہ کیا۔ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عاصم ریاض واہلہ نے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع نارووال میں کام کرنے والے کل 190 پٹرول پمپس میں 151 پٹرول پمپ لیگل اور 39 پٹرول پمپ غیر قانونی طور پر کام کر رہے ہیں اور ان غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کی جانے والی کارروائیوں بارے فورم کو آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر انسداد تجاوزات آپریشن کے دوران نارووال کی تمام تحصیلوں میں غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کے خلاف کیے جانے والے گرینڈ آپریشن کے دوران، گرائی جانے والی پکی تجاوزات، مین بازاروں کی اطراف بنائے جانے والے تھڑوں اور چبوتروں کو گرانے کی بابت کی جانے والی کارروائیوں اور جرمانوں کے حوالے سے بھی بات کی گئی۔ ضلع نارووال کی حدود میں رہائش پذیر اور نارووال سے نقل مکانی کرنے والے افغان شہریوں بارے بھی بات کی گئی۔ سیل اور ودہولڈنگ ٹیکسز بارے بات کرتے ہوئے ایف۔ بی۔ آر نارووال کے انچارج کی جانب سے ریٹیلرز سمیت مختلف کاروباری مراکز پر لگائے جانے والے سیل ٹیکس اور ٹیکسز کی ریکوری بارے بریفنگ دی۔ بعد ازاں پر ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے نارووال میں گاڑیوں کی رجسٹریشن اور پروپرٹی ٹیکس بارے بریف کیا گیا۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نارووال کا کہنا تھا کہ ضلعی سطح پر منعقد کی جانے والی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کا مقصد تمام تر محکموں کو ایک ٹیم کے طور پر کام کرنے اور ایک دوسرے سے ملکر تفویض کردہ ٹاسکوں کو مکمل کیا جا سکے تاکہ عوام الناس کو تمام تر شعبہ ہائے زندگی میں ریلیف مہیا کیا جا سکے اور ضلعی سطح پر ہر شعبے میں غیر قانونی طور پر کام کرنے والے لوگوں کے خلاف قانونی کارروائیاں بروقت عمل میں لائی جا سکیں۔

جعفر ایکسپریس واقعے پر محسن نقوی استعفیٰ دیں: عامر فاروق باجوہ

واقعہ وزارت داخلہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے: پی ٹی آئی رہنما

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جعفر ایکسپریس واقعے پر محسن نقوی کو مستعفی ہو جانا چاہیے دہشتگردوں کو ایک ایس ایچ او کی مار کہنے والے بتائیں پوری ٹرین کو کیسے یرغمال بنالیا گیا ہے پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف بہت سی قربانیاں دی ہیں ملک دوبارہ اس کا متحمل نہیں ہو سکتا اداروں کو جنگ میں دھکیل دیا گیا ہے جو اچھا شگون نہیں ہے ادارے اپنی حدود میں رہ کر آزادانہ کام کریں تو بہتر ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کیا محسن نقوی کا زور صرف پی ٹی آئی کے نہتے کارکنوں اور خواتین پر ہی چلتا ہے جی حضوری میں اتنا بھی نہیں گزر جانا چاہیے کہ ہوش نہ رہے جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کا حملہ انتہائی قابل مذمت ہے اس شرمناک واقعے پر محسن نقوی کو وزارت داخلہ سے فوری استعفیٰ دے دینا چاہیے۔

ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند نے شعبہ اسٹیٹ مینجمنٹ ون کے دائرہ کار اور ورکنگ کا جائزہ

ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون جنید حسن منج نے انہیں شعبے کی ذمہ داریوں و اختیارات کے بارے میں بریفنگ دی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند نے شعبہ اسٹیٹ مینجمنٹ ون کے دائرہ کار اور ورکنگ کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون جنید حسن منج نے انہیں شعبے کی ذمہ داریوں و اختیارات کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ میاں اسد مجید، سیدہ رابعہ مبشرہ، ڈپٹی ڈائریکٹر کچی آبادی افضال انصاری، پراپرٹی ٹرانسفر آفیسر عابد اشرف بٹ، اسٹیٹ آفیسر فاران صدیق و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ شعبہ اسٹیٹ مینجمنٹ ون کے دائرہ کار میں ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں و کمرشل مارکیٹس کی جائیدادوں کے ریکارڈ، ان کی ٹرانسفر اور جائیدادوں کے بارے میں عدالتی ڈگریوں کی تعمیل، سمیت تجاوزات، غیر قانونی کمرشلائزیشن کے خلاف کارروائی، کچی آبادیوں کے امور، اونر شپ سرٹیفکیٹس و دیگر نوعیت کے این او سی کا اجراء شامل ہے۔

سہولیات اور ریلیف کے لیے رمضان بازار میں شہریوں کی ایک بڑی تعداد خریداری میں مصروف ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر عوام کی سہولیات اور ریلیف کے لیے لگائے جانے والے رمضان سہولت بازار میں شہریوں کی ایک بڑی تعداد خریداری میں مصروف ہے۔ رمضان سہولت بازار میں خریداروں کے رش سے ثابت ہوتا ہے کہ عوام کو یہاں سستی اور معیاری اشیاء دستیاب ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ رمضان سہولت بازار میں آٹا، چینی، گھی سبزیاں، پھل، کریانہ سمیت دیگر اشیاء عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں دستیاب ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ رمضان سہولت بازار کے تمام سٹالز پر اشیائے خورد و نوش کی وافر دستیابی ہمہ وقت موجود رہے تاکہ خریداری کے لیے آنے والے شہریوں کو سستی اشیاء کی خریداری میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکینڈری) ڈاکٹر صائمہ ناہید کے ضلع بھر کے امتحانی مراکز میں سرپرائز وزٹ جاری

بوٹی مافیا کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے نقل کی روک تھام کے لیئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکینڈری) ڈاکٹر صائمہ ناہید کے ضلع بھر کے امتحانی مراکز میں سرپرائز وزٹ جاری۔ بوٹی مافیا کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے نقل کی روک تھام کے لیئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر صائمہ ناہید نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور سیکرٹری تعلیم کی ہدایت کے مطابق ضلع بھر کے امتحانی مراکز میں سرپرائز وزٹ جاری ہیں بوٹی مافیا کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ سرپرائز وزٹ کا مقصد میٹرک کے امتحانات کو صاف شفاف منعقد کروانا ہے اگر کسی بھی سینٹر میں بھی بدنظمی پائی گئی فوری طور پر عملہ معطل کیا جائے گا اور محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ننکانہ صاحب سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیئے جدید سہولیات فراہم کرنے کے لیئے کوشاں ہیں تا کہ طلباء وطالبات کو معیاری سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے مزید کہا ہمارا عزم ہے کوئی بچہ احساس کمتری کا شکار نہ ہو انہیں تمام تر سہولیات سرکاری سکولوں میں فراہم کی جائیں اور آگے بڑھنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیئے جائیں۔

ڈی پی او ڈیوٹی پر مامور ٹریفک وارڈنز کے ساتھ افطار کرنے گوجرہ روڈ پر پہنچ گئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) رمضان المبارک، فرض شناسی اور خدمت ساتھ ساتھ۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی ڈیوٹی پر مامور ٹریفک وارڈنز کے ساتھ افطار کرنے گوجرہ روڈ پر پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں شہریوں کی خدمت اور جرائم کے خاتمے کیلئے جھنگ پولیس شہر بھر میں فرائض سر انجام دے رہی ہے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی ڈیوٹی پر مامور ٹریفک وارڈنز کے ساتھ افطار کرنے گوجرہ روڈ پر پہنچ گئے ڈی پی او نے ٹریفک سٹاف کیساتھ افطار کرتے ہوئے انکے عزم کو سراہا اور مزید متحرک رہنے کی ہدایت بھی کی۔ افطاری کے موقع پر ڈی پی او نے راہ گیر مسافروں میں افطار باکس بھی تقسیم کئے جس پر شہریوں کی طرف سے یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ سحر و افطار کے اوقات کار میں ہزاروں پولیس کے جوان اور ٹریفک وارڈنز شہریوں کی حفاظت، روزے داروں کی سہولت اور سلامتی کیلئے سڑکوں پر موجود رہتے ہیں۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ شہر کے امن و امان کیلئے پولیس ہمہ وقت کوشاں ہے

بار ایسوسی ایشن کا ممبر پنجاب بار کونسل میاں شوکت علی کچھی کی مکمل حمایت کا اعلان

میاں شوکت علی کچھی پاکپتن بار سے امیدوار برائے پنجاب بار کونسل کے کامیاب امیدوار ہیں



عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) پاکپتن بار کی طرف سے امیدوار برائے ممبر پنجاب بار کونسل شوکت علی کچھی کو الیکشن 2025 سے 2030 تک کا ممبر پنجاب بار کونسل منتخب کرانے کے لئے تحصیل عارفوالہ بار ایسوسی ایشن نے بھی متفقہ فیصلہ کرتے ہوئے امیدوار برائے ممبر پنجاب بار کونسل میاں شوکت علی کچھی کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا جبکہ شوکت علی کچھی کی آمد پر عارفوالہ بار کونسل کے مسعود احمد کچھی، خالد خاں موہل، میاں اعجاز وٹو، میاں شاہد حسین موہل، سید سردار حسین شاہ، چوہدری غضنفر حسین تارڑ، سردار شیر بہادر ڈوگر سمیت عارفوالہ بار کے تمام سینئر وکلاء نے خوش آمدید کہا اور انکی سپورٹ کا اعلان کیا عارفوالہ بار کی تمام وکلاء برادری کا کہنا تھا کہ میاں شوکت علی کچھی پاکپتن بار سے امیدوار برائے پنجاب بار کونسل کے کامیاب امیدوار ہیں اور ہم ان کے شانہ بشانہ ہیں اللہ پاک ان کو کامیابیوں سے ہمکنار کرے اس موقع پر مسعود احمد کچھی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کالے کوٹ کی عزت و تکریم پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا وکلاء کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا وکلاء برادری کے حقوق کا حصول، مسائل کا حل اور لوگوں کو فوری انصاف کی فراہمی ہمارا مشن ہے جسے تکمیل تک پہنچانے کے لئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کی بہتری سے عوام کی زندگیوں میں آسانی پیدا ہوگی

میری سیاست کا دارومدار ہی عوامی زندگی کو پر آسائش بنانا ہے: چوہدری احسن رضا خاں



چونیاں (تحصیل رپورٹر) تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کی بہتری سے عوام کی زندگیوں میں آسانی پیدا ہوگی چوہدری احسن رضا خاں ایم پی اے۔ میری سیاست کا دارومدار ہی عوامی زندگی کو پر آسائش بنانا ہے ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری احسن رضا کی صحافیوں سے گفتگو تعلیم، صحت اور روڈز بحالی جیسے منصوبوں سے عوام کی زندگی میں سہولیات لانا میری ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری احسن رضا نے الہ آباد میں سنیئر صحافیوں علی رضا خاں، نصر خیالی، اشفاق ندیم، طاہر رضا انصاری، محسن چوہدری، میاں عبداللہ منظور، ڈاکٹر ظفر اقبال، جہانزیب قمر، جمیل خاں و دیگر سے گفتگو میں کیا ان کا کہنا تھا کہ الہ آباد سمیت میرے حلقے میں تعلیمی اداروں، صحت کی سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر کیا جا رہا ہے جس کی مثال الہ آباد میں ڈی پی ایس سکول کا افتتاح جبکہ الہ آباد و کنگن پور میں رورل ہیلتھ سنٹرز کی اپ گریڈیشن اور چونیاں سے کنگن پور روڈ کی بحالی جیسے منصوبے شامل ہیں ان کا مزید کہنا تھا کہ نئے اسکولز اور کالجز کی تعمیر، موجودہ اداروں کی تزئین و آرائش اسپتالوں میں جدید سہولیات کی فراہمی، شامل ہیں۔

مہنگائی مافیا کے خلاف میگا کریک ڈاؤن کے اعداد و شمار جاری

کمشنر مریم خان نے ڈویژن کے چاروں اضلاع کی انتظامیہ کو ناجائز منافع خوروں کے خلاف فری ہینڈ دے دیا ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈویژنل انتظامیہ فیصل آباد نے ماہ رمضان کے پہلے عشرے کے دوران مہنگائی مافیا کے خلاف میگا کریک ڈاؤن کے اعداد و شمار جاری کر دیئے کمشنر مریم خان نے ڈویژن کے چاروں اضلاع کی انتظامیہ کو ناجائز منافع خوروں کے خلاف فری ہینڈ دے دیا ہے۔ ڈویژنل انتظامیہ کی طرف سے جاری رپورٹ کے مطابق ماہ رمضان کے پہلے عشرہ کے دوران 3 ہزار 167 گرانفروش دکاندار گرفتار کر کے 32 پر مقدمات درج کرائے گئے۔ اشیاء خورد و نوش کی ذخیرہ اندوزی، وارننگ کے باوجود دوبارہ بلند نرخ آنے پر 2 ہزار 890 دکانیں سربمہر کر دی گئیں فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اشیاء خورد و نوش کے زائد نرخ کی وصولی کے 23 ہزار 849 واقعات رپورٹ ہوئے جس پر گرانفروش تاجروں کو دس دنوں کے دوران 47 لاکھ 48 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

مربوط اقدامات کے باعث سائلین ہر طرح کی دشواری سے آزاد ہیں: گل آصف

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس شیخوپورہ گل آصف نے کہا ہے کہ شہریوں کے پاسپورٹس کی تکمیل کی خاطر اٹھائے گئے مربوط اقدامات کے باعث سائلین ہر طرح کی دشواری سے آزاد ہیں پاسپورٹ آفس آنے والوں کو تمام تر بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے عملہ مستعدی سے امور ذمہ داری انجام دے رہا ہے اور روزانہ سینکڑوں شہری اپنے کوائف کی تکمیل اور پاسپورٹ کے حصول کے حوالے سے مستفید ہو رہے ہیں۔

پنجاب فوڈ کی نااہلی کی وجہ سے گرمی کی آمد کے ساتھ ہی کیمبر قادر آباد میں غیر معیاری قلفیوں کی بھرمار

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پنجاب فوڈ کی نااہلی کی وجہ سے گرمی کی آمد کے ساتھ ہی کیمبر قادر آباد میں غیر معیاری قلفیوں کی بھرمار جس کی وجہ سے بچے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پنجاب فوڈ ساہیوال کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے کیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں گرمی کی آمد کے ساتھ ہی غیر معیاری قلفیوں کی بھرمار غیر معیاری میٹریل سے تیار ہونے والی قلفیوں سے بچے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے پنجاب فوڈ ساہیوال کے افسران رسم دنیا نبھا کر خاموشی کی چادر اوڑھ کے فوٹو سیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے ناقص میٹریل سے قلفیاں تیار کرنے والے مالکان کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں۔

محمد طارق کو حوالدار سے اے ایس آئی بننے پر حاجی عابد حسین کی مبارکباد

وعدہ کرتا ہوں کہ میں پہلے سے بڑھ کر مجھے دی گئی ذمہ داری کو نبھاؤں گا

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) میں اپنی اور اپنے تمام دوستوں کی طرف سے جناب محمد طارق کو حوالدار سے اے ایس آئی بننے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں حاجی عابد حسین ناگی تفصیلات کے مطابق حال ہی میں حوالدار سے اے ایس آئی کے عہدے پر ترقی پانے والے محمد طارق کو مبارکبادوں کی لائنیں لگ گئی ہر جاننے والے پیار اور خلوص رکھنے والے دوستوں احباب نے ان کے لیے نیک تمناؤں کے ساتھ مبارکباد بھی دی وہیں پر حاجی عابد حسین ناگی اور ان کے دیگر دوستوں جن میں حاجی رستم علی محمد آصف علی، ارسلان آصف، حسنین آصف، تیمور طارق، تنویر طارق، صدر سٹی پریس کلب چھانگا مانگا ملک شریف ارشد، جنرل سیکرٹری رانا افضل رسول اور میاں شفیق احمد نے ان کے گھر جا کر ان کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے گلے ملے اور مبارکباد پیش کی محمد طارق نے کہا کہ میں آپ تمام دوستوں کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اتنی عزت دی اور نیک جذبات کا اظہار کیا میں آپ لوگوں سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں پہلے سے بڑھ کر مجھے دی گئی ذمہ داری کو نبھاؤں گا میرے اداروں نے مجھ پر جو اعتماد کیا ہے اس پر پورا اترنے کی پوری کوشش کروں گا۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کے افسران کے رمضان سہولت بازاروں کے دورے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے رمضان سہولت بازاروں میں عوامی ریلیف کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کے افسران کے رمضان سہولت بازاروں کے دورے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے رمضان سہولت بازاروں میں عوامی ریلیف کا جائزہ لیا، انہوں نے رمضان سہولت بازاروں میں اشیائے خورونوش کے ریٹس کوالٹی اور وزن کی چیکنگ کیا اور خریداروں سے تاثرات دریافت کیے، انہوں نے ریسکیو اور محکمہ ہیلتھ کے لگائے گئے کیمپس میں طبی سہولیات کا بھی جائزہ لیا، ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ عوام کو مارکیٹ ریٹ سے سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام رمضان سہولت بازاروں میں بہترین انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ عوام الناس ان سے فائدہ اٹھا کر ماہ مقدسہ کی برکتوں سے فیض حاصل کریں۔

اے ڈی سی جی و AC سیالکوٹ کا گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ ایوب بخاری اور اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر نے مشترکہ آپریشن کرتے ہوئے رمضان المبارک کے دوران گرانفروشی کے مرتکب چکن، گوشت فروشوں و کریانہ مرچنٹس و بڑے گروسری سٹورز کو دوران چیکنگ سرکاری ریٹ لسٹ کے برعکس گرانفروشی میں ملوث دوکانداروں و گروسری سٹورز کو مجموعی طور پر لاکھوں روپے کے جرمانے کیے اور مقدمات کے اندراج کیے۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر نے میڈیا سے گفتگو کے دوران بتاؤ کہ گرانفروشوں کیخلاف کاروائیوں کے دوران دوکانیں و سٹورز سیل کیے اس دوران کار سرکار میں مداخلت کے مرتکب دوکانداروں کی گرفتاریاں بھی عمل میں آئیں۔

بیداری و جی آئی زیڈ کے تعاون سے نجی یونیورسٹی میں ریکروٹمنٹ ڈرائیو کا انعقاد ہوا

اس تقریب میں سینکڑوں خواتین نے شرکت کی اور سیالکوٹ کی معروف صنعتوں کے نمائندوں کے سامنے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) بیداری کی تنظیم نے جرمن تعاون کی ادارہ جی آئی زیڈ (GIZ) کے تعاون سے سیالکوٹ کی نجی یونیورسٹی میں ایک کامیاب ریکروٹمنٹ ڈرائیو کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں سینکڑوں خواتین نے شرکت کی اور سیالکوٹ کی معروف صنعتوں کے نمائندوں کے سامنے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر سیالکوٹ کی ممتاز کمپنیوں بشمول بگل، انور خواجہ، باکس رنگ، ڈیکلیب، ویژن ٹیکنالوجی، ڈیڈن سپورٹس اور کگر سپورٹس کے نمائندوں نے خواتین کارکنوں کے انٹرویوز لیے اور انہیں مختلف شعبوں میں ملازمت کے مواقع فراہم کیے۔ بیداری کے ترجمان آصف رضا نے کہا کہ اس ڈرائیو کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانا اور انہیں معاشی طور پر خود مختار بنانے کے لیے مواقع فراہم کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی شرکت اور صنعتی نمائندوں کی دلچسپی نے اس پروگرام کو ایک بڑی کامیابی بنایا ہے۔ جی آئی زیڈ کے نمائندے نے بھی اس تعاون پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ خواتین کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا معاشرتی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے سیالکوٹ کی صنعتوں کے تعاون کو سراہا اور کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے نہ صرف خواتین کو فائدہ ہوگا بلکہ معیشت کو بھی تقویت ملے گی۔ یونیورسٹی آف سیالکوٹ کے انتظامیہ نے بھی اس پروگرام کی میزبانی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ ایسے اقدامات نوجوانوں کو عملی میدان میں قدم رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ تقریب کے شرکاء نے بیداری اور جی آئی زیڈ کے تعاون کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایسے پروگراموں کا انعقاد جاری رہے گا۔

جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کا حملہ قابل مذمت ہے: یوسف کاظمی

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پاک فوج اور اداروں کے ساتھ ہیں: امیدوار ایم پی اے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کا حملہ قابل مذمت ہے پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں ہمارے جوانوں نے جانوں کا نذرانہ دے کر وطن عزیز کو دہشتگردی سے محفوظ بنایا جو مسافر ابھی تک دہشتگردوں کی تحویل میں ہیں ان کیلئے دعا گو ہیں کہ اللہ کریم انہیں محفوظ رکھے اور جو اس المناک واقعے میں شہید ہو چکے ہیں ان کے اہلخانہ سے اظہار افسوس ہے ان خیالات کا اظہار امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 136 ڈاکٹر یوسف کاظمی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ نئی دہشتگرد تنظیموں کا قلع قمع کرنا بھی ضروری ہے ہم قیام امن اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پاک فوج اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ ہیں جس طرح پہلے دہشتگردی کا خاتمہ یقینی بنایا گیا اس بار بھی اپنے جوانوں سے مل کر دہشتگردی کو شکست دیں گے۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پنجاب پولیس کی دہشت گردوں کیخلاف قابلِ ستائش کارروائی

پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کا سلسلہ ایک بار پھر بڑھتا دکھائی دے رہا ہے اور اس حوالے سے افغانستان سے دراندازی کرنے والے دہشت گردوں کی کارروائیاں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ پاکستان کی طرف سے افغانستان میں قائم طالبان کی عبوری حکومت کو بار ہا احساس دلانے کی کوشش کی جا چکی ہے کہ ان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے لیکن یہ ایک افسوس ناک بات ہے کہ طالبان حکومت کی جانب سے اس سلسلے میں محض زبانی جمع خرچ کے سوا کوئی ٹھوس اقدام نہیں کیا گیا۔ اس صورتحال کو سامنے رکھ کر اب پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی میں ملوث عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کر رہے ہیں تاکہ فساد پھیلانے والوں کو کیفرِ کردار تک پہنچا کر لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اسی حوالے سے پنجاب پولیس نے ایک جرات مندانہ کارروائی کرتے ہوئے خیبر پختونخوا سرحد پر خوارج دہشت گردوں کا ایک اور حملہ پسپا کر دیا ہے۔ سرحدی چوکی لکھانی پر ناکام بنایا جانے والا دہشت گردوں کا حملہ رواں ہفتے کے دوران اس نوعیت کی تیسری بڑی کارروائی تھی جبکہ چوبیس گھنٹے کے دوران اس قسم کے دو واقعات پیش آئے۔ اطلاعات کے مطابق، پنجاب پولیس کی لکھانی چوکی پر ہونے والے حملے میں ملوث دہشت گردوں کی تعداد 20 سے 25 تھی جو بھاری اسلحے سے لیس تھے۔ دہشت گردوں نے راکٹ لانچرز اور دیگر جدید اسلحے کے ساتھ لکھانی چوکی پر حملہ کیا۔ پولیس کی جانب سے تھرمل امیج کیمروں سے دہشت گردوں کی بروقت نشاندہی کی گئی اور جوابی کارروائی سے دہشت گرد پسپائی اختیار کر گئے۔ جوابی کارروائی میں دہشت گردوں کو بھاری جانی نقصان پہنچنے کی اطلاعات ہیں۔ دہشت گردی کی صورتحال اور تخریب کار عناصر کی کارروائیوں کے تناظر میں پنجاب بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے۔ پنجاب پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ 24 گھنٹوں میں پنجاب بھر میں 436 سرچ اینڈ سویپ آپریشن اور 8 مشقیں کی گئیں۔ آپریشنز میں سنگین جرائم میں ملوث 38 اشتہاری مجرم اور 123 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے جن سے 2 کلاشنکوف، 12 بندوقیں، 20 ہینڈ گنز اور سیکڑوں گولیاں برآمد کی گئیں۔ ملزموں سے 43 کلوگرام چرس، 2 کلو ہیروئن اور 560 گرام آئس بھی برآمد ہوئی۔ دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے مشقیں بھی جاری ہیں۔ ان مشقوں میں پنجاب پولیس، محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی)، سپیشل برانچ، ایلیٹ فورس اور ریسکیو 1122 نے بھی شرکت کی۔ ادھر، سپین میں پولیس نے ایک بڑے آپریشن کے دوران 10 پاکستانی شہریوں کو دہشت گردی کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے۔ حکام کے مطابق، یہ گروہ شدت پسندی کو ہوا دینے اور تشدد پر اکسانے میں ملوث تھا۔ اس حوالے سے سامنے آنے والی تفصیلات سے پتا چلتا ہے کہ یہ گرفتاریاں موسوس ڈی سکوادرا (کاتالونیا پولیس)، سپینش نیشنل پولیس اور اطالوی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ کارروائی کے نتیجے میں ہوئیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ گروہ ایک انتہا پسند تنظیم سے منسلک تھا جو خفیہ میسجنگ ایپس کے ذریعے شدت پسندی کو فروغ دے رہا تھا۔ اس نیٹ ورک کے بعض ارکان نے یورپ میں ممکنہ حملوں کے لیے اہداف کی نشاندہی بھی شروع کر دی تھی۔ تحقیقات میں مزید انکشاف ہوا ہے کہ ایک علیحدہ آن لائن گروپ، جو گرفتار خواتین میں سے ایک کی قیادت میں کام کر رہا تھا، شدت پسندانہ مواد پھیلانے اور ممکنہ حملوں کے لیے اہداف منتخب کرنے میں ملوث تھا۔ گرفتار کیے گئے 10 افراد کو 6 مارچ کو سپین کی سینٹرل انویسٹی گیشن کورٹ نمبر 6 میں پیش کیا گیا، جہاں ان پر دہشت گردی کی مالی معاونت، شدت پسندوں کی بھرتی اور انتہا پسندی کی حمایت جیسے الزامات عائد کیے گئے۔ عدالت نے چار افراد کو حراست میں رکھنے کا حکم دیا جبکہ دیگر افراد زیرِ تفتیش رہیں گے۔ سپین کی پولیس نے واضح کیا ہے کہ تاحال اس نیٹ ورک کا کسی بین الاقوامی شدت پسند تنظیم سے کوئی براہِ راست تعلق ثابت نہیں ہوا لیکن تحقیقات جاری ہیں۔ دوسرے ملکوں کی طرف سے دہشت گردوں کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کے علاوہ پاکستانی حکومت خود بھی دہشت گردوں کے بیرونِ ملک فرار ہونے اور وہاں جا کر نیٹ ورک وغیرہ بنانے کے خلاف اقدامات کر رہی ہے۔ اس حوالے سے وزیرِ مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ حکومت امریکی ایجنسیوں کی مدد سے کالعدم تنظیموں کی فہرست کو اپڈیٹ کرے گی اور ان تنظیموں سے منسلک افراد پر امریکا کی جانب سے سفری پابندیاں عائد کی جائیں گی۔ امریکا کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کریں گے۔ وہ ہماری فہرست کی بنیاد پر کالعدم پاکستانی تنظیموں کے بارے میں اپنی فہرستوں کو اپڈیٹ کریں گے۔ نجی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک کا کہنا تھا کہ جن تنظیموں کو کالعدم قرار دیا گیا ہے یا انھیں شیڈول فور میں رکھا گیا ہے، اس حوالے سے لسٹ اپڈیٹ ہوگی، ہماری امریکا کے ساتھ انٹیلی جنس شیئرنگ ہے اور اسی بنیاد پر ہم اپنی لسٹ کو اپڈیٹ کریں گے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ بہت سے افغان شہری پاکستان سے اپنی شناختی دستاویزات بنوا کر بیرونِ ملک فرار ہو جاتے ہیں اور وہاں وہ جو کارروائیاں کرتے ہیں وہ افغانستان کی بجائے پاکستان کے کھاتے میں پڑ جاتی ہیں۔ سپین میں دہشت گردی کے الزامات میں جو افراد گرفتار ہوئے ہیں ممکن ہے ان کا تعلق بھی افغانستان ہی سے ہو۔ اسی طرح بہت سے افغان شہری پاکستان سے پاسپورٹ وغیرہ بنوا کر امریکا میں جا کر آباد ہو چکے ہیں اور وہ پاکستان میں بدامنی پھیلانے کے لیے کچھ نہ کچھ کردار ادا کر رہے ہیں۔ دہشت گردی پر مکمل قابو پانے کے لیے ضروری ہے کہ ایسے تمام عناصر کے خلاف پاکستان کے اندر بھی بھرپور کارروائی کی جائے اور دیگر ممالک کے ساتھ روابط کو فروغ دے کر یہ بھی دیکھا جائے کہ ایسے عناصر کہاں کہاں موجود ہیں جو پاکستان کا نام لے کر منفی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔

☆☆☆

عوامیت کی موج بلاخیز اور جمہوریت

"عوامیت" کی موجِ بلاخیز اور جمہوریت! امریکی اور یوکرینی صدور، ڈونلڈ ٹرمپ اور والدیمیر زیلنسکی کے درمیان حالیہ مکالمہ چند منٹوں پر مشتمل تھا لیکن اِس مکالمے سے شروع ہونے والا "مکالمہ" ختم ہونے میں نہیں آ رہا۔ شرکائے نشست کی گفتگو، الفاظ اور لب ولہجہ ہی نہیں، "بدن بولی" (Body Language) بھی دیدنی تھی۔ یہ اُس عوامیت (Populism) کا عُریاں مظاہرہ تھا جس کی کرشمہ سازیاں اَب یورپ، امریکہ اور لاطینی امریکہ تک ہی محدود نہیں رہیں، ایشیا تک آن پہنچی ہیں۔ کوئی آٹھ دہائیاں قبل ہٹلر کے مشیر گوئبلز کے پاس صرف ریڈیو تھا جس کے ذریعے اُس نے ہٹلر کا ایک مسیحا صفت بت تراشا اور خلقِ خدا کو اُس کے سحر میں مبتلا کر دیا۔ آج بھی 'سامری کے بچھڑے' تخلیق کرنے کا فن، تشہیر کی جدید ترین ٹیکنالوجی کی کوکھ سے پھوٹتا ہے جس نے گوئبلز کے ریڈیو کو، صدیوں پیچھے دھکیل دیا ہے۔

یوکرین کے زیلنسکی اور امریکہ کے ٹرمپ کی زندگی میں سب سے بڑی مماثلت یہ ہے کہ دونوں کا تعلق شوبز سے رہا۔ دونوں مختلف ٹی۔وی شوز، ڈراموں اور فلموں کے ذریعے، عوام کو تفریح فراہم کرتے رہے۔ ٹرمپ برسوں ایک مقبول ٹی۔وی ریلیٹی شو، کے میزبان اور ایگزیکٹو پروڈیوسر رہے۔ کئی فلموں اور ٹیلی ویژن ڈراموں میں اداکاری کی۔ سیاست میں بڑا نام پانے سے بہت پہلے وہ امریکیوں کی جانی پہچانی، مانوس شخصیت بن چکے تھے۔ 2017ء اور اَب 2025ء میں اُنہیں ووٹ دینے والوں کی اچھی خاصی تعداد کو ٹرمپ کے کسی فلسفے، ویژن، نظریے یا منشورِ سیاست سے کوئی تعلق واسطہ نہ تھا۔ یہ ایک اندھا گونگا بہرہ، قبیلۂ عشاق تھا جسے "فین کلب" (Fan Club) کہا جاتا ہے۔ زیلنسکی کا پس منظر بھی یہی تھا۔ وہ برسوں شوبز میں ایک قہقہہ بار مسخرے (Comedian) کے طور پر اپنے فن کا مظاہرہ کرتے رہے۔ کم وبیش ایک چوتھائی صدی تک ٹی۔وی، ڈراموں، فلموں اور شوبز میں لوگوں کو ہنستے ہنساتے رہے۔ دس بڑی اور کامیاب کامیڈی فلموں میں اداکاری کی۔ زیلنسکی نے اپنے ایک انتہائی مقبول ٹی۔وی سیریل "عوام کا خادم" (Servant of the people) میں ایسے سکول ٹیچر کا کردار ادا کیا جس کے دِل میں ملک کا صدر بننے کی آرزو کا کنول کھلا اور پھر وہ سکول ٹیچر اپنی کرتب کاریوں کے بل پر ایک دن واقعی ملک کا صدر بن گیا۔ شاید یہ سیریل کرتے ہوئے زیلنسکی کو اپنی بے پناہ مقبولیت کا اندازہ ہوا اور اُس نے یوکرین کا صدر بننے کی ٹھان لی۔ 2019ء میں جب اُس نے یکایک اعلان کیا کہ وہ صدارتی الیکشن لڑنے جا رہا ہے تو بہت سے لوگوں نے اُسے معروف "جگت باز" کی ایک جگت جانا۔ اُس نے اپنے مقبول ڈرامہ سیریل کے نام پر اپنی سیاسی پارٹی کا نام بھی 'خادمِ عوام' (Servant of the People) رکھا۔

یوکرین میں خواندگی کی شرح سو فی صد بتائی جاتی ہے۔ ساڑھے تین کروڑ افراد میں سے ایک بھی ناخواندہ نہیں۔ لیکن جب اُن کے ہونٹوں پر مسکراہٹیں بکھیرنے، اُن کے دلوں کو گرمانے اور اُن کی شامیں دھنک رنگ بنانے والا مقبول اداکار، سیاست کے میدان میں اُترا تو پڑھے لکھے لوگوں میں سے بہت کم نے سوچا کہ کیا ایک عمر نگار خانوں کی نذر کر دینے والا اداکار سیاست وقیادت کے معیار پر بھی پورا اُترے گا یا نہیں؟ بس ایک لہر سی اٹھی اور یوکرین اِس موجِ تُند خو میں بہتا چلا گیا۔



زیلنسکی نے "عظیم تر یوکرین" کا نعرہ لگایا۔ کرپشن کے خلاف جہاد کا پیغام دیا۔ روس کی بالادستی کے تناظر میں "غلامی نامنظور" اور "حقیقی آزادی" کا بیانیہ تراشا۔ سوشل میڈیا کا رنگ جمایا اور 73 فی صد سے زائد ووٹ لے کر یوکرین کا صدر منتخب ہوگیا۔ یہ دنیا میں 'عوامیت' (Populism) کی ایک اور بڑی فتح تھی۔ مقبول مزاحیہ اداکار نے یوکرین کو کچھ دیا یا نہیں، اپنی بے ڈھب پالیسیوں اور غیر سنجیدہ اقدامات سے روس کے ساتھ تناؤ کو ہوا دی جس کا نتیجہ فروری 2022ء میں روسی حملے کی صورت میں نکلا۔ تین برس سے یہ جنگ جاری ہے۔ ایک لاکھ کے لگ بھگ افراد اِس کا لقمۂ تر بن چکے ہیں۔ لاکھوں نقل مکانی کر گئے ہیں۔ لاتعداد بے گھر ہو گئے ہیں۔ اَن گنت معاشی، سماجی اور سیاسی مشکلات کا جنگل گھنا ہوتا جا رہا ہے۔ امداد کا امریکی سرچشمہ خشک ہو گیا ہے اور عوامیت کے بجرے پر سوار اداکار، اپنے سے بڑے اور طاقت ور، شاہسوارِ 'عوامیت' کے حضور بیٹھا تحقیر وتذلیل کے تازیانے کھا رہا ہے۔ ٹرمپ کا مطالبہ ہے کہ ہم نے تمہیں اربوں ڈالر دیے، اب تم بدلے میں ہمیں اپنی قیمتی معدنیات کی کانوں تک رسائی دو تاکہ ہم اپنی رقم مع سود مرکب وصول کر سکیں۔ زیلنسکی ہزار پیچ وتاب کھائے، اُسے اپنے سے بڑے "پاپولسٹ" کے سامنے جھکنا ہوگا۔ تین برس قبل جنگ چھڑی تو زیلنسکی نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی۔ وڈیو خطابات کی برکھا برسنے لگی۔ رنگا رنگ بیانیے تراشے جانے لگے۔ بیوی بچوں کو کسی نامعلوم مقام پر پہنچا کر خود فوجی وردی پہن لی اور "ٹک ٹاک" کا نمونہ بن گیا۔ اُس کی شہرت 90 فی صد سے آگے نکل گئی لیکن برسرِ زمین حقیقت یہ ہے کہ آج یوکرین جغرافیائی، سیاسی اور معاشی حوالے سے وہ نہیں رہا، جو چھ برس پہلے تھا۔

2019ء سے اب تک انتخابات نہیں ہوئے۔ مارشل لا نافذ ہے اور گھر گھر بے یقینی بال بکھیرے ماتم کر رہی ہے۔ اگلے چند دِنوں میں چھوٹا 'شعبدہ باز' اپنے ملک کی بیش قیمت معدنیات کا خزانہ، طشتری میں رَکھ کر بڑے 'شعبدہ باز' کو پیش کرنے جا رہا ہے۔ بڑا شعبدہ باز، امریکہ کو کس حال میں چھوڑ جائے گا؟ اس کے لئے چار سال انتظار کرنا ہوگا۔

امریکہ اور یوکرین میں عوامیت (Populism) کے مظاہروں نے، جہاں تاریخ عالم کے بہت بڑے عوامی پرستار، ہٹلر کی یاد تازہ کر دی ہے وہاں یہ نہایت ہی سنجیدہ سوال بھی اٹھایا ہے کہ اگر "عوامیت" کی لہر پھیلتی چلی گئی اور سیاسی قیادت جمی جمائی، پختہ کار اور سنجیدہ جماعتوں کے بجائے ٹیلی ویژن کی سکرینوں، فلمی نگار خانوں، کھیل کود کے میدانوں اور تماشہ گر سرکسوں سے جنم لیتی رہی تو حقیقی جمہوریت پر کیا گذرے گی؟ اور جتھ چھٹ مسخرے دنیا کو کن خطرات سے دوچار کر دیں گے؟

سیاست پر نگاہ رکھنے اور انسانوں کے نظم اجتماعی کے خدوخال تراشنے والے مفکرین کو سوچنا ہوگا کہ کیا ایسی غارت گر "عوامیت" کو لگام ڈالنے کا کوئی طریقہ ہے یا نہیں جو حقیقت سے بعید، جھوٹ پر مبنی اور جذبات انگیز نعروں سے تلاطم اُٹھاتی، اور ہر شعبہ زندگی کو زوال، انحطاط اور تباہی سے ہم کنار کر کے، ایک دن، ہٹلر کی طرح، کسی تہہ خانے میں خودکشی کر لیتی ہے۔ خودکشی تو کر لیتی ہے لیکن ساری دنیا میں جنگ کا الاؤ بھڑکا کر انسانیت کو سیلِ خوں کی نذر کر دیتی اور خود اپنے ملک کو کھنڈر بنا جاتی ہے۔

"عوامیت" کا زہر تہذیبی اقدار، سماجی رویوں، مسلمہ اخلاقیات اور معاشرتی آداب وروایات کی رگوں میں بھی سرطان بو رہا ہے۔ 'عوامیت' کے موضوع پر گرفت رکھنے والے آسٹریلوی پروفیسر، بنجمن موفٹ (Benjamin Moffitt) کا کہنا ہے کہ

There are other traits associated with the typical populist leader. One is "Bad Manners" or behaving in a way that is not typical of a politician

"معروف معنوں میں 'عوامیت' زدہ لیڈر سے کچھ اور خصوصیات بھی جڑی ہوتی ہیں، ان میں سے ایک ہے "بُرے آداب واطوار" (Bad Manner) یا پھر ایسا طرزِ عمل اختیار کرنا جو ایک سیاستدان کے طرزِ عمل کے منافی ہو۔"

"بُرے آداب واطوار" کھوکھلے نعروں اور بے سروپا بیانیوں میں گندھی "عوامیت" کا ایک تلخ تجربہ ہمارے ہاں بھی ہوا ہے جس کے اثرات ونتائج، جانے کب تک ہماری سیاست، معیشت، اخلاقیات، تہذیبی رویوں اور جمہوری اقدار کو متاعِ کوچہ وبازار بنائے رکھیں گے۔

☆☆☆

آج کی تراویح میں پڑھے جانے والے قرآن پاک کی تفہیم

سورۃ الانبیاء 21 ... ... ویں سورت

سورت انبیاء مکی ہے 112 آیات اور 7 رکوع ہیں یہ سورت سترھویں پارہ کے آغاز سے شروع ہوتی ہے اس کا نام ہی الانبیاء ہے، اس میں تقریباً سولہ عظیم پیغمبروں کا تذکرہ ہے۔ تفصیل سے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا بیان فرمایا گیا ہے حضرت یونس، حضرت ایوب علیہما السلام کی دعاؤں اور مناجات کا بھی ذکر ہے۔ اس سورت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاک نبیوں اور رسولوں نے راہ حق میں نہایت جرأت، دلیری اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے، توحید، رسالت، آخرت کے احکام کو لوگوں پر واضح کیا ایسے میں دنیاوی مصائب یا امراض نے پریشان کیا تو ان کے ثبات واستقلال میں کچھ بھی کمی واقع نہ ہوئی اور یہ صرف اپنے رب ہی سے رجوع کرتے رہے۔

وہ رسول ﷺ کو جادوگر سمجھتے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ وہ خواب کی باتیں یا من گھڑت باتیں بتاتے ہیں یا وہ شاعر ہیں، پہلے بھی انبیاء علیہم السلام تشریف لائے تھے اور ان کے ساتھ بھی لوگوں نے یہی معاملہ کیا تھا، پھر وہ لوگ ہلاک کئے گئے۔ وہ لوگ اس بات پر بھی اعتراض کرتے تھے کہ یہ نبی، بشر ہیں۔ کھانا بھی کھاتے ہیں اور دنیا میں ہمیشہ نہیں رہتے۔ جب منکرین کی بستیاں تباہ کر دی گئیں تو انہیں نادم ہونا پڑا، لیکن اب کوئی فائدہ نہ تھا۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو تورات دی گئی جو پرہیزگاروں کو نصیحت تھی۔ وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور قیامت کا خوف بھی کرتے ہیں اب ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ ہے کہ انہیں ابتدائی عمر ہی سے ہدایت حاصل تھی وہ اپنے والد اور اپنی قوم کو مورتیوں کی پوجا سے بچانا چاہتے تھے۔ اور وہ کوئی کھیل کی بات نہیں بتا رہے تھے۔ ابراہیم علیہ السلام نے ان کے بتوں کو ریزہ ریزہ کر دیا، ایک بڑا بت چھوڑ دیا۔ ان لوگوں نے ابراہیم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا آپ نے ایسا کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ انہی بتوں سے پوچھو۔ آخر آپ ہی کو ان کافروں نے بت شکن سمجھا۔ آپ نے فرمایا کہ تم ایسوں کو کیوں پوجتے ہو جو بے بس ہیں اور کوئی نفع نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ نمرود اور اس کی قوم نے آپ کو آگ میں پھینک دیا اللہ نے حکم دیا اے آگ ٹھنڈی ہو جا اور ابراہیم کے لئے سلامتی بن جا۔ ابراہیم علیہ السلام اور لوط علیہ السلام کو نجات بخشی۔ پھر ابراہیم علیہ السلام کو اسحٰق علیہ السلام جیسا فرزند اور یعقوب علیہ السلام جیسا پوتا دیا اور وہ سب امام تھے۔ لوط علیہ السلام کو حکومت اور علم دیا گیا اور اس قوم سے نجات دلائی گئی جو گندے کام کرتی تھی۔ نوح علیہ السلام اور ان کے گھر والے بھی سخت کرب سے محفوظ رکھے گئے اور دوسرے نافرمانوں کو غرق کر دیا گیا، داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کے واقعات سے ہدایت حاصل کرو۔ سلیمان علیہ السلام کو بھی حکومت اور علم عطا کیا گیا۔ داؤد علیہ السلام کے ساتھ پتھر اور پرندے بھی اللہ کی تسبیح کرتے تھے، داؤد علیہ السلام کو زرہ بنانا سکھایا گیا۔ سلیمان علیہ السلام کیلئے تیز ہوا مسخر کر دی گئی۔ جن بھی آپ کے مطیع تھے اور آپ کے حکم سے باہر نہیں تھے۔ ایوب علیہ السلام کو یاد کرو، ہم نے ان کی تکلیف دور کر دی اور ان کے گھر والے اور ساتھی ہماری رحمت سے مستفید ہوئے۔ اسماعیل علیہ السلام اور ادریس علیہ السلام اور ذوالکفل علیہ السلام بھی صبر والوں میں سے تھے۔ یونس علیہ السلام کو بھی یاد کرو جب وہ قوم کی نافرمانی سے ناراض ہوئے اور جب وہ مچھلی کے پیٹ میں تھے تو ہم کو یاد کیا اور ہم نے ان کو غم سے نجات دی۔ زکریا علیہ السلام نے اولاد کی خواہش کی تو یحییٰ علیہ السلام پیدا ہوئے اور وہ خشوع وخضوع والے تھے۔ حضرت مریم کی پاکبازی تھی کہ ہم نے ان کو اور ان کے بیٹے کو سارے جہاں کے لئے ایک نشانی بنا دیا۔ ان تمام انبیاء علیہم السلام نے ایک ہی دین کی تبلیغ فرمائی ہے اور میں ہی تمہارا رب ہوں۔ لوگوں نے دین میں اختلاف پیدا کر کے ٹکڑے کر لئے لیکن سب کو ہماری طرف آنا ہے اور قیامت کے قریب یاجوج وماجوج ہر بلندی سے اتریں گے اور قیامت کے روز کافروں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی اور اس وقت ان کو اپنی غفلت کا احساس ہوگا۔

سورۃ الحج.. ..22ویں سورت

سورہ حج مدنی ہے 78، آیات اور 10 رکوع ہیں۔ سترھویں پارہ کے ساتویں رکوع سے آخر تک ہے۔ سورت کا نام تیسرے رکوع کی آیت "واذن للناس بالحج" سے لیا گیا ہے۔ یہ اعلان حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا تھا۔ اس سورت میں قیامت کی ہولناکیوں، توحید والوں کی نجات، اور اہل شرک کی سزا کا بیان ہے۔ مسجد حرام (بیت اللہ) کی مرکزیت اور تقدس کا ذکر بھی ہے اور حضرت ابراہیمؑ کے حوالے سے مناسک حج کا تذکرہ بھی۔

نکتہ اعتراض
رانا شفیق پسروری
shafiqpasruri@hotmail.com

"ارشاد ہے کہ اپنے رب سے ڈرو۔ قیامت آ کر رہے گی۔ وہ بڑی سخت ہوگی۔ ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے کو بھول جائے گی، اسقاط ہو جائیں گے، عذاب الٰہی سے لوگوں کے ہوش جاتے رہیں گے۔ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ سے نہیں ڈرتے اور شیطان کے پیرو ہیں۔ لوگ دیکھیں وہ کس طرح پیدا ہوئے اور کس طرح پلے اور بڑھے، کس طرح جئے بوڑھے ہوئے یا پہلے ہی مر گئے۔ اللہ کس طرح مرجھائی ہوئی کھیتی کو سرسبز کرتا ہے، جوڑے بناتا ہے، زندہ کرتا ہے، مارتا ہے اور ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ یہ سب اسے پہچاننے کے لئے نشانیاں ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام کو حرم کا صحیح ٹھکانا بتا دیا گیا اور انہوں نے اس کی تعمیر کی تاکہ قریب اور دور کے لوگ وہاں طواف، اعتکاف اور رکوع وسجود کریں۔ قربانی، احرام کے آداب وغیرہ پورے کریں، بتوں سے دور ہوں، جھوٹ سے بچیں، ایک اللہ کے ہو جائیں اور اللہ کے شعائر کی تعظیم کریں تاکہ دل کا تقویٰ حاصل ہو سکے۔ اور ہر امت میں قربانی تھی جو اللہ کے نام پر کی جاتی تھی۔ اور تواضع والوں کے لئے بشارت ہے کہ جب اللہ کا ذکر ان کے سامنے ہوتا ہے تو ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں، جو افتاد پڑے اسے برداشت کرتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے (اللہ کے لئے) خرچ کرتے ہیں۔ اور قربانی بھی شعائر اللہ میں سے ہے۔ جس میں تمہارے لئے خیر ہے۔ اور اللہ کو ہرگز ان کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا بلکہ تمہاری پرہیزگاری اس تک باریاب ہوتی ہے۔ بیشک اللہ ٹال دیتا ہے مسلمانوں کی بلائیں اور دغاباز ناشکرے کافر کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ اللہ اجازت دیتا ہے جنگ کرنے کی ان مسلمانوں کو جن سے کفار لڑتے ہیں اور اللہ ان کو ضرور مدد دینے پر قادر ہے۔ وہ لوگ تو صرف اس لئے نکالے گئے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے اور اگر ان مسلمانوں کو مدافعت کی صلاحیت نہ دی جاتی تو اللہ کا نام لینا مشکل تھا۔ اللہ بیشک اس کی مدد فرمائے گا جو دین کی مدد کرے گا۔

سورۃ المومنون.. ..23ویں سورت

سورۃ مومنون مکی ہے 118 آیات اور 6 رکوع ہیں۔ اٹھارھواں پارہ اسی سورہ مبارکہ سے شروع ہوتا ہے۔ سورت میں مومنوں کی صفات اور ان کی کامیابی کا بیان ہے۔ سورت کا آغاز ہی مومنوں کی کامیابی کے اعلان سے ہوتا ہے۔ اس کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرنے والے کے لئے کامیابی کی بشارت دی گئی ہے۔ کسی بھی معاشرے کی تطہیر اور افراد کی تعمیر سیرت کے لئے سورہ مومنون میں بیان کردہ صفات بہترین ہیں۔ سورۃ مبارکہ میں انبیاء کے واقعات بیان کر کے بھی اہل ایمان کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ نوح علیہ السلام کو بھی اللہ پاک نے رسول بنا کر بھیجا۔ لیکن ان کی قوم کے سرداروں نے اعتراض کیا کہ یہ تو انسان ہیں، رسول نہیں ہو سکتے۔ نوح علیہ السلام نے بہت سمجھایا لیکن وہ لوگ ایمان نہ لائے۔ پھر اللہ نے ان کے لئے کشتی بنوائی جس میں ہر جاندار کا ایک ایک جوڑا بٹھایا گیا۔ نوح علیہ السلام (اور انکی اہلیہ) اور وہ جو ایمان لائے تھے وہ بھی بٹھائے گئے۔ باقی غرق کر دیئے گئے۔ پھر اور قومیں آئیں اور ان کے پاس بھی اللہ کے رسول آئے۔ پھر موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام تشریف لائے۔ فرعون اور اس کے سرداروں نے بھی تکبر کیا اور یہی کہا کہ یہ دونوں ہماری طرح انسان ہیں، پھر وہ سب ہلاک کئے گئے۔ عیسیٰ علیہ السلام کو بھی ایک نشانی بنا کر بھیجا تھا۔ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ اپنی اچھائی سے دوسروں کی برائی کو دور کریں اور خود اللہ کی محافظت چاہیں۔ جب صور پھونکا جائے گا تو نہ کوئی رشتہ کام آئے گا اور نہ کوئی کسی کی بات پوچھے گا، لیکن جن کے اعمال اچھے ہیں اور تول میں زیادہ ہیں وہی بامراد ہوں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو یہی دعا کریں کہ اے اللہ، بخش دے، رحم فرما دے، اور تو ہی سب سے برتر رحم کرنے والا ہے۔

سورۃ النور.. ...24ویں سورت

سورۃ نور مدنی ہے۔ 64 آیات اور 9 رکوع ہیں۔ اٹھارھویں پارہ کے ساتویں رکوع سے سولھویں تک جاتی ہے۔ اس سورت کی آیت میں اللہ تعالیٰ کے نور کا بیان ہے۔ یہ آیت سورت کے پانچویں رکوع میں ہے، اور اس کا نام ہی "آیت نور" ہے۔ اسی سورت میں مشہور واقعہ "افک" کا بھی تذکرہ ہے۔ کہ جب مدینہ کے منافقوں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر بہتان باندھا تھا تو اللہ تعالیٰ نے قرآنی آیات کے ذریعہ اعلان برأت کیا اور بہتان لگانے والوں کو دنیا وآخرت میں ملعون قرار دیا۔ اس سورت میں اسلامی معاشرت کے اصول اور تہذیب وتمدن کے احکامات بیان کئے گئے ہیں۔ خصوصاً حجاب کا حکم، گھروں میں داخل ہونے کے آداب، صراحت سے مذکور ہیں۔

جو شخص کسی پارسا مرد یا عورت پر بدکاری کی تہمت لگائے اور چار گواہ معائنہ کے نہ لا سکے تو اسے اسی کوڑے لگائے جائیں۔ اور قیامت میں زبانیں، ہاتھ اور پاؤں سبھی گواہی دیں گے اور اس دن اللہ ان کی سزا پوری پوری دے گا۔ اے ایمان والو! بغیر اجازت کے دوسرے کے گھروں میں نہ جاؤ اور بغیر سلام کئے ہوئے بھی نہ جاؤ۔ بلکہ مکان میں اجازت دینے والا نہ ہو تب بھی مالکوں کی اجازت کے بغیر نہ جاؤ اور اگر تم کو واپس چلے جانے کو کہا جائے تو واپس چلے آؤ۔ مسلمان مردوں کو چاہئے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور شرم کی چیزوں کی حفاظت کریں اور انہی باتوں کا مسلمان عورتیں بھی خیال رکھیں اور اپنا بناؤ نہ دکھائیں مگر جتنا خود ہی ظاہر ہے اور اپنے دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں اور اپنا سنگھار ظاہر نہ کریں۔ مگر اپنے شوہر یا باپ پر یا شوہر کے باپ یا اس کے یا اپنے بیٹے یا بھائی، بھتیجے یا بھانجے پر۔ اور یہ روشن آیتیں اور عبرت آموز واقعات ڈرنے والوں کے لئے نصیحت ہیں۔ اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا اور نور سے وہ گھر روشن ہوتا ہے جس میں صبح وشام اللہ کا ذکر ہو۔ اور جسے اللہ نور نہ دے تو وہ تہ بہ تہ تاریکیوں میں رہتا ہے۔ اور کائنات کی تمام چیزیں اپنے اپنے طریقے پر اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اسی طرح بادل، بارش، رات دن، مختلف چوپائے وغیرہ۔ کسی کے گھر جاؤ تو سب سے پہلے سلام کرو اور جب حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں حاضر ہو تو ان کو عام لوگوں کی طرح نہ بلاؤ اور بغیر اجازت کے باہر نہ نکلو۔

عالمی یوم خواتین۔۔۔اصل اہداف

رب العالمین نے انسانوں کے رہنے بسنے کے لیئے کرہ ارضی کی تخلیق کی، پہاڑوں سے اسے اپنی جگہ جمایا اور انسانوں کو پرسکون زندگی گزارنے کے لیئے گھر عطا فرمائے اور ان گھروں کو بسے رہنے اور انہیں سکون کا گہوارہ بنانے میں عورت کو مرکزی حیثیت دے دی گئی ہے عالمی یوم خواتین دنیا بھر کی خواتین کے حقوق کی آواز بلند کرنے کے لیئے منایا جاتا ہے، عورت کے حقوق کی بات کی جائے تو ارض فلسطین کی مظلوم اور ظلم و ستم کا شکار خواتین، جنھوں نے جان مال اولاد گھر بار اور ہر طرح کا نقصان برداشت کیا بنیادی ضروریات زندگی کی طرف سے سخت آزمائش اٹھائی، غم والم سہے اس وقت یوم خواتین کا عنوان ہیں

ان کی استقامت، بہادری، جرات اور ناقابل تسخیر صبر وتحمل کی دنیا گواہ ہے ارض کشمیر کا سلگتا ہوا مسئلہ اور کشمیری خواتین کی لامتناہی جدوجہد بھی سخت توجہ کی طلبگار ہے عالمی یوم خواتین عورت کے حقوق کی پامالی کے شعور کا دن ہے، اول روز سے آج تک خاندانوں کا استحکام عورت ہی کے گرد گھومتا ہے عورت رب کی نازک تخلیق نازک جذبات سے گندھی اپنی ہر حیثیت میں قابل تکریم اور احترام کی حقدار ہے، جہالت کے ہر دور میں عورت کی کمزور جسمانی حیثیت کے باعث تحقیر اور ظلم وستم کا نشانہ بنایا گیا لیکن اسلام وہ واحد مذہب جس نے اس اس کو حقوق بھی دیئے اور ان حقوق کا تحفظ اور ان کے ادائیگی کو بھی یقینی بنایا، بصرف اسلام عورت کو تحفظ کا وہ حصار عطا کرتا ہے جو اس کو معاشرے میں معزز مقام دیتا ہے، اسلام نے تمام رشتوں میں عورت کو مرکزی حیثیت دے کر خاندان کے تحفظ، تربیت اور تعمیر کا مرکز بنا دیا۔

عورت کے تمام حقوق کی پاسداری دراصل گھر جیسے بنیادی یونٹ کا پھلنا پھولنا ہے، آج کی عورت مغربی پروپیگنڈہ کا شکار ہوگئی اس نے اپنی حیثیت اور مقام سے ہٹ کر، مرد کے اس مقام میں مساوات کا مطالبہ کر دیا جو کہ مرد کو قوام اور ذمہ دار بنا کر اس کے کندھوں پر بھاری بوجھ ڈالا گیا تاکہ وہ اپنے خاندان اور گھروں کا نہ صرف تحفظ کر سکے بلکہ اسے مضبوط بنیادوں پر قائم رکھے اسلام نے مرد وعورت کو مقابل نہیں کھڑا کیا ہے بلکہ ایک دوسرے کا ساتھی و مددگار بنایا ہے عورت کی نام نہاد حقوق کی کشمکش نے سب سے زیادہ نسلوں کو نقصان پہنچایا ہے، مرد وعورت کی کشمکش میں سب سے زیادہ اولاد نظر انداز ہوئی جس کے باعث آج کا نوجوان کئی مسائل کا شکار ہے، نفسیاتی طور پر منتشر اور بے راہ روی اور نشوں کا عادی ہے مذموم مقاصد کے تحت گھروں کے نظام کا درہم برہم کیا گیا جس کے نتیجہ نوجوان نسل کو اس حال تک پہنچایا گیا ہے عورت جب اسلام کے سایہ رحمت سے دور ہوتی ہے تو وہ خود کو معاشرے کی بدسلوکیوں کے لیئے پیش کر دیتی ہے اسلام عورت کو اپنی صلاحیتیں پروان چڑھانے اور ترقی کے تمام ذرائع و مواقع فراہم کرتا ہے معاشی سرگرمیوں وکاروبار کی اجازت دیتا ہے تعلیم کے حصول کی نہ صرف اجازت بلکہ حوصلہ افزائی کرتا ہے، اور ان تمام امور کی انجام دہی کے لیئے مرد کو اس کا مددگار بنا دیتا ہے مغربی بے بنیاد نعروں کے بجائے عورت کو اس کے اصل حقوق کی فراہمی نہ صرف گھر بلکہ معاشرے کی بقا اور تعمیر کے لیئے لازمی ہے عورت کی اصل مشکلات اور مسائل پر کبھی توجہ نہیں دی گئی، آزادی نسواں کے نام پر عورت کو مغربی ایجنڈے کی تکمیل کے راستے پر چلایا گیا، عورت کا بری طرح سے استحصال کیا گیا ناانصافی اور نظام کے بگاڑ کے باعث عورت نے محرومیوں اور تشدد کا سامنا کیا ہے جنسی استحصال، زیادتی اور بدسلوکی کا شکار ہوئی، جاگیردارانہ اور وڈیرا نظام میں عورت بری طرح ظلم وتشدد کا شکار نہ صرف ہوئی ہے بلکہ مسلسل ہو رہی ہے، عورت اس بدترین سلوک کا سامنا نہ صرف شہروں بلکہ گاؤں دیہاتوں میں بے تحاشا کر رہی ہے آج کے جدید دور میں عورت کو اس کا مقام ومرتبہ دیا جانا اور اسلام کی دی ہوئی حیثیت بحال کرنا ازحد ضروری ہے سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں عورت کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیئے جانا چاہیئے تعلیمی مواقع فراہم کیئے جائیں تعلیمی اداروں، کام کی جگہوں اور معاشرے میں تحفظ ملنا چاہیئے خواتین کو صحت اور دیکھ بھال کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں میڈیا عورت کی توہین کا مسلسل مرتکب ہو رہا ہے، مذموم لباس، بے حیائی پر مبنی ڈائیلاگز و عورت کی نمائش پر سخت گرفت کرنے کی ضرورت ہے عورت کا منفی کردار پیش کرنے سے گریز کیا جائے اسلامی کلچر وتہذیب کی تشہیر ہی معاشرے کو اخلاقی گراوٹ سے بچا سکتی ہے ڈراموں ونشریات میں عورت سے منسلک ہر رشتے کی تکریم اور مثبت کردار کو سامنے لایا جانا چاہیئے قوم کی بیٹی عافیہ صدیقی مغربی قید میں ہونا مسلمان امت، پوری پاکستانی قوم اور خاص طور پر پاکستانی حکمرانوں کے لیئے سوالیہ نشان ہے عورت کی اس توہین کا جواب کون دے گا پاکستان کی بیٹی کو وطن واپس لایا جائے پاکستانی حکومت کی لاتعلقی لمحہ فکریہ ہے عالمی یوم خواتین عورت کے اصل حقوق کی بحالی کا دن ہے اس دن کو خواتین میں اسلام کے دیئے ہوئے مقام کی بحالی اور اس کی حیثیت کی یاد دھانی کے طور پر منایا جانا چاہیئے اور اسی تناظر میں تعمیری جدوجہد کی جانی چاہیئے فلسطینی و کشمیر خواتین کے لیئے آواز اٹھانا اور دنیا کو ان پر کیئے جانے والے ستم کے لیئے بھی مل کر جدوجہد کرنا اس دن سے حوالے سے پہلی ترجیح ہے، اقوام متحدہ کو بھی ان مظلوم خواتین کے لیئے اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔



ڈاکٹر حمیرا طارق

ریاضی نامہ۔

ایک توجہ طلب خبر مغربی سائنس دانوں کے حوالے سے یہ آئی ہے کہ خدا ریاضی دان ہے اور کائنات ریاضی کے اصولوں پر بنی، انہی کے مطابق چل رہی ہے۔ اور کائنات کا نظام، خاص طور سے کائناتی کانسٹنٹ CONSTANT اتنی ترتیب کے ساتھ ہے کہ کائنات اتفاقی طور پر تشکیل پا ہی نہیں سکتی تھی، اسے بہت بڑے ریاضی دان نے بنایا۔

خبر نئی نہیں ہے، پہلے بھی بار بار آ چکی ہے اور کائنات کا ریاضی کے مطابق ہونا ویسی ہی حقیقت ہے جیسی کہ سورج سے حرارت نکلنے کی حقیقت۔ ریاضی کے ساتھ جیومیٹری بھی جڑی ہوئی ہے۔ کس شے کی کتنی تعداد، کتنے فاصلے اور کس زاویے سے ہو۔ سارے کا سارا علم ریاضی سے منسلک ہے۔ کیا کیمسٹری، کیا فزکس اور حتیٰ کہ کیا بیالوجی۔ بیالوجی میں بے جان مادے کے قوانین کے ساتھ ساتھ زندہ چیزوں کے قوانین بھی آ جاتے ہیں۔ اتنے کروموسوم، اتنے جینز، اتنے سیل اور سیل کی متعین جیومیٹری، جانوروں میں الگ، نباتات میں الگ۔ جانور اور پودے دونوں ایک ہی شے یعنی پلازما سے بنے ہیں۔ وہی غذائی اجزا، وہی ہارمونز، وہی پروٹین، محض خلیے (سیل) کی دیوار کے ہونے نہ ہونے سے گوشت لکڑی اور لکڑی گوشت بن جاتا ہے۔ جانوروں میں خلیے کی دیوار نہیں ہوتی، پودوں میں ہوتی ہے۔ باقی سب وہی، سائٹو کانڈریا، گالجی باڈی کا سائٹوپلازمہ، سب وہی۔

مادے کی ریاضی میں ان گنت حیران کن پہلو ہیں۔ ہلکی پھلکی بات کریں تو وحدت الوجود مادے کی حد تک تو ثابت ہے۔ معلوم کائنات 118۔ عناصر سے بنی ہے۔ یہ 118 عناصر مادے کی کتاب کے حروف تہجی ہیں اور وحدت الوجود اس طرح کہ تمام عناصر کے الیکٹرون بالکل ایک جیسے ہیں، سرمو فرق نہیں، بس ان کی تعداد سے عنصر کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے۔ یعنی الیکٹران سے دنیا بنی، الیکٹرانک کی گنتی بدلنے سے دنیا رنگارنگ ہوگئی۔ الیکٹران کم زیادہ کر دو تو زہر تریاق اور تریاق زہر بن جائے۔ اسی وحدت الوجود کا سراغ "سیمیا دانوں" نے لگایا اور پارے سے سونا بنانے پر تل گئے۔ سیمیا دانوں کو ہمارے ہاں کیمیا گر کہا جاتا ہے۔ بنیادی تصور ان کے خیال کا بہت معقول تھا۔ پارے میں کل 80 الیکٹران ہیں، ایک الیکٹران کم کر دو تو سونا بن جائے جس کے الیکٹران 79 ہوتے ہیں۔ ذرا دور جائیں تو سونے کے 72 الیکٹران کم کر دو تو وہ کوئلہ بن جائے، کوئلے میں 72 الیکٹران اور ڈال دو تو وہ سونا بن جائے۔

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

سیمیا دانوں کے علم کی تصدیق پیریاڈک سٹیل نے کر دی۔ آج سائنس دان سونا بنانے کا عمل جانتے ہیں۔ سونا بنانا بالکل آسان ہے۔ پھر بناتے کیوں نہیں؟

اس لئے کہ آسان تو ہے پر مہنگا بہت۔ اتنا مہنگا کہ کان سے ملنے والا سونا اگر 2 لاکھ روپے تولہ ہے تو لیبارٹری میں بننے والا سونا دو کروڑ ایک تولے کے حساب سے بنے گا۔ یعنی سونا بنا تو لیں... مگر اس میں اٹھتا ہے خرچہ زیادہ۔

کائنات کی ریاضی کا ذکر خدا نے قرآن میں بار بار کیا۔ اس مضمون کی کئی آیات ہیں کہ ہم نے ہر شے کو ایک مقرر حساب، قدر معلوم یا قدر مقرر کے حساب سے پیدا یا نازل کیا۔

یہاں تک کہ پانی بھی۔ آج سے سوڈیڑھ سو سال پہلے کسی کو معلوم ہی نہیں تھا کہ کرہ ارض کی سطح پر پانی اتنا زیادہ کیوں ہے، خشکی اتنی کم کیوں؟ لیکن قرآن میں تھا کہ پانی "قدر معلوم" کے تحت بنایا گیا۔

آج کے سائنس دان اچھی طرح جانتے ہیں کہ سمندروں میں جتنا پانی ہونا چاہیے تھا، اتنا ہی ہے۔ اس سے کم ہوتا تو بارشیں نہ ہوتیں، زندگی کا نظام ختم ہو جاتا، اس سے زیادہ ہوتیں تو بہت زیادہ بارشیں اور سیلاب آتے، زندگی فنا ہو جاتی۔ یہ ہے قدر معلوم۔

ایک دلچسپ بات اور بھی۔ ڈیڑھ دو سو سال پہلے تک کسی کو یہ بھی پتہ نہیں تھا کہ سمندروں کا رقبہ کتنا ہے، خشکی کا کتنا۔ دنیا کے ٹھیک ٹھیک نقشے تو بعد میں بنے اور پھر معلوم ہوا کہ ایک تہائی سطح زمین کا خشکی، دو تہائی سمندر ہے۔

ایک اور دو تہائی والی بات کسی کو معلوم نہیں تھی۔ انوکھی بات قرآن میں ہے۔ بہت سی آیات میں خشکی اور تری کا ذکر اکٹھا آیا ہے۔ بہت سی میں الگ الگ اور جب خشکی کے ذکر کی گنتی کی گئی اور پھر تری کے ذکر کی گنتی کی گئی تو پتہ چلا کہ ٹھیک ٹھیک ایک اور دو کا تناسب ہے۔ یعنی حصہ بقدر جثہ، ذکر بقدر حجم۔ ہے نا حیرت کی بات!

ریاضی کے حساب سے ہم قیامت آنے میں باقی وقت بھی معلوم کر سکتے ہیں، ایک ناقص سا اندازہ۔ یعنی دنیا کے ساتوں براعظموں میں مزید کتنی آبادی کی گنجائش ہے اور آبادی بڑھنے کے حساب سے کب وہ وقت آ جائے گا جب زندگی کثرت آبادی سے ناممکن ہو جائے گی۔ ہر براعظم میں کتنی جگہ دستیاب ہے، سائنس دانوں کو سب پتہ ہے۔ صحراؤں کو زندگی کے قابل نہیں بنایا جا سکتا، ماحولیات تباہ ہو جائے گی۔ صحرا برفانی پہاڑ ماحولیات کا لازمی حصہ ہیں، توازن بگڑا تو سب برباد۔ جس طرح سے جنگلات میں کمی سے تباہی ہو رہی ہے، سب کے سامنے ہے۔

لیکن، پھر بھی، ضروری نہیں کہ ہمارا اندازہ ٹھیک نکلے۔ کوئی بڑی تباہی آبادی میں کمی کا باعث بن سکتی ہے جیسی کہ ایک مثال جنگ عظیم کی ہے۔ دوسری جنگ عظیم نے دنیا کی آبادی 5،6 کروڑ کم کر دی تھی۔

تب دنیا کی کل آبادی دو ارب تھی، صرف دو ارب یعنی اس جنگ نے دو تین فیصد آبادی کم کر دی۔

ویسے، قرآن کریم کے مطابق قیامت فی الحال تو نہیں آ رہی۔ قیامت سے پہلے "دابۃ الارض" کا ظہور ہونا ہے۔ دابہ یعنی جانور زمین سے نکلے گا اور باتیں کرے گا۔ یہ کیا شے ہوگا، وہی جان سکیں گے جن کے سامنے یہ ظاہر ہوگا۔

جب تک یہ ظاہر نہیں ہوتا، قیامت نہیں آ رہی چنانچہ فی الوقت سائنس دانوں کو "ڈومز ڈے" کا حساب لگانے میں جلدی نہیں کرنی چاہیے۔

خدا ریاضی دان ہے تو اس کی تخلیق کردہ بدترین مخلوق یعنی اسفل السافلین یعنی ظلوم اور جہول یعنی کہ انسان کو ریاضی شکن کہا جا سکتا ہے۔ ریاضی دان خدا نے قیامت تک کی انسانی آبادی کیلئے رزق "قدر معلوم" کے تحت نازل کر دیا، خدا کی پیدا کردہ بدترین مخلوق، اسفل السافلین ظلم وجہل کے مجسمے انسان کے طاقتوروں نے رزق کے وسائل پر قبضہ کر لیا اور انسانوں کی اکثریت ہر دور میں بھوکی رہی، تنگی رہی، بے بس اور لاچار رہی۔ دو تہائی رقبے پر جتنا پانی ہے، اس سے زیادہ خون اس نے ایک تہائی خشکی پر بہا دیا۔

فرشتوں نے کہا تھا، یہ مخلوق خون بہائے گی۔ فرشتوں کو کیسے پتہ چلا؟ خدا نے تو انہیں بتایا ہی نہیں تھا؟ جب خدا نے انسان کا گارا مسالا تیار کیا تو ضرور فرشتوں نے اس کا "ڈی این اے" دیکھ لیا ہو گا۔

آئین کی اہمیت!

اگر انسان غور کر سکے تو اسے یہ بات سمجھنے میں زیادہ دیر نہیں لگے گی کہ اللہ کی تخلیق کردہ یہ کائنات کسی آئین کے مطابق ہی چل رہی ہے ویسے تو ابھی تک کسی انسان کی یہ پہنچ نہیں کہ وہ اللہ کی کائنات کا علم تو درکنار اس کائنات کی وسعت کا اندازہ بھی کر سکے، ہم مسلمانوں کو تو ویسے ہی علم سے چڑ ہے اور ہم اپنی کنواں نما دنیا پر ہی نازاں ہیں لیکن جو لوگ اس کائنات کا کھوج لگانے میں مصروف عمل ہیں ان کا خیال ہے کہ اس کائنات کے اندر کروڑوں سورج ہو سکتے ہیں جو اپنے گرد گھومنے والے سیاروں کو روشنی اور حرارت دیتے ہیں، ابھی تک زمین پر رہنے والے ان کھوجیوں کا علم جہاں تک پہنچ سکا ہے اس کے مطابق سورج، پانی اور ہوا کے بغیر کسی بھی سیارے پر زندگی کا تصور نہیں ہے، اگر سورج چمکنا بند کر دے تو تمام سیاروں کی مخلوق اور نباتات کی حرکت بھی بند ہو جائے، اس طرح اگر زمین پانی کی فراہمی روک دے تو زمین پر سے زندگی مفقود ہو جائے، صرف کچھ گھنٹوں کے لئے ہوا (آکسیجن) رک جائے تو کوئی ذی نفس سانس نہ لے سکے، ابھی تک انسانوں کے علم کے احاطے کے مطابق ہر شے اپنے اپنے مدار میں اپنے فرائض پورے نظم وضبط سے ادا کر رہی ہے اسی کو ہم رب کائنات کا آئین سمجھتے ہیں اس رب کا فرمان ہے کہ میری تخلیق کردہ ہر چیز توازن کے ساتھ مسلسل اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے پھر انسان کیوں اس کے احکامات کی عدولی کرتا ہے؟ شاید اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے افضلیت کا درجہ عطا فرما کر اپنا نائب بنا دیا تو انسان سمجھتا ہے کہ مجھے اپنی مرضی بھی کرنے دی جائے؟ لیکن ہمیں اس چیز کا بھی ادراک کرنا چاہئے کہ ہم جس کے نائب ہیں اس کی پیروی کرنا بھی فرض ہے اس کے آئین کے اندر رہتے ہوئے ہم پوری طرح بااختیار ہیں، مگر اس کے آئین کی خلاف ورزی اس مالک کی کائنات میں خلل ڈالنے کا سبب بنتی ہے۔

جب سے دنیا میں ریاست کا تصور سامنے آیا ہے تب سے ہی انسانوں نے اپنی اپنی سرحد کے اندر نظام کو چلانے کے لیے آئین سازی کا تصور بھی اپنایا ہے شاید پہلے پہل یہ تصور بھی اس کائنات کے آئین سے ہی لیا گیا ہوگا۔ اللہ کی کائنات اور اس کا آئین مکمل ہے، لیکن انسان چونکہ مسلسل سیکھنے کے مراحل سے گزرتا ہے اس لئے جہاں اور جب ضرورت پیش آئے وہ اجتماعی فراست اور کھلی مشاورت سے اپنے آئین میں ترامیم بھی کرتے ہیں۔



تعمیری سوچ
مختار چودھری

اب تک یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ دنیا کی ہر وہ ریاست جس نے عوامی امنگوں کے مطابق اپنا آئین بنایا اور اس پر اس کی روح کے مطابق عمل کیا وہ نہ صرف ترقی کی منازل طے کر گئی، بلکہ بین الاقوامی برادری میں بھی اپنا مقام بلند کر کے دنیا کے فیصلوں میں اپنا حصہ وصول کیا، دوسری طرف ان تمام پسماندہ ریاستوں کی کہانی بھی طشت ازبام ہے جنہوں نے یا تو کوئی متفقہ آئین بنایا ہی نہیں اگر بنایا تو اس پر عمل نہیں کیا، ایسی ریاستوں میں پھر "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" اور عوام کی حالت بھینس کے آگے بین بجانے کے مترادف رہتی ہے۔

پاکستان کے معرض وجود میں لانے کی تحریک کی بنیاد ہی آئین اور قانون کی حکمرانی قائم کرنے پر رکھی گئی تھی، کیونکہ قائداعظم نے ہندوؤں کے رویوں کو دیکھتے ہوئے یہ بھانپ لیا تھا کہ متحدہ ہندوستان میں مسلمانوں کو حقوق ملیں گے نہ ملکی آئین بنانے میں ان کی مشاورت شامل ہوگی اس لئے ہمیں الگ ایک ایسی ریاست کی ضرورت ہے، جس میں رہنے والے ہر انسان کو اس کے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی ہو اور قانون سب کے لئے برابر ہو، پھر اسی منشور کے تحت پاکستان تو حاصل کر لیا، مگر پاکستان کے معرض وجود میں آتے ہی ہم نے اپنے منشور کو بھاری بوٹوں تلے مسل دیا اور پاکستان کے ٹوٹ جانے تک ایک متفقہ آئین نہ بنا سکے، آدھا پاکستان گنوا دینے اور باقی ماندہ ملک کے 95 ہزار نفوس کو دشمن کی قید میں چلے جانے کی برکت سے ہم نے عقل کے ناخن لیتے ہوئے 1973ء میں ایک متفقہ آئین تو بنا لیا، مگر جن پر یہ آئین بھاری پڑا (جن کے ہاتھ کی لاٹھی آئین نے لے لی اور ان کو بھینس ہاتھ سے نکلتی محسوس ہوئی)۔

انہوں نے بھی یہ تہیہ کر لیا کہ ہم اس آئین کو کسی الماری تک ہی محدود رکھیں گے یا پھر اسے اپنے پاؤں تلے روندتے رہیں گے اس کے لئے انہیں سب سے پہلے اس آئین کے بڑے محرک کو ٹھکانے لگانا تھا سو وہ 1979ء میں کام تمام ہوا اور اس کے بعد پھر انہی کا آئین چلتا آ رہا ہے اور نہ صرف ملک، بلکہ ملک کی ہر سیاسی جماعت، مذہبی، سماجی اور فلاحی تنظیمیں سب ہی بغیر آئین چل رہی ہیں، لیکن یہ چلنا وہ نہیں جسے ہم گاڑی کا چلنا کہتے ہیں یا یہ کہ چلتی کا نام گاڑی، بلکہ یہ وہ چلنا ہے جسے آخر میں کہا جاتا ہے کہ "چل بسے"۔

جس طرح کائنات بغیر آئین کے نہیں چل سکتی اسی طرح دنیا کی کوئی ریاست بغیر آئین کے بہت زیادہ دیر تک نہیں چل سکتی، ملک پاکستان کا المیہ ہے کہ اس ریاست کے آئین سے کہیں زیادہ طاقتور شخصیات ہوتی ہیں، حالانکہ آئین ہمیشہ کے لئے ہوتا ہے اور شخصیات چند برس تک رہنے والی ہوتی ہیں پھر جب ایک شخصیت کے بعد دوسری شخصیت طاقت میں آتی ہے تو پچھلا سب کچھ بدل جاتا ہے جس سے ہم ایک قدم آگے جانے کے بعد دو قدم پیچھے کو لڑھک جاتے ہیں ریاستی آئین پر عمل نہ کرنے کا نتیجہ ہے کہ اس ملک میں کوئی ایک بھی ادارہ اپنی حدود میں درست کام نہیں کر رہا، کوئی ایک بھی جماعت یا تنظیم آئین کے ساتھ نہیں چل رہی، ہماری کرکٹ کی تباہی کرکٹ بورڈ کے آئین کے مطابق نہ چلنے کی وجہ ہے۔ اور عوام کی یہ حالت ہے کہ انہیں آئین کا علم ہی نہیں کہ یہ کس چڑیا کو کہتے ہیں عام عوام تو عام ہیں سیاسی جماعتوں کے عہدیدار اور کارکن بھی آئین کے جھنجھٹ سے آزاد اپنے مفادات کے اسیر ہیں ان کو تو آئین اور منشور کے فرق کی بھی تمیز نہیں ہے اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ کئی سیاسی جماعتوں کے بہت متحرک کارکن آئین کو منشور یا منشور کو آئین سمجھ رہے ہوتے ہیں ان کے لیے ایک مثال دیتا ہوں جس بنیاد پر پاکستان بنایا تھا اسے منشور کہتے ہیں اور جس پر ملک چلانا تھا اسے آئین کہتے ہیں۔

جزائر ہوائی سے ایک خط

ہوائی چپل خریدتے ہوئے کبھی یہ گمان بھی نہ گزرا کہ اس کا ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے جزائر ہوائی سے بھی کوئی تعلق واسطہ ہو سکتا ہے۔ ہونولولو جزیرے پر پہنچا تو ساحل پر موجود سیاحوں کے پاؤں میں پڑی چپل پر غور کرتے ہی یہ دیرینہ عقدہ کھلا کہ ہماری چپل کو ہوائی سے کیا نسبت ہے۔ امریکہ کے جغرافیہ میں سب سے آخر میں شامل ہونیوالی اس ریاست کو 137 جزائر کا جھرمٹ کہتے ہیں۔ ہوائی کئی لحاظ سے منفرد ہے۔ امریکہ کی یہ واحد ریاست ہے جس کی سرکاری زبان انگریزی نہیں بلکہ ہوائین زبان ہے اور دوسرا امتیاز یہ کہ براعظم ایشیا میں شامل اکلوتی امریکی ریاست ہے۔ مقامی زبان کیسے سفر کرتی ہوئی یہاں پہنچی؟ یہ کوئی زیادہ پرانی بات نہیں ہے، پندرہ صدیاں پہلے ان جزائر کو پولینیشن لوگوں نے آباد کیا۔ بحرالکاہل کے چھوٹے چھوٹے جزائر پر آباد آسٹریلیا، نیوزی لینڈ سے لیکر چلی تک پھیلے ہوئے ان لوگوں کی کل آبادی آج کل تیس لاکھ بتائی جاتی ہے مگر اس کی تفصیل کا یہ محل نہیں ہے۔ بات ہوائی کی ہو رہی ہے تو بتاتا چلوں ہوائی چیزوں سے میرے شہر کے لوگ بہت گھبراتے ہیں۔ گھر میں ان کا نام لینا بھی معیوب سمجھا جاتا ہے۔ بڑے سیانے بچوں کو یہ سمجھاتے ہیں کہ ان کا ذکر کرنا اپنے گھر ان چیزوں کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ ہو سکتا ہے ہوائی چپل کی طرح ہوائی چیزوں کا بھی ان جزائر سے کوئی تعلق واسطہ ہو مگر میری ناقص معلومات میں ایسا کچھ نہیں آ سکا۔ البتہ وکیکی کا نام سن کر کسی خوبصورت ساحل سمندر سے زیادہ جنات، پریوں کی کہانی کے کسی دیوتا کا سا تاثر پیدا ہوتا ہے۔

ہونولولو اس جھرمٹ کا سب سے بڑا جزیرہ ہے، جس کی آبادی ہمارے میاں چنوں جتنی، یعنی ساڑھے تین لاکھ کے قریب ہے۔ جزائر ہوائی کی کل آبادی پندرہ لاکھ سے کچھ کم ہے، جو کہ سو جزائر پر پھیلی ہوئی ہے۔ کئی جزیرے بے آباد ہیں، یعنی ایک بھی انسان ان پر زندگی بسر نہیں کرتا۔ حالانکہ قدرتی حسن سے مالامال ان تمام جزائر میں پھل سبزیاں وافر ہیں اور جوتے کپڑے یہاں پر ویسے ہی اضافی محسوس ہوتے ہیں کہ تمام برس درجہ حرارت وہی رہتا ہے جو جہاز کے اندر یعنی 24 سینٹی گریڈ ہوتا ہے۔ آج ایک خاتون پولیس آفیسر جو گشت پر تھی اور ساحل پر ہونے والی نقل وحرکت پر غور کر رہی تھی میرے قریب آ کر کھڑی ہوگئی۔ روایتی مغربی انداز میں گفتگو کا آغاز کرنے کے لئے میں نے موسم کا تذکرہ کیا کہ کیا خوبصورت موسم ہے یہاں کا، ایسا حسین موسم تو دنیا میں شاید کہیں بھی نہیں ہوگا۔ میرے تجزیے سے اتفاق کرتے ہوئے کہنے لگی سال بھر 60 سے 70 فارن ہائیٹ کے درمیان ہی یہاں کا درجہ حرارت رہتا ہے جو کہ نہایت شاندار ہے۔ حالانکہ مجھے فارن ہائیٹ سکیل کی کبھی بھی سمجھ نہیں آئی مگر امریکی لوگ درجہ حرارت کی بات اسی سکیل سے کرتے ہیں لہٰذا میں نے بات کا پہلو تبدیل کر دیا، پوچھنے لگا کہ میں نے سن رکھا ہے کہ جزائر ہوائی میں شادی شدہ عورتیں کان کے اوپر بالوں میں پھول ایک طرف رکھتی ہیں، جبکہ غیر شادی شدہ دوسری طرف، اب یہ دائیں کون رکھتی ہیں اور بائیں جانب کون سی؟ مجھے کنواریوں اور سہاگنوں کے اس طرز عمل کی وضاحت درکار ہے۔ اس پر پولیس افسر نے میٹھی مسکراہٹ کے ساتھ سمجھایا کہ میں تمہیں یہ بات یاد رکھنے کا ایسا ٹوٹکہ بتاتی ہوں کہ تم کبھی نہیں بھولو گے۔ شادی کی انگوٹھی جس طرح بائیں ہاتھ کی انگلی میں پہنی جاتی ہے، اسی طرح محبت میں مبتلا اور منسوب خواتین بھی بالوں کے بائیں جانب کان کے اوپر سفید رنگ کا ہوائی کا مخصوص گلچین سے ملتا جلتا پھول لگاتی ہیں جبکہ غیر منسوب اور محبت کی منتظر، دستیاب خواتین اپنے دائیں کان کے اوپر بالوں میں یا پھر جوڑے کے دائیں طرف یہی مخصوص ہوائی کی شناختی علامت سمجھا جانے والا سفید پھول ٹانکتی ہیں۔ فربہ خوش مزاج پولیس والی نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ تم دل کو یاد رکھو، دل چونکہ انسان کے سینے کے بائیں جانب ہوتا ہے اسی لئے شادی کی انگوٹھی بھی بائیں ہاتھ کی دوسری انگلی میں پہنی جاتی ہے، بلکہ ایسے ہی پھول بھی دل کی سمت میں ہی ٹانکا جاتا ہے۔ یہاں البتہ ایک جملہ معترضہ ہے کہ پھول کے دائیں اور بائیں ٹانکنے کا تعلق شادی سے نہیں بالکل محبت میں باندھے گئے عہد وپیمان سے ہوتا ہے، اگر دونوں کے درمیان وفا نبھانے کا اقرار موجود ہے تو پھر پھول دل کی طرف چلا جائے گا، چاہے شادی نہ بھی ہوئی ہو۔ کہنے لگی کہ دیکھو نا، پہلے لوگ زیادہ مہذب ہوتے تھے۔ اب بچوں کی موجودگی میں کوئی باحیا عورت یہ تھوڑی کہہ سکتی ہے کہ وہ محبت کے لئے دستیاب ہے؟ مگر پھول ٹانکنے سے محبت کے متلاشی سمجھ جاتے ہیں کہ بات ہو سکتی ہے۔ گفتگو کے دوران خاتون نے اپنے بائیں ہاتھ کی انگلی میں سنہری چھلا دکھاتے ہوئے یہ بھی کہا کہ وہ ڈیوٹی کے دوران بالوں میں پھول ٹانکنے سے ڈسپلن کی وجہ سے گریز کرتی ہے۔

گرد سفر
عامر بن علی (جاپان)

ہوائی کا دنیا بھر میں سیاحتی مرکز کے طور پر شناخت بنانے کا عمل اور امریکہ میں اس کی شمولیت ایک ساتھ ہی شروع ہوئی کہیں تو یہ زیادہ غلط نہیں ہوگا۔ وہ یوں دیکھ لیں کہ جزائر کے جھرمٹ ہوائی کا سب سے بڑا اور معروف جزیرہ ہونولولو ہے، اس میں پہلا باقاعدہ ہوٹل 1901ء میں بنا اور امریکہ کے ساتھ اس کا الحاق سن 1900 میں ہوا تھا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ آج بھی یہ ہوٹل قائم ودائم اور اسی طرح مقبول ہے۔ یہ سطور میں اسی سات منزلہ ہوٹل کی لابی میں بیٹھ کر لکھ رہا ہوں۔ سامنے سمندر ہے اور ساحل پر لوگوں کا میلہ لگا ہوا ہے۔ شام کے وقت سورج ڈوبنے کا منظر یہاں بہت ہی دل آویز ہوتا ہے۔ آپ اس بات سے اندازہ لگا لیں کہ اگر وائے کیکی ساحل پر آج غروب آفتاب کے وقت تین ہزار لوگ تھے تو ان میں سے ڈھائی ہزار افراد اپنے موبائل فون سے ڈوبتے سورج کی تصویر کھینچ رہے تھے یا ویڈیو بنانے میں مشغول تھے، تاکہ اس دل کش منظر کو محفوظ بنا لیں۔ میں باقی ماندہ پانچ سو لوگوں میں سے تھا، چونکہ یہ حرکت مجھے تو بدذوقی محسوس ہوتی ہے۔ آپ کو آنکھوں اور دل میں ایسے منظر محفوظ کرنے کی کوشش کرنی چاہئے، ایسی تصویریں انٹرنیٹ میں کبھی بھی مل جائیں گی جو یہ افراد کھینچ رہے تھے، خیر اپنا اپنا سوچنے کا انداز ہے ہر کسی کا اور اس بابت سب آزاد ہیں۔

پرل ہاربر اور اسی مقام پر واقع میوزیم بھی اہم سیاحتی مقام ہے۔ اس میوزیم کو اسی مقام پر تعمیر کیا گیا ہے جہاں پر جاپان نے دوسری عالمی جنگ کے دوران ہوائی حملہ کیا تھا 1941 میں جاپان کے اس "کامی کھازی" حملے جس کا لفظی ترجمہ تو "خدا کی ہوا" ہے لیکن اسے خودکش حملہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ جاپانی جہاز جب اڑتے تو ان میں صرف اتنا تیل ہوتا جس سے وہ اپنے ٹارگٹ تک پہنچ جائیں، واپسی کا پٹرول نہیں ڈالا جاتا تھا اور جنگی جہاز کو بارودی مواد سے بھر دیا جاتا تھا، یہ جہاں جہاں بھی ٹکراتا، تباہی مچا دیتا تھا۔ ہمارے ہاں جو کہتے ہیں کہ "ہوا بدل گئی ہے" "یا آج کل ادھر کی ہوا ہے، اس کی ہوا بن گئی ہے، بالکل یہی مفہوم اور مطلب "کامی کازی" پائلٹوں کا ہوتا ہے کہ یہ خدا کی جانب سے ہوا بتا رہے ہیں۔ حق کی فضا بنانے والے ہیں۔ پرل ہاربر میوزیم کا اہم حصہ وہ بحری بیڑہ ہے جس پر جاپان نے اپنی شکست کی دستاویز پر دستخط کر کے ہتھیار ڈالے تھے۔

☆☆☆

قوت
SPORTS
PAKISTAN

کراچی آل کراچی سیمج ڈاڈا رمضان فلڈ لائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ میں مہمان خصوصی عظیم جاپانی کے محمود آباد گرین کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

شاہد آفریدی نے شاداب کی ٹیم میں واپسی پر سوال اٹھادیا

لڑکے ٹیم میں کیسے واپس آتے ہیں یہ کسی کو معلوم نہیں، شاداب خان نے ڈومیسٹک کرکٹ میں کونسی پرفارمنس دی ہے؟

لاہور (میاں شہروز سے) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور مایہ ناز آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے ٹیم میں شاداب خان کی واپسی پر سوال اٹھادیا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو میں شاہد آفریدی نے کہا کہ لڑکے ٹیم میں کیسے واپس آتے ہیں یہ کسی کو معلوم نہیں، شاداب خان نے ڈومیسٹک کرکٹ میں کونسی پرفارمنس دی ہے؟ انہوں نے کہا کہ میرٹ کے اوپر جب فیصلے نہیں ہوں گے تو چیزیں ایسی چلیں گی، آج جو لڑکے ٹی20 سے باہر ہیں، وہ کل واپس آجائیں گے۔ سابق کپتان نے مزید کہا کہ چیمپئنز ٹرافی فائنل تقریب میں پی سی بی کا نمائندہ نہ بلانا بڑا سوال ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ ہم سارا وقت تیاری کرتے ہیں اور آخر میں سرجری کرتے ہیں، ہماری کرکٹ کافی عرصے سے آئی سی یو میں ہے۔ جیسے ہی نیا چیئرمین آتا ہے وہ سب تبدیل کردیتا ہے۔ شاہد آفریدی نے یہ بھی کہا کہ ہم بہت تیزی سے کپتان تبدیل کرتے ہیں، کپتان اور کوچز کو وقت دیں ان پر تلوار نہ لٹکائیں۔ انہوں نے کہا کہ سرجریز پلیئرز کی ہورہی ہیں مینجمنٹ خود کو بچارہی ہے، کوچز اپنی نوکری بچانے کیلیے کھلاڑیوں پر الزام لگاتے ہیں، جب جیتتے ہیں تو کوچز کریڈٹ خود لیتے ہیں۔ سابق کپتان نے کہا کہ سلمان آغا ون ڈے کا اچھا پلیئر ہے، ٹی ٹوئنٹی میں اس کا اسٹرائیک ریٹ کم ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی بہت مثبت آدمی ہیں، وہ کام کرنا چاہتے ہیں۔

ہلال کے برازیلی فارورڈ نمبر 10 نیمار العین کے حزا بن زاید سٹیڈیم میں یو اے ای کے العین اور سعودی کے الہلال کے درمیان اے ایف سی چیمپئنز لیگ گروپ بی فٹ بال میچ سے پہلے وارم اپ کر رہے ہیں۔

انگلش کرکٹر ہیری بروک آئی پی ایل سے دستبردار ہو گئے، وجہ بھی بتادی

میں دہلی کیپیٹلز سے معذرت خواہ ہوں، اپنی تمام تر توجہ انٹرنیشنل کرکٹ پر مرکوز رکھنا چاہتے

لندن (این این آئی) انگلش کرکٹ ٹیم کے نوجوان بیٹر ہیری بروک انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2025 سے دستبردار ہو گئے۔ انگلینڈ کے اسٹار بیٹر ہیری بروک نے پیر کو انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے آئندہ سیزن سے دستبردار ہونے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تمام تر توجہ انٹرنیشنل کرکٹ پر مرکوز رکھنا چاہتے ہیں۔ 26 سالہ بروک، جو جوس بٹلر کی جگہ انگلینڈ کے وائٹ بال کپتان بننے کے اہم امیدوار سمجھے جارہے ہیں، کو آئی پی ایل کے رواں سیزن کیلئے دہلی کیپیٹلز نے خریدا تھا۔ بروک نے سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے لکھا کہ میں نے ایک بہت مشکل فیصلہ کیا ہے کہ میں آئی پی ایل کے اس سال کے سیزن میں حصہ نہیں لوں گا، میں دہلی کیپیٹلز سے معذرت خواہ ہوں۔ ہیری بروک نے لکھا کہ میں کرکٹ سے محبت کرتا ہوں، بچپن سے ہی میرے لیے اپنے ملک کی نمائندگی کرنا ایک خواب رہا ہے، یہ انگلینڈ کرکٹ کے لیے ایک بہت اہم وقت ہے اور میں آنے والی سیریز کے لیے مکمل تیاری کرنا چاہتا ہوں۔ بروک نے مزید کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ سب لوگ میرے فیصلے کو نہیں سمجھیں گے اور میں ان سے یہ توقع بھی نہیں رکھتا لیکن مجھے وہی کرنا ہے جو میرے لیے درست ہے اور اپنے ملک کے لیے کھیلنا میری پہلی ترجیح رہے گی۔ یاد رہے کہ بروک نے گزشتہ سیزن میں بھی دہلی کی ٹیم سے اپنا معاہدہ منسوخ کردیا تھا۔

ٹاپ سیڈڈ آرینا سبالینکا ڈبلیو ٹی اے انڈین ویلز اوپن ٹینس ویمنز سنگلز پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں

کیلیفورنیا (این این آئی) بیلاروس کی نامور ٹینس سٹار، عالمی نمبر ون اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈڈ آرینا سبالینکا ڈبلیو ٹی اے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ 26 سالہ ٹاپ سیڈڈ آرینا سبالینکا نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے میچ میں 26 سالہ اطالوی حریف ٹینس کھلاڑی لوسیا برونزٹی کو شکست دے کر نہ صرف ڈبلیو ٹی اے ایونٹ سے باہر کر دیا بلکہ ٹاپ 16 راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ ڈبلیو ٹی اے کے زیر اہتمام ویمنز ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے امریکا کی ریاست کیلیفورنیا میں جاری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے راؤنڈ میچ میں 26 سالہ بیلاروس کی نامور ٹینس سٹار، عالمی نمبر ون اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈڈ آرینا سبالینکا نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 26 سالہ اطالوی حریف ٹینس کھلاڑی لوسیا برونزٹی کو سٹریٹ سیٹس می 1-6 اور 2-6 سے شکست دے کر ایونٹ کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا، جہاں ان کا مقابلہ برطانوی حریف ٹینس سٹار سونی کارٹل سے ہوگا۔ ایک اور میچ میں امریکی ٹینس سٹار کوکو گوف نے بھی تیسری رکاوٹ عبور کرلی،

انگلش پریمیئر لیگ، چیلسی نے لیسٹرسٹی کو سخت مقابلے کے بعد 0-1 گول سے ہرادیا

لندن (این این آئی) چیلسی نے انگلش پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں لیسٹرسٹی کی ٹیم کو سخت مقابلے کے بعد 0-1 گول سے ہرادیا۔ یہ چیلسی کی ای پی ایل میں 14 ویں فتح ہے۔ مارک کوکوریلا نے ایک گول کر کے چیلسی کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ سٹیمفورڈ برج، لندن، انگلینڈ میں کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں چیلسی کی ٹیم نے انتہائی سخت مقابلے کے بعد لیسٹرسٹی کی ٹیم کو 0-1 گول سے ہرادیا۔ مارک کوکوریلا نے ایک گول کر کے اپنی ٹیم چیلسی کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ لیسٹرسٹی کی ٹیم میچ میں گول سکور نہ کرسکی۔ واضح رہے کہ انگلش پریمیئر لیگ میں لیورپول کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل پر سب سے زیادہ 70 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر برقرار ہے۔ آرسنل کی ٹیم 55 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے اور ناٹنگھم فارسٹ کی ٹ 51 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ یہ چیلسی کی ای پی ایل میں 14 ویں فتح ہے اور اس فتح کے بعد چیلسی کی ٹیم 49 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر چوتھے نمبر پر پہنچ گئی ہے۔ مارک کوکوریلا نے ایک گول کر کے چیلسی کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا

آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی کی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان کردیا

ٹیم میں کوئی پاکستانی کھلاڑی شامل نہیں، مچل سینٹنر کپتان، بھارت کے 6، نیوزی لینڈ کے 4 اور افغانستان کے دو کھلاڑی شامل

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے چیمپئنز ٹرافی کی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان کردیا۔ آئی سی سی کی جانب سے اعلان کردہ چیمپئنز ٹرافی کی ٹیم میں کوئی پاکستانی کھلاڑی شامل نہیں، نیوزی لینڈ کے مچل سینٹنر کو کپتان منتخب کیا گیا ہے۔ ٹیم میں بھارت کے 6، نیوزی لینڈ کے 4 اور افغانستان کے دو کھلاڑی شامل ہیں۔ بھارت کے اکشر پٹیل کو ٹیم میں 12 ویں کھلاڑی کے طور پر منتخب کیا گیا ہے، راچن رویندرا، ابراہیم زدران، ویرات کوہلی، شریاس ایئر، کے ایل راہول ٹیم کا حصہ ہیں۔ نیوزی لینڈ کے گلین فلپس، عظمت اللہ، مچل سینٹنر، محمد شامی، میتھ ہینری اور ورون چکرورتی بھی ٹیم کے لیے منتخب ہوئے ہیں۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی 2025 کے فائنل میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو شکست دے کر تیسری بار ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ بھارت کے اکشر پٹیل کو ٹیم میں 12 ویں کھلاڑی کے طور پر منتخب کیا گیا ہے، راچن رویندرا، ابراہیم زدران، ویرات کوہلی، شریاس ایئر، کے ایل راہول ٹیم کا حصہ ہیں۔ ٹیم میں کوئی پاکستانی کھلاڑی شامل نہیں، مچل سینٹنر کپتان، بھارت کے 6، نیوزی لینڈ کے 4 اور افغانستان کے دو کھلاڑی شامل

انڈین ویلز اوپن ٹینس مینز ڈبلز، جو سیلسبری اور نیل سکوپسکی پر مشتمل برطانوی جوڑی کا فاتحانہ آغاز

ابتدائی راؤنڈ میچ میں ہسپانوی ٹینس کھلاڑی پیڈرو مارٹینز پورٹرو اور ان کی فرانسیسی جوڑی دار جیوانی میپٹشی پیریکارڈ کو شکست

کیلیفورنیا (این این آئی) انگلینڈ کے نامور ٹینس سٹار جو سیلسبری اور ان کے ہم وطن جوڑی دار نیل سکوپسکی پر مشتمل برطانوی جوڑی انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے ڈبلز مقابلوں کا فاتحانہ انداز میں آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی۔ جو سیلسبری اور نیل سکوپسکی پر مشتمل برطانوی جوڑی نے مردوں کے ڈبلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میچ میں ہسپانوی ٹینس کھلاڑی پیڈرو مارٹینز پورٹرو اور ان کی فرانسیسی جوڑی دار جیوانی میپٹشی پیریکارڈ کو شکست دے کر دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ اے ٹی پی کے زیر اہتمام انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے امریکا کی ریاست کیلیفورنیا میں جاری ہیں۔ پیر کو مردوں کے ڈبلز مقابلوں کے ابتدائی میچ میں انگلینڈ کے نامور ٹینس سٹار جو سیلسبری اور ان کے ہم وطن جوڑی دار نیل سکوپسکی پر مشتمل برطانوی جوڑی نے سخت مقابلے کے بعد ہسپانوی ٹینس کھلاڑی پیڈرو مارٹینز پورٹرو اور ان کی فرانسیسی جوڑی دار جیوانی میپٹشی پیریکارڈ کو 6-7(9-11)، 6-4 اور 10-7 سے شکست دے کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کردیا بلکہ فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ ابتدائی راؤنڈ میچ میں ہسپانوی ٹینس کھلاڑی پیڈرو مارٹینز پورٹرو اور ان کی فرانسیسی جوڑی دار جیوانی میپٹشی پیریکارڈ کو شکست

FIFA
PFF
AFC
EXTRAORDINARY CONGRESS

لاہور میں منعقدہ ایک غیر معمولی کانگریس میں فیفا کی مجوزہ آئینی ترامیم کو بھاری اکثریت سے منظور کیا (پاکستان فٹ بال فیڈریشن انسٹاگرام)

مغربی جرمنی کے شہر لیورکوسن میں بائر لیورکوزن اور بائرن میونخ کے درمیان فٹ بال میچ کا منظر

اس تصویر میں غزہ کے علاقے جبالیہ میں ایک فلسطینی خاندان گھر کے ملبے پر بیٹھا افطار کررہا ہے (عمر القطا / اے ایف پی)

غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے چین میں گہرائی سے ترقی کرنے کا موقع آچکا ہے، چینی میڈیا

چین میں غیر ملکی سرمایہ کاری سے چلنے والے اداروں کی تعداد 1.239 ملین سے زیادہ ہوگئی

بیجنگ (این این آئی) چین کی جانب سے وسعت اور کھلے پن میں تسلسل اور استحکام ہے، جو غیر ملکی مالی اعانت سے چلنے والے کاروباری اداروں کے لئے بہت اہم ہے اور یہی ہمارا چین میں گہرائی سے ترقی کرنے کا اعتماد ہے۔ ڈنمارک کی ایک معروف بائیو کمپنی نوووینیس گروپ کے ایشیا پیسفک ریجن کے نائب صدر وانگ چھونگ نے چین کے دو اجلاسوں کی جانب سے جاری کردہ پالیسی پیغامات پر گہری توجہ دی ہے۔ منگل کو چینی میڈیا نے بتایا کہ چین میں وانگ چھونگ جیسے غیر ملکی کمپنیوں کے ایگزیکٹوز کے لئے چین کے دو اجلاسوں پر توجہ مرکوز کرنا ایک لازمی مشق ہے۔ 2024 کے اختتام تک، چین میں غیر ملکی سرمایہ کاری سے چلنے والے اداروں کی تعداد 1.239 ملین سے زیادہ رہی، اور استعمال شدہ غیر ملکی سرمایہ کاری کی مالیت 20.6 ٹریلین یوآن رہی ہے۔ 2024 میں، چین میں نامزد سائز سے بالا غیر ملکی مالی اعانت سے چلنے والے صنعتی اداروں کا منافع نامزد سائز سے بالا چینی صنعتی اداروں کے مقابلے میں 1.2 فیصد پوائنٹس زیادہ رہا۔ رواں سال کی حکومتی ورک رپورٹ میں، "اعلیٰ سطحی کھلے پن کو بڑھانا اور غیر ملکی تجارت اور سرمایہ کاری کو فعال طور پر مستحکم کرنا 2025 میں چینی حکومت کے دس بڑے کاموں میں سے ایک ہوگا۔ ٹیلی کمیونیکیشن، طبی دیکھ بھال اور تعلیم کے شعبوں میں پائلٹ منصوبوں کو وسعت دینے سے لے کر غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری میں اضافے کی ترغیب دینے، مختلف شعبوں میں غیر ملکی مالی اعانت سے چلنے والے کاروباری اداروں کے ساتھ قومی سلوک کی مؤثر طور پر ضمانت دینے اور مارکیٹ اور قانون پر مبنی بین الاقوامی فرسٹ کلاس کاروباری ماحول پیدا کرنے تک، رپورٹ میں تجویز کردہ پالیسی اقدامات حال ہی میں جاری کردہ "غیر ملکی سرمایہ کاری کو مستحکم کرنے کے لئے 2025 ایکشن پلان" کے مطابق ہیں، اور اس سے واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ چین کے دروازے وسیع سے وسیع تر ہوں گے، اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے مزید مواقع سامنے آئیں گے۔ یہ سمجھنا مشکل نہیں ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کار چین میں وسیع سرمایہ کاری کا انتخاب کیوں کرتے ہیں۔ اس کے بنیادی عوامل میں، ایک سپر بڑے پیمانے کی مارکیٹ، ایک مکمل اور موثر پیداوار اور سپلائی چین سسٹم، ایک مسلسل بہتر جدت طرازی کا ماحول، اعلیٰ معیار کے ٹیلنٹ کی مناسب فراہمی، اور صارفین کی بڑھتی ہوئی طلب، وغیرہ شامل ہیں۔

اس تصویر میں فلسطینی وزیراعظم اور وزیرخارجہ محمد مصطفیٰ اسلامی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شریک ہیں (عامر ہلالی / اے ایف پی)

یوکرین کا ماسکو پر ڈرون حملہ، ایک شخص ہلاک، درجنوں عمارتیں متاثر

شہر بھر میں بجلی کی بندش اور عمارتوں کو نقصان پہنچا، روسی حکام

ماسکو (این این آئی) یوکرین نے روسی دارالحکومت ماسکو پر سب سے بڑا ڈرون حملہ کردیا جس کے نتیجے میں کم از کم ایک شخص ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے جبکہ شہر بھر میں بجلی کی بندش اور عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ روسی حکام کے مطابق 337 ڈرونز داغے گئے جن میں سے 91 ڈرونز ماسکو ریجن کو نشانہ بنانے کیلئے بھیجے گئے۔ ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانین نے تصدیق کی کہ یہ اب تک کا سب سے بڑا یوکرینی حملہ تھا۔ ماسکو ریجن کے گورنر آندرے وروبیو کے مطابق، حملے کے نتیجے میں ایک شہری ہلاک جبکہ تین زخمی ہو گئے۔ حملے کے بعد روسی حکام نے ماسکو کے چاروں بڑے ایئرپورٹس پر پروازیں معطل کر دیں جبکہ یروسلاول اور نزنی نووگورود کے ایئرپورٹس کو بھی عارضی طور پر بند کر دیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ رامینسکوئے ضلع میں سات سے زائد رہائشی اپارٹمنٹس کو نقصان پہنچا، جہاں سے لوگوں کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ اسی دوران، دوموڈیدوو ضلع میں ایک ریلوے اسٹیشن بھی حملے کی زد میں آیا، جہاں متعدد ٹرینیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ بیلگورود اور ریازان کے علاقوں میں بھی حملے کی اطلاعات موصول ہوئیں جس کی وجہ سے کئی علاقوں میں بجلی کی سپلائی منقطع ہوگئی۔ یوکرین کی حکومت نے ان حملوں کو روس کی جنگی حکمت عملی پر جوابی کارروائی قرار دیا جبکہ روسی وزارت خارجہ کی ترجمان ماریا زاخارووا نے دعویٰ کیا

امریکا، 154 کلو وزنی ماں نے بچے پر بیٹھ کر اس کی جان لے لی

انڈیانا (این این آئی) امریکی ریاست انڈیانا کے شہر والپاریسو سے تعلق رکھنے والا 10 سالہ بچہ اپنی ماں کے 340 پاؤنڈ وزن کی وجہ سے جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈکوٹا لیوی اسٹیونز نامی بچے کی موت اس کی 340 پاؤنڈ وزن والی ماں جینیفر لی ولسن کے مبینہ طور پر اس پر تقریباً 5 منٹ تک بیٹھنے کی وجہ سے ہوئی۔ پولیس کو 25 اپریل 2023 کو ولسن کے گھر سے ایک ایمرجنسی کال موصول ہوئی، پولیس پہنچی تو 10 سالہ ڈکوٹا بے ہوش تھا اور اس کی نبض بھی نہیں چل رہی تھی، بچے کے گلے اور چھاتی پر شدید چوٹیں موجود تھیں، جس کی وجہ سے اسے فوری ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ بچ نہ سکا۔ رپورٹس کے مطابق 48 سالہ جینیفر کو اس کے لے پالک بچے کے قتل میں 6 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ ملزمہ کے کہنا تھا کہ بچہ جھوٹی تکلیف کا ڈرامہ کر رہا ہے اور اپنا دردبڑھا چڑھا کر پیش کر رہا تھا، اسی لیے وہ اس کے چیخنے کے باوجود اس کے اوپر سے نہ ہٹی۔ خاتون نے بچے پر تقریباً 5 منٹ تک بیٹھے رہنے کا اعتراف کیا اور بتایا کہ جب اس نے حرکت کرنا بند کردی تو میں سمجھی کہ یہ ڈرامہ کر رہا ہے لیکن جب بچے کی آنکھیں کھول کر دیکھیں تو وہ زرد تھیں۔ جینیفر نے عدالت میں بیان دیا کہ اس کی نیت بچے کو گھر سے بھاگنے

جوہری پروگرام کے مذاکرات بارے امریکا کی جانب سے کوئی خط موصول نہیں ہوا، ایران

تہران (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ جوہری پروگرام کے مذاکرات کے حوالے سے امریکا کی جانب سے کوئی خط موصول نہیں ہوا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل باغائی نے کہا کہ ایران جوہری پروگرام کے بارے میں مذاکرات کے حوالے سے امریکا کی طرف سے کوئی خط موصول نہیں ہوا ہے۔ فوکس بزنس نیٹ ورک کو انٹرویو دیتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ وہ جوہری معاملے پر ایران کے ساتھ بات چیت کرنا چاہتے ہیں اور انہوں نے ملک کی قیادت کو ایک خط بھیجا ہے جس کی اسماعیل باغائی نے تردید کی ہے کہ ہمیں ایسا کوئی خط موصول نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے کبھی بھی مذاکرات کا دروازہ بند نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ تاہم، ہم کسی ایسی مذاکراتی تجویز کو قبول نہیں کرتے جو ڈرانے دھمکانے پر مبنی ہو اور بنیادی طور پر اسے مذاکرات کے طور پر نہیں مانتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ طاقت کے استعمال کی دھمکی کو بین الاقوامی قانون کے تحت ممنوعہ اور مجرمانہ کارروائی سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے فروری میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے قومی سلامتی کے مشیر مائیکل والٹز کے ریمارکس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن دراصل ایران کو دھمکی دے رہا ہے۔

بین الاقوامی عدالت کے وارنٹ پر فلپائن کے سابق صدر کی گرفتاری

ڈوٹیرٹے نے اپنے دور حکومت میں منشیات کے خلاف سخت مہم چلائی، جس میں ہزاروں افراد ہلاک ہوئے

منیلا (این این آئی) فلپائن کے سابق صدر روڈریگو ڈوٹیرٹے کو منیلا ایئرپورٹ سے گرفتار کرلیا گیا، ان کی گرفتاری بین الاقوامی عدالت کی جانب سے انسانیت کے خلاف جرائم کے الزام میں جاری وارنٹ کے تحت عمل میں آئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈوٹیرٹے 2016 سے 2022 تک فلپائن کے صدر رہے اور اپنے دور حکومت میں انہوں نے منشیات کے خلاف سخت مہم چلائی۔ اس مہم میں ہزاروں افراد ہلاک ہوئے جن میں سے بیشتر پولیس مقابلوں یا نامعلوم افراد کے ہاتھوں مارے گئے۔ انٹرنیشنل کولیشن فار ہیومن رائٹس ان فلپائن نے ڈوٹیرٹے کی گرفتاری کو تاریخی لمحہ قرار دیا۔ تنظیم کے چیئرمین پیٹر مرفی نے کہا کہ انصاف کی جیت ہوئی ہے، یہ گرفتاری ان مظلوموں کیلئے امید کی کرن ہے جو ڈوٹیرٹے کے جبر کا شکار ہوئے تھے۔ تاہم، ڈوٹیرٹے کے سابق ترجمان سالواڈور پینیلو نے گرفتاری کی مذمت کی اور اسے غیر قانونی قرار دیا کیونکہ فلپائن نے 2019 میں ICC کی رکنیت چھوڑ دی تھی۔ ڈوٹیرٹے حالیہ دنوں میں ہانگ کانگ کے دورے پر تھے، جہاں وہ 12 مئی کو ہونے والے سینیٹ انتخابات کیلئے اپنی مہم چلا رہے تھے۔

چین دنیا کو ایک محرک قوت فراہم کرنا جاری رکھے گا، وزارت خارجہ

چین نے ہمیشہ کھلے پن کی غیر متزلزل پالیسی پر عمل کیا ہے، ترجمان ماؤ ننگ

بیجنگ (این این آئی) چینی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ چین دنیا کو ایک محرک قوت فراہم کرنا جاری رکھے گا، چین نے ہمیشہ کھلے پن کی غیر متزلزل پالیسی پر عمل کیا ہے۔ چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے یومیہ پریس کانفرنس میں چین کے کھلے پن کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ خواہ بیرونی ماحول کیسے بھی تبدیل ہو، چین نے ہمیشہ کھلے پن کی غیر متزلزل پالیسی پر عمل کیا ہے، ادارہ جاتی کھلے پن میں مسلسل توسیع کی ہے اور آزاد اور یکطرفہ کھلے پن کو منظم انداز سے وسعت دی ہے۔ ماؤ ننگ نے کہا کہ چین غیر ملکی تجارت کو مستحکم کرنے، خدمات میں تجارت، سبز تجارت اور ڈیجیٹل تجارت کو فروغ دینے اور اعلیٰ معیار کے ساتھ سی آئی آئی ای، کینٹن میلے، خدمات میں تجارتی میلے، ڈیجیٹل تجارتی میلہ اور کنزیومر ایکسپو جیسی بڑی نمائشوں کا اہتمام کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ چین غیر ملکی سرمایہ کاری کی بھرپور حوصلہ افزائی کرے گا، انٹرنیٹ اور ثقافت کے شعبے میں کھلےپن کو منظم طریقے سے فروغ دے گا، اور ٹیلی کمیونیکیشن، طبی دیکھ بھال اور تعلیم کے شعبوں میں پائلٹ منصوبوں کو وسعت دے گا۔ ترجمان نے کہا کہ چین اعلیٰ معیار کے بیلٹ اینڈ روڈ تعاون کو فروغ دے گا، چین-یورپ مال بردار ٹرین کے مستحکم اور ہموار آپریشن کو یقینی بنائے گا، مغربی خطے میں نئی زمینی-سمندری راہداری کی تعمیر کو تیز کرے گا، اور پیداوار اور سپلائی چین میں بین

حق العودة
لا يسقط بالتقادم
فلسطين
أرضي وأرض أجدادي
للمرأة الفلسطينية

غزہ فلسطینی مرد وخواتین اپنے حقوق اور خواتین کے لیے قانون سازی کی حمایت میں منعقدہ احتجاجی مظاہرے میں شریک ہیں

نساؤنا اسود اشاوس

غزہ فلسطینی مرد وخواتین اپنے حقوق اور خواتین کے لیے قانون سازی کی حمایت میں منعقدہ احتجاجی مظاہرے میں شریک ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

وہیل لاک ہونے پر ڈرائیور کو 2000 جرمانہ ادا کرنا ہوگا: عائشہ بٹ

سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا شہر بھر میں رانگ پارکنگ کے خلاف کارروائی مزید سخت کرنے کے احکامات

Wrong Parking
Fine
Rs.2000
For Contact
Helpline
1915

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ھدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ نے رانگ پارکنگ کے خلاف وہیل لاک سسٹم کے تحت کاروائی کا آغاز کر دیا۔ شہر بھر کی اہم شاہراہوں پر رانگ پارکنگ گاڑیوں کے وہیل کو لاک کر دیا جائے گا، اور 2000 جرمانہ کیا جائے گا۔ جرمانے کی ادائیگی کے بعد وہیل کو اَن لاک کیا جائے گا سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ رانگ پارکنگ ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ کا بڑا سبب ہے، رانگ پارکنگ کے خلاف موثر کاروائی کے لیے لفٹر کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کے وہیل لاک کر کے بھی کاروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ ٹریفک کے بہاؤ کو مزید بہتر کیا جا سکے۔ گوجرانوالہ شہر ایک صنعتی شہر ہے اور یہاں پر بازار تقریباً ایک ہی جگہ پر موجود ہیں، دیگر اضلاع سے گوجرانوالہ میں امدورفت زیادہ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کا رش رہتا ہے اور جگہ جگہ رانگ پارکنگ ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ کا سبب بنتی ہے۔ سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ ٹریفک کے بہاؤ کو ہر صورت برقرار رکھتے ہوئے قانونی کاروائی عمل میں لائی گی۔ سی ٹی او گوجرانوالہ نے شہریوں سے بھی درخواست کی ہے کہ اس عمل میں ٹریفک پولیس کا ساتھ دیتے ہوئے اپنی گاڑیوں کو غلط پارک نا کریں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

والدِ محترم کی وفات، ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے: مون لکھوی ایڈووکیٹ

وہ بطور انسان، بزرگ، باپ اور انسانیت کے ہمدرد ایک عظیم انسان تھے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) معروف قانون دان مون لکھوی نے کہا کہ میرے والدِ محترم حکیم ظفر اللہ قمر لکھوی جو کہ طویل علالت کے بعد خالق حقیقی سے جا ملے۔ وہ بطور انسان، بزرگ، باپ اور انسانیت کے ہمدرد ایک عظیم انسان تھے۔ ایک ایسی شاندار شخصیت کے مالک تھے، جو مخلص، بے لوث خدمت خلق اور فلاح انسانیت کا عملی نمونہ تھے۔ انکی ساری زندگی عوام الناس خصوصاً معاشرے کے ایسے افراد جو کمزور تصور کیے جاتے ہیں، انکی مدد کرتے ہوئے خالصتاً اللہ کی رضا کے حصول کے لئے گزری۔ انہوں نے زندگی کے شب وروز نہایت سادہ مگر باوقار انداز میں گزارے۔ انہیں جب اور جہاں کسی نے مدد کے لئے پکارا یا انکو کوئی ذمہ داری سونپی گئی تو انہوں اپنی صحت، بساط اور دائرہ کار کو پس پشت ڈالتے ہوئے اسے بھرپور انداز سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ انکی معاشرتی اور فلاحی خدمات کی ایک لمبی فہرست ہے، جن کا رحمت الٰہی کا حصول کے علاوہ کوئی نعم البدل نہیں۔ ان کے جنازے میں ہزاروں افراد جن میں علماء، خطباء، وکلاء، ڈاکٹرز، سیاستدانوں اور دیگر معززعلاقہ کی کثیر تعداد میں شرکت اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ وہ کیسی باوقار زندگی بسر کر کے گئے ہیں۔

کمشنر گوجرانوالہ/گجرات ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت گندم کی فصل کی صورتحال

زراعت میں وزیراعلیٰ کے اقدام اور چاول کی جلد بوائی پر پابندی کے حوالے سے ڈویژنل اجلاس منعقد ہوا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ/گجرات ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیرصدارت گندم کی فصل کی صورتحال، زراعت میں وزیراعلیٰ کے اقدام اور چاول کی جلد بوائی پر پابندی کے حوالے سے ڈویژنل اجلاس منعقد ہوا۔ تمام ڈویژنل سربراہان زراعت، محکمہ پولیس کے نمائندے، کھاد اور بیج کے ڈیلرز/کمپنیوں کے نمائندے، کسانوں کے نمائندے نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ضلع گوجرانوالہ کے علاوہ زراعت کے تمام شعبوں کے ضلعی سربراہان اور رائس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے سائنسدان کالا شاہ کاکو نے آن لائن میٹنگ میں شرکت کی ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالہ ڈویژن ڈاکٹر شکیل احمد نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں 1153 ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت کی جاتی ہے جبکہ گجرات ڈویژن میں 1251 ہزار ایکڑ پر گندم کی بوائی کی گئی ہے۔ اس وقت فصل کی حالت اچھی ہے اور امید ہے کہ ہم اپنے ہدف سے زیادہ پیداوار حاصل کر سکیں گے۔ ڈائریکٹر زراعت توسیع گجرات ڈویژن ڈاکٹر عرفان اللہ وڑائچ نے بتایا کہ کسانوں میں 61 ہزار کسان کارڈ تقسیم کیے گئے، گوجرانوالہ اور گجرات دونوں ڈویژن میں 1134 گرین ٹریکٹر کسانوں کو فراہم کیے گئے۔

سیالکوٹ ماہ رمضان میں غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کا مشن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ ماہ رمضان میں غذا×یت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کا مشن۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کا فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں آپریشن 4 سویٹس یونٹس کو 1 لاکھ 20 ہزار کے جرمانے عا×د، بھاری مقدار میں ممنوعہ اجزء، تلف ممنوعہ اجزاء برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی، سٹوریج ایریا میں حشرات کی بھرمار، بدبودار ماحول پایا گیا، واشنگ ایریا میں فنگس لگی پائی گئی، انتہائی لازم ریکارڈ عدم موجود، تیار اشیاء کھلی موجود پا×ی گ×یں، اشیاء کی تیاری میں حفظان صحت کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزیاں پا×ی گ×یں، تلف کیے گ×ے اجزاء میں نان ٹریس ایبل کھلے رنگ، ممنوعہ امونیا اور رنگ کاٹ شامل ہیں، غیر معیاری ناقص وممنوعہ اشیاء کا استعمال متعدد موذی بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے، افسران اور فوڈ سیفٹی ٹیمیں 3 شفٹوں میں 24 گھنٹے فیلڈ میں موجود رہیں گی، سحر و افطار میں فوڈ پوائنٹس کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی ہدایت پر ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف مہم جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی ہدایت پر ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف مہم جاری ہے اور اب تک ضلع کے 74 میں سے 68 بازار کلیئر کروا لئے گئے ہیں جس دوران 213 دوکانوں کو سیل بھی کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر پختہ تجاوزات کے خلاف شروع کی گئی مہم میں ضلعی انتظامیہ نے اب تک 74 میں سے 68 بازار تجاوزات سے کلیئر کروا لئے ہیں جبکہ باقی بھی مرحلہ وار صاف کرائے جا رہے ہیں۔

چونیاں میں نامعلوم دوستوں کے ساتھ گھر سے باہر جانے والے نوجوان کی پارک سے لاش برآمد

قصور (بیورو چیف) چونیاں میں نامعلوم دوستوں کے ساتھ گھر سے باہر جانے والے نوجوان کی پارک سے لاش برآمد۔ پولیس تھانہ میں سلیم نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ اسد کو گزشتہ رات گیارہ بجے دو نامعلوم دوست گھر سے ساتھ لے گئے اور اگلے دن لاش پارک سے برآمد ہوئی ہے۔ میرا بیٹا پڑھائی کے ساتھ ساتھ ہوٹل پر بھی میرا ہاتھ بٹاتا تھا، اس کے نامعلوم دوستوں نے میرے بیٹے کا قتل کیا ہے اور قتل کرنے کے ہاتھ میں پستول تھما کر جھوٹی سچی کہانیاں گھڑنے کی کوشش کی ہے۔

چیئرمین حافظ اکرم کے ڈیرہ پر اراکین نیشنل پریس کلب ظفروال کی افطار پارٹی

چیئرمین بیت المال نارووال نے اراکین کا استقبال کیا۔ نیشنل پریس کلب میں شامل ہونے والے نئے اراکین کو مبارکباد

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق:- چیئرمین ڈسٹرکٹ بیت المال کمیٹی حافظ محمد اکرم نے نیشنل پریس کلب ظفروال کے اراکین کو اپنے ڈیرہ موضع راجیاں میں افطار ڈنر پر مدعو کیا۔ صدر خواجہ عمران عباس کی سربراہی میں اراکین نیشنل پریس کلب نے شرکت کی۔ چیئرمین حافظ محمد اکرم نے اراکین کا استقبال کیا۔ جبکہ نیشنل پریس کلب ظفروال میں نئے شامل ہونے والے اراکین تحصیل رپورٹر ظفروال حافظ محمد ناظم (روزنامہ انصاف) اور تحصیل رپورٹر محمد ندیم (ڈسکور چینل) کو مبارکباد پیش کی۔ نیشنل پریس کلب ظفروال کے عہدیداران وممبران نے بھی نئے شامل ہونے والے ممبران کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور پھولوں کی مالائیں پہنائیں۔ نئے شامل ہونے والے اراکین نے نیشنل پریس کلب ظفروال کے ساتھ وابستگی کے موقع پر کہا کہ ہماری دلی خواہش تھی کہ علاقہ کے ورکنگ جرنلسٹس کے ساتھ مل کر علاقے کی فلاح وبہبود میں اپنا کردار ادا کریں

نواحی گاؤں سرہالی کلاں میں دم درود کرنے والے شخص نے کمسن بچی کو زبردستی بے آبرو کردیا

قصور (بیورو چیف) نواحی گاؤں سرہالی کلاں میں دم درود کرنے والے شخص نے کمسن بچی کو زبردستی بے آبرو کر دیا، بچی کے شور پر اہل علاقہ نے درگت بنا کر پولیس کے حوالے کر دیا نواحی گاؤں سرہالی کلاں میں دم درود کرنے کے لیے آنے والے فیاض نے 11 سالہ بچی (ر) بی بی کو زبردستی بے آبرو کر دیا بچی کے شور پر اہل علاقہ جمع ہو گئے اور ڈھونگی کی درگت بنانے کے بعد پولیس کی تحویل میں دے دیا۔ مقامی پولیس مصروف کارروائی ہے۔

مصطفیٰ آباد: پوری قوم سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے: صاحبزادہ مخدوم غلام علی عرفانی

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پوری قوم سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، یہ جو سوہنی دھرتی ہے اس کے پیچھے وردی ہے کا نعرہ سو فیصد حقیقت پر مبنی ہے، پوری قوم سید عاصم منیر کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، افواج پاکستان اور محب الوطن پاکستانی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک پلیٹ فارم پر متحد ہیں، دہشت گردوں کے عزائم خاک میں ملا کر دم لیں گے، ملک دشمن عناصر کے خلاف کاروائیوں کے دوران قربانیاں دینے والے شہید پاکستانی قوم کا فخر ہیں، ہم ان کی قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار صاحبزادہ مخدوم غلام علی عرفانی سینئر نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن علماء مشائخ ومذہبی امور پنجاب نے اپنے ایک بیان میں کیا، صاحبزادہ مخدوم غلام علی عرفانی نے مزید کہا کہ سید عاصم منیر کی قیادت میں ہماری سیکورٹی فورسز ملک دشمن عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے، جعفر ایکسپریس پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کو نشان عبرت بنانے پر ہم سیکورٹی فورسز کے مشکور ہیں۔

غیر معمولی فول پروف انتظامات کرنے کے احکامات جاری کر دیئے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈی پی او نے یوم علی کے موقع پر سیکورٹی کے غیر معمولی فول پروف انتظامات کرنے کے احکامات جاری کر دیئے، یوم علی کے حوالے سے روایتی اور لائسنسی پروگرام ہی منعقد ہوسکیں گے، تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا طاہر رحمان کا معاشرتی امن کے قیام واستحکام پر مکمل فوکس ہے، ان کی مانیٹرنگ میں ماہ رمضان المبارک کے پہلے عشرے میں پولیس کی طرف سے کیئے گئے سیکورٹی انتظامات کی وجہ سے ضلع بھر میں کسی قسم کا کوئی ناخوشگوار واقع پیش نہیں آیا، ضلع بھر میں نماز تراویح سمیت پنجگانہ نمازوں کی سیکورٹی کے لئے پولیس مکمل متعدی سے سیکورٹی ڈیوٹی دے رہی ہے، گزشتہ روز ضلع بھر کے پولیس افسران کو پروفیشنل احکامات دیتے ہوئے ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے کہا کہ ماہ رمضان المبارک کے دوسرے عشرے میں سیکورٹی کے انتظامات کو مزید سخت کر دیا گیا ہے۔

کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود رمضان بازاروں کا دورہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود کا تحصیل سانگلہ ہل۔ تحصیل شاہکوٹ اور تحصیل ننکانہ وشہر کا دورہ کمشنر لاہور زید بن

مقصود نے رمضان بازاروں۔ امتحانی مراکز اور پے آرڈرز تقسیم عمل کا جائزہ لیا اور رمضان بازاروں میں سبزیوں، پھلوں، چکن، چینی و دیگر اسٹالز کو چیک کیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے ماڈل بازار میں تمام اشیا کی کوالٹی سمیت نرخنامے بھی چیک کیئے۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے بازار میں موجود خریداروں اور میڈیا نمائندوں سے بھی بات چیت کر کے اطمینان کیا۔ دوران وزٹ کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہری بڑی تعداد میں آرام کے ساتھ ہجوم یا قطاروں کے بغیر خریداری میں مصروف ہیں اور بازار انچارجز۔ مارکیٹ کمیٹی اور ضلعی محکموں کے فوکل پرسنز بھی مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر شہریوں کیلیے رمضان ماڈل وسہولت بازاروں میں بہترین انتظامات کیے گئے ہیں۔

رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں نہتے مسافروں پر حملہ بدترین دہشت گردی ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں نہتے مسافروں پر حملہ بدترین دہشت گردی ہے اس سانحہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں دہشت گردوں کے خلاف سیکورٹی اداروں کی کاروائی قابل تحسین ہیں ان خیالات کا اظہار ضلعی صدر پاکستان راہ حق پارٹی چنیوٹ قاری محمد طاہر رشید، مولانا عبد القادر چنیوٹی امیدوار قومی اسمبلی چنیوٹ، مولانا محمد الیاس چنیوٹی ایم پی اے چنیوٹ، چوہدری محمد سعید ضلعی صدر سنی علماء کونسل چنیوٹ، مولانا رفیق فرحان اور مولانا عمر فاروق نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے تقدس کو پامال کرنے والے درندے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں جعفر ایکسپریس پر حملہ کرنے والوں اور ان کے سہولت کاروں کو نشان عبرت بنایا جائے۔

جہلم دوسرے عشرے کا آغاز ہوتے ہی بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھنے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم دوسرے عشرے کا آغاز ہوتے ہی بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھنے لگا، کپڑوں، جوتوں، آرٹیفشل جیولری چوڑیوں اور مہندی و دیگر اشیاء کی قیمتوں میں دکانداروں نے ہوشربا اضافہ کر دیا ہے، خریدار مہنگائی کے ہاتھوں پریشان۔ تفصیلات کے مطابق دوسرے عشرے کے آغاز کے ساتھ ہی شہر کے بازاروں کی رونقیں بحال ہونا شروع ہوگئی ہیں

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں قائم یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی نہ ملنے کیوجہ سے یوٹیلیٹی سٹور ویران پڑے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں قائم یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی نہ ملنے کیوجہ سے یوٹیلیٹی سٹور ویران پڑے ہیں غریب متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے، شہری پریشان، حکومت سے رمضان المبارک میں یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی دینے کا مطالبہ، حکومت کی جانب سے یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی نہ ملنے کے باعث سٹورز صارفین نہ ہونے کے برابر ہے، جس سے جہاں عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

شہر میں ڈاکو چور راہزن: شہری پریشان، انتظامیہ ایکشن لے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) شہر میں ڈاکو چور راہزن عید سے قبل شہریوں سے عیدی لوٹنے میں مصروف مسلح ڈاکو بے لگام شہری پریشان سٹی پولیس گرفتار کرنے میں ناکام ٹی ایچ کیو کے سامنے چیک اپ کروانے کیلئے جاتے یاسر سے ڈاکوؤں نے دس ہزار نقدی دو قیمتی موبائل لوٹ لیئے ریلوے روڈ کے قریب عمران سے ڈاکو موٹر سائیکل ہزاروں روپے نقدی اور موبائل چھین کر لے گئے منوں مل سٹاپ کے قریب فرخ سلیم سے تین ڈاکو چوبیس ہزار نقدی دو موبائل چھین کر لے گئے نارووال چوک کے قریب سہیل دو مسلح ڈاکوؤں نے اٹھارہ ہزار نقدی اور قیمتی موبائل چھین لیا اختر کی کپڑے والی دوکان سے تین لاکھ چوری ہو گئے ملکانوالہ بازار میں مسرت نامی خاتون سے قیمتی موبائل اور پرس چھین لیا گیا سٹی پولیس تاحال ڈاکو پکڑنے میں مکمل ناکام دکھائی دیتی ہے ڈاکو دندناتے پھرتے وارداتیں کرتے ہیں

تھانہ کنگن پور کی حدود میں اوباش ملزم نے بے آبرو کر دیا

قصور (بیورو چیف) تھانہ کنگن پور کی حدود میں اوباش ملزم نے بے آبرو کر دیا اور نازیبا ویڈیو بنا کر بلیک میل کرتا رہا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ کنگن پور میں شاہد بانو نے درخواست برائے مقدمہ درج کروائی ہے کہ ملزم عبدالوحید مجھے ورغلاء پھسلاء کر میرے ساتھ زیادتی کرتا رہا ہے اور ساتھ میں ملزم میری نازیبا ویڈیو بنا کر مجھے بلیک میل کرتا رہا ہے

جواں سالہ مزدور لڑکا اغواء، مقدمہ درج

قصور (بیورو چیف) قصور کے نواح چونیاں میں جواں سالہ مزدور لڑکا اغواء، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ سٹی پتوکی میں احمد نگر کے رہائشی عابد علی نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ میرا 20 سالہ بیٹا عثمان گھر سے گارمنٹس کی دوکان پر کام کے لیے گیا اور دوکان بند کر کے گھر کے لیے نکلا مگر تاحال گھر کو نہیں پہنچا۔

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران کا ماڈل بازاروں کا دورہ

اہل علاقہ کی جانب سے عبدالستار ایدھی پارک کی جگہ ماڈل بازار کے قیام پر شدید احتجاج اور نعرے بازی

شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت) اہل علاقہ نے عبدالستار ایدھی پارک کی

دوبارہ بحالی کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ شرقپور میں زیر تعمیر دو ماڈل بازاروں کا دورہ کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم، سی او جاوید چوہان، سینٹری انسپکٹر ملک تاج دین، صدر پریس کلب شرقپور راؤ مزمل، صدر جرنلسٹ پریس کلب عثمان ملک و دیگر صحافی برادری اور انتظامیہ بھی موجود تھی۔ جب ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ عمران مارتھ عبدالستار ایدھی پارک پہنچے جس کو مسمار کر کے ماڈل بازار تعمیر کیا جا رہا ہے تو وہاں پر موجود سابقہ ممبر میونسپل کمیٹی شرقپور ملک اقبال احمد جوڑا کے ہمراہ شہریوں اور بچوں نے عبدالستار ایدھی پارک کی مسماری اور قیمتی درختوں کے کاٹے جانے پر احتجاج کرتے ہوئے نعرے بازی کی اور پارک کی دوبارہ بحالی کا مطالبہ کیا۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نے ڈیرہ آرائیاں پرانی سبزی منڈی میں زیر تعمیر ماڈل بازار کا بھی دورہ کیا اور دونوں ماڈل بازاروں کو جلد از جلد مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے۔

تجاوزات کے خلاف مہم کو اسی ہفتے ختم کرنے کی ہدایت کردی

غلہ منڈی میں جاری آپریشن کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے شہر میں جاری تجاوزات کے خلاف مہم کو اسی ہفتے ختم کرنے کی ہدایت کر دی، غلہ منڈی میں جاری آپریشن کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، اب بازاروں کی صفائی اور ملبہ اٹھانے کے کام میں تیزی لائی جائے۔ میونسپل کارپوریشن حکام کو ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں پی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل رائے فیصل عمران، سٹی مینیجر پسپ محمد اسجد خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ جن بازاروں میں تجاوزات گرانی باقی ہیں انہیں بھی فوری صاف کر کے شہر سے ملبہ اٹھانے کے کام پر توجہ مرکوز کی جائے۔

بولان میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملہ کی شدید مذمت

بلوچستان میں بی ایل اے دہشت گرد تنظیم اور علیحدگی پسندوں کو غیر ملکی سپورٹ حاصل ہے

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) ممبر امن کمیٹی، صدر پریس کلب کوٹ رادھا کشن شوکت رحمان خاں نے بلوچستان کے علاقہ بولان میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملہ ٹرین کو آگ لگانے اور خواتین معصوم بچوں سمیت یرغمال بنانے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بی ایل اے دہشت گرد تنظیم اور علیحدگی پسندوں کو غیر ملکی سپورٹ حاصل ہے اس حملے میں بھی دہشت گردوں کو بیرون ملک سہولت کاروں کی مدد حاصل ہے بلوچستان میں بھارت دہشت گردوں اور علیحدگی پسندوں کی پشت پناہی کر رہا ہے جس کی سب سے بڑی نشانی بھارت دہشت گرد کلبھوشن کی بلوچستان سے گرفتاری ہے ٹرین حملے کی بی ایل اے تنظیم کا ذمہ داری لینا پاکستان دشمنی کا پیغام ہے اس تشویشناک صورتحال میں تمام سیاسی جماعتوں اور ان کے اکابرین سمیت پاکستان کے بڑوں کو سر جوڑ کر بیٹھنے کی اشد ضرورت ہے دہشتگردی اور علیحدگی پسند تنظیموں کے قلع قمع کیلئے نیشنل ایکشن پلان پر سختی سے بلاتفریق عمل کرنا چاہئے اس عمل سے ہی شدت پسندی سمیت دہشت گردوں کی کاروائیوں سے نمٹ سکتے ہیں۔ شوکت رحمان خاں نے واقعے پر اظہار مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ٹرین کے مسافروں کی بحفاظت واپسی کے لیے دعا گو ہیں، دہشتگرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔

CRIME
& COURT

جرم وسزا

راجہ مجاہد افسر خان کی طرف سے صوبائی وزیر معدنیات سردار شیر علی گورچانی کو یادگاری شیلڈ پیش

چکوال (ایم ایوب سلطانی) صوبائی وزیر معدنیات سردار شیر علی گورچانی کے ہاتھوں ماسٹر لیبر ویلفیئر گرلز ہائی سکول ڈنڈوت کی نو تعمیر عمارت کا افتتاح× افتتاحی تقریب میں ایم پی ایز ملک تنویر اسلم سیتھی× محترمہ مہوش سلطانہ اور عظیم سماجی شخصیت و مائن اونر راجہ مجاہد افسر خان ڈنڈوت کی خصوصی طور پر شرکت× اس موقع پر معروف سماجی کارکن راجہ مجاہد افسر خان ڈنڈوت نے صوبائی وزیر معدنیات سردار شیر علی گورچانی کو یادگاری شیلڈ پیش کی ماسٹر لیبر ویلفیئر کمشنر چوہدری ریاض بھی اس موقع پر موجود تھے

مبینہ پولیس مقابلہ میں 23 سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) مبینہ پولیس مقابلہ میں 23 سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا زیر حراست زخمی ڈاکو کی شناخت قائم بھروانہ کے رہائشی عثمان بھٹی کے نام سے ہوئی ہے تفصیلات کے مطابق تھانہ شورکوٹ سٹی پولیس کے اہلکار میرک سیال کے قریب ناکہ پر موجود تھے کہ تین نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکوؤں نے پولیس ناکے پر چیکنگ سے بچ نکلنے کے لیے اندھا دھند فائرنگ کر دی جس سے ڈاکو اپنے ہمراہی ساتھی ڈاکوؤں کی اندھا دھند فائرنگ کی زد میں آ کر زخمی ہو گیا شکست خوردگی میں ساتھی ڈاکو رائفل اور موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہو گئے جنکی تلاش جاری ہے گرفتار زخمی ڈاکو ڈکیتی، راہزنی اور چوری سمیت 23 سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ نکلا ہے زیر حراست زخمی ڈاکو کی شناخت عثمان بھٹی سکنہ قائم بھروانہ کے نام سے ہوئی جسے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

دیپالپور اوکاڑہ منشیات سپلائی کرنیوالا ملزم گرفتار

ایس ایچ او سٹی سعید احمد کی بڑی کارروائی، بدنام زمانہ ڈرگ ڈیلر شفیق عرف شبری کو گرفتار کرلیا

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) دیپالپور اوکاڑہ منشیات سپلائی کرنیوالا ملزم گرفتار اوکاڑہ ایس ایچ او سٹی دیپالپور سعید احمد کی اپنی ٹیم کے ہمراہ بڑی کارروائی اوکاڑہ بدنام زمانہ ڈرگ ڈیلر ریکارڈ یافتہ محمد شفیق عرف شبری کو گرفتار کر لیا اوکاڑہ ملزم منشیات کے 07 مقدمات میں ریکارڈ ہولڈر بھی ہے اوکاڑہ ملزم کو قصور روڈ سے حراست میں لیا گیا اوکاڑہ منشیات فروش سے 10 کلو سے زائد چرس برآمد قانونی کارروائی کا آغاز اوکاڑہ منشیات فروشوں کیخلاف اسپیشل جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں ڈی پی او راشد ہدایت ڈسٹرکٹ پولیس اوکاڑہ انسداد منشیات کارروائی اوکاڑہ منشیات سپلائی کرنیوالا ملزم گرفتار اوکاڑہ ایس ایچ او سٹی دیپالپور سعید احمد کی اپنی ٹیم کے ہمراہ بڑی کارروائی اوکاڑہ بد نام زمانہ ڈرگ ڈیلر ریکارڈ یافتہ محمد شفیق عرف شبری کو گرفتار کر لیا اوکاڑہ ملزم منشیات کے 07 مقدمات میں ریکارڈ ہولڈر بھی ہے اوکاڑہ ملزم کو قصور روڈ سے حراست میں لیا گیا اوکاڑہ منشیات فروش سے 10 کلو سے زائد چرس برآمد، قانونی کارروائی کا آغاز اوکاڑہ منشیات فروشوں کیخلاف اسپیشل جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

کراچی سے آنے والی میمونہ نامی لڑکی میاں چنوں میں قتل

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) فیس بک پر دوستی کا انجام، کراچی سے آنے والی میمونہ نامی لڑکی میاں چنوں میں قتل کر دیا گیا، اندھا قتل پولیس نے چند گھنٹوں میں ٹریس کر لیا، ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق فیس بک پر دوستی کا بھیانک انجام، میاں چنوں کے رہائشی محمود نے کراچی جواں سالہ لڑکی کو قتل کر کے نعش کو کھیتوں میں پھینک دیا۔

بچے کے ساتھ بدفعلی کرنے والا ملزم کو عمر قید اور 3 لاکھ روپے کی عدالت نے سزا سنادی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بچے کے ساتھ بدفعلی کرنے والا ملزم کو عمر قید اور 3 لاکھ روپے کی عدالت نے سزا سنادی تفصیلات کے مطابق بھوآنہ میں تعینات ایڈیشنل سیشن جج ثمینہ اعجاز چیمہ نے تھانہ بھوآنہ میں درج بچے کے ساتھ بدفعلی کے مقدمہ کی سزا سنا دی، ایڈیشنل سیشن جج ثمینہ اعجاز چیمہ نے ملزم امجد علی کو عمر قید کی سزا سنادی، ملزم امجد کو 3 لاکھ روپے جرمانہ اور 3 لاکھ روپے متاثرہ بچے کے خاندان کو ہرجانہ دینے ہوں گے۔ مجرم امجد علی 11 سالہ عمر فاروق سکنہ موضع ٹھرکہ کے ساتھ بدفعلی کی تھی، مجرم امجد علی کو سخت سیکیورٹی میں جھنگ جیل منتقل کر دیا گیا ہے

اوکاڑہ تھانہ شاہبھور پولیس کی کارروائی ڈکیت گینگ کے دو کارندے گرفتار

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) اوکاڑہ تھانہ شاہبھور پولیس کی کارروائی ڈکیت گینگ کے دو کارندے گرفتار اوکاڑہ ملزمان سے 2 پسٹل اور 6 لاکھ روپے برآمد اوکاڑہ گرفتار ملزمان میں انصر اور بیک حسین شامل اوکاڑہ ملزمان کا دوران تفتیش متعدد وارداتوں کا انکشاف اوکاڑہ گینگ کے دیگر کارندوں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس ایچ او محمد سلیم اوکاڑہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

مختلف واقعات میں خاتون سے زیادتی کی کوشش اور دو لڑکیاں اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں خاتون سے زیادتی کی کوشش اور دو لڑکیاں اغوا۔ کمال پور کی نسرین بشارت کھانا پکا رہی تھی کہ اس کا جیٹھ تنویر اس کے ساتھ حرامکاری کی نیت سے دست درازی کرنے لگا مزاحمت پر تشدد کا نشانہ بنایا اور اس کے کپڑے پھاڑ دیے سائلہ کا بیٹا زبیر آیا تو ملزم فرار ہو گیا۔

اس رمضان صاحب ثروت افراد عام شہریوں کیلئے بچت بازار سجائیں۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی

مستحقین کی دادرسی کیجئے تشہیر نہیں۔ اظہر حمید بھٹی

سیالکوٹ (بیورو چیف) ریاکاری سے پاک عبادتیں اور سخاوتیں اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں اور اللہ کے پیارے نبی کا بھی یہی حکم ہے۔ صاحب حیثیت لوگوں سے درخواست ہے کہ امسال مفت سحر و افطار کے دسترخوان سجانے کی بجائے بچت بازار سجائے جائیں کہ مفت دسترخوان پر مستحقین تو کھانا کھا لیتے ہیں مگر کیا پتہ انکے بیوی بچے بھوکے سوتے ہوں؟ اللہ کی رضا کیلئے مفلوک الحال مخلوق میں سحر و افطار کے اوقات میں مفت کھانا تقسیم کرنے والے مخیر لوگ ایک سستا بازار قائم کر سکتے ہیں جہاں مہنگی اجناس و اشیائے خورد و نوش سبسڈائز کر کے عوام الناس کو مہیا کی جا سکتی ہیں۔ اس سے سفید پوشوں کی خودداری بھی قائم رہے گی کیونکہ اگر کوئی سفید پوش آپ کے دسترخوان سے مفت نہیں کھانا چاہے تو کیا کرے ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی اور معروف سیاسی وسماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔

ضلع چنیوٹ میں عوامی ضرورت کے دو بڑے منصوبے تکمیل کی جانب گامزن ہیں

چنیوٹ فیصل آباد دورویہ سڑک اور نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال کی تعمیر پر تیز رفتار کام جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع چنیوٹ میں عوامی ضرورت کے دو بڑے منصوبے تکمیل کی جانب گامزن مشاہدہ کیا اور کہا کہ حکومت پنجاب کا عزم عوام کو ریلیف اور بہترین سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے

ہیں۔ چنیوٹ فیصل آباد دورویہ سڑک اور نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال کی تعمیر پر تیز رفتار کام جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے دونوں منصوبوں کا دورہ کیا اور تعمیراتی پیشرفت کا جائزہ لیتے ہوئے کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے 24 کلومیٹر زیر تعمیر چنیوٹ فیصل آباد شاہراہ پر کام کی رفتار اور میٹریل کی کوالٹی کا تعمیراتی کمپنی سے موقع پر بریفنگ بھی لی۔ ڈپٹی کمشنر نے جھمرہ روڈ پر نئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کی زیر تعمیر عمارت کا بھی دورہ کیا اور تعمیراتی کام میں مزید تیزی لانیکا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ ورک فورس میں اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈی ایچ کیو کی نئی بلڈنگ کو 30 جون 2025 تک مکمل کرانا ہے۔

8 مختلف وارداتوں میں نقدی، موبائل فونز، واٹر پمپ ودیگر اشیاء چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) آٹھ مختلف وارداتوں میں نقدی، موبائل فونز، واٹر پمپ ودیگر اشیاء چوری۔ سٹی کے علاقہ سوباوہ کا طلحہ مطلوب اپنے بھائی طیب مطلوب کے ہمراہ گھر میں سوئے ہوتے تھے کہ نامعلوم ملزم پرس سے نقدی 50 ہزار 2 عدد موبائل فون چوری کر کے لے گئے کالج روڈ کے حسن مغل کا موبائل فون سٹوڈیو کے ٹیبل سے چوری محلہ اویس مسجد کے محمد حمزہ کے گھر کے مین گیٹ کا تالا توڑ کر نقدی 55 ہزار، 3 تولے طلائی زیورات چوری مین بازار میں دوران شاپنگ نوید اقبال کی جیب سے نقدی 20 ہزار، موبائل فون، شناختی کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس چوری کوٹلی فرید کے محمد زید کے کاؤنٹر سے موبائل چوری سٹی ہاؤسنگ کھمبلی کے احمد منظور سے دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 10 ہزار، موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈ، لائسنس چھین لئے بھوتانوالی کے سکندحیات کے ڈیرہ سے پانی والی موٹر چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

مصطفیٰ آباد: چوہدری الیاس خاں کی طرف سے وفاقی وزیر ملک رشید کا شاندار استقبال

پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے مالا پہنا کر استقبال کیا، ڈھول کی تاپ پر گوڑوں کا روائتی ڈانس پیش کیا

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) چوہدری الیاس خاں کی طرف سے وفاقی وزیر ملک رشید کا شاندار استقبال، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری محمد الیاس خاں نے معززین علاقہ کے ہمراہ منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے مالا پہنا کر استقبال کیا، ڈھول کی تاپ پر گوڑوں کا روائتی ڈانس پیش کیا، تفصیلات کے مطابق لاری اڈا مصطفیٰ آباد میں چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب و ایم پی اے حلقہ پی پی 176 چوہدری محمد الیاس خاں کی طرف سے ملک رشید احمد خان ایم این اے کو وفاقی وزیر برائے فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ بننے پر ان کا مصطفیٰ آباد میں شاندار استقبال کیا گیا، اس موقع پر مہر علی مہران صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176، احمد جمال ایڈووکیٹ، چوہدری فرغام طور، چوہدری ایوب صابر، رانا منیر، سردار ہمایوں، مہر اسد منیر، اختر بھٹہ کونسلر، مہر شاہد کونہ، کاشف نیاز چیئرمین، چوہدری آصف نمبر دار، عباس جٹ، نوید کھچی، شفقت باری کونسلر، عمران حفیظ ذیلدار، شوکت ایڈووکیٹ، آصف جٹ، عبدالعزیز بھلر، ملک خرم نصر اللہ ضلعی صدر نمبردار ایسوسی ایشن قصور، چوہدری ی ×/3 سین گل ضلعی صدر پولٹری ایسوسی ایشن قصور، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ، سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفیٰ آباد، ملک سلیم چھیما کونسلر، رانا ضیا، رانا شہزاد کونسلر، مہر باشر مہران، ملک ماجد سمیت مختلف چیئرمینوں، وائس چیئرمینوں، کونسلرز، معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے منوں پھولوں کی پتیاں، نوٹوں کی بارش کر کے شاندار استقبال کیا۔ ڈھول کی تاپ پر گھوڑوں نے روائتی ڈانس پیش کیا۔

مصطفیٰ آباد: دم کرنے آئے پیر کی گیارہ سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش: ملزم گرفتار

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) دم کرنے آئے پیر کی گیارہ سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش، بچی کے شور کرنے پر والد نے دھکا مار کر دروازہ کھول کر پیر کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا، مقدمہ درج، ملزم پولیس کے حوالے، تفصیلات کے مطابق نواحی گاوں سرہالی کلاں کے رہائشی نذیر احمد کی گیارہ سالہ بیٹی کو امین عرف فیاض نائی نامی پیر دم کرنے کے لئے آیا اور گھر والوں سے کہا کہ لڑکی میں جن ہے اسے بند کمرے میں اکیلے دم کرنا ہے۔

جہلم سمیت پنجاب میں بارشیں برسانے والا سسٹم کب داخل ہوگا

اس بارے میں محکمہ موسمیات نے بڑی پیش گوئی کردی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت پنجاب میں بارشیں برسانے والا سسٹم کب داخل ہوگا اس بارے میں محکمہ موسمیات نے بڑی پیش گوئی کردی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جہلم سمیت پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بارشیں برسانے والا سسٹم کل 14 مارچ کو داخل ہوگا۔ 14 سے 16 مارچ تک جہلم سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع اور علاقوں میں بارش کے امکانات ہیں۔

اوکاڑہ کے نواح میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک لڑکا موقع پر جاں بحق

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک لڑکا موقع پر جاں بحق جبکہ دو شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 19 ون اے ایل کے رہائشی 12 سالہ عبدالرحمن ولد پرویز احمد 12 سالہ نذیر احمد ولد محمد اصغر اور 14 سالہ اسد علی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک راستے میں قصبہ 29 ون اے ایل شیر گڑھ روڈ کے قریب تیز رفتار نامعلوم گاڑی نے ٹکر مار دی۔

مختلف علاقوں میں ملزمان سے پتنگیں ہیروئین، شراب اور اسلحہ برآمد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف علاقوں میں ملزمان سے پتنگیں، ہیروئین، شراب اور اسلحہ برآمد۔ سٹیڈیم روڈ کے غلام رسول کو گرفتار کر کے 1020 گرام ہیروئین برآمد نجھائی کے خالد محمود کو گرفتار کر کے 70 پتنگیں برآمد کر لیں انود پور پلی ملزم دلمیر کے قبضہ سے 30 لٹر دیسی شراب برآمد موترہ میں عبدالستار کو گرفتار کر کے پسٹل 30 بور بمعہ گولیاں برآمد کر لیں پولیس نے مقدمات درج کر لئے

تھانہ صدر وزیر آباد پولیس کی کاروائی: مصطفیٰ رابر گینگ کے 03 ارکان پولیس کی حراست میں

سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں کا مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین: سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ (12 مارچ 2025ء) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر اے ایس پی وزیرآباد حسن بلال کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر وزیرآباد انسپکٹر گوہر عباس، سب انسپکٹر سمیع اللہ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مصطفیٰ رابر گینگ کے 03 ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 22 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں غلام مصطفیٰ، عرفان عزیز اور سلیم رضا شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ عرصہ دراز سے گوجرانوالہ شہر خصوصاً علاقہ تھانہ صدر وزیرآباد میں راہزنی کی وارداتیں کرتے اور فرار ہو جاتے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں نے مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ ڈکیت اور موٹر سائیکل چور معاشرے کا ناسور ہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہیں گیں۔ سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ صدر وزیرآباد اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

چنیوٹ کے طالب علموں نے سائنس، ریاضی، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کے ماڈلز کی تیاری کے مقابلوں میں نمایاں پوزیشنز حاصل کیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ کے طالب علموں نے سائنس، ریاضی، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کے ماڈلز کی تیاری کے مقابلوں میں نمایاں پوزیشنز حاصل کیں۔ ضلع کے سرکاری سکولوں کے 18 طالب علموں نے صوبہ بھر میں ہونیوالے سائنسی نمائش مقابلوں میں لیپ ٹاپ جیتے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے قائد اکیڈمی میں جیتنے والوں میں لیپ ٹاپ تقسیم کئے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے طالب علموں نے ذہنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ طالب علموں اور اساتذہ کو اس طرح کی سرگرمیوں کے لئے مزید معاونت کرینگے۔

موٹروے پولیس بیٹ نمبر 17 میاں چنوں میں PSV's گاڑیوں کے مینیجرز کے ساتھ میٹنگ

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ کے ویژن کے مطابق ایڈیشنل آئی جی علی احمد صابر کیا× ڈی آئی جی موٹروے پولیس سید فرید علی اور سپرنٹینڈنٹ آف پولیس غلام قادر سندھو کی خصوصی ہدایات پر بیٹ نمبر 17 میں کیمپ آفس میں روڈ سیفٹی بریفنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں تمام PSV'S کمپنیوں کے ٹرمینل مینیجرز فیصل موورز، نیو حبیب خان، اکمل چیمہ، سندوٹریول کو ڈی ایس پی رضوان قیصر نے بریفنگ دی، جس میں ڈرائیونگ کے دوران ڈرائیور کے رویئے کی موثر نگرانی کے لیے ٹریکر سسٹم اور اسکرین ویب کیمرہ کی تنصیب، حفاظتی آلات کی دستیابی جیسے PSV'S میں کم از کم چار آگ بجھانے والے آلات، تمام ڈرائیوروں کو غنودگی سے بچنے کے لئے اینٹی ڈوزنگ ڈیوائسز کا استعمال کرنا چاہیے، تمام PSV'S میں ہنگامی دروازے ہونے چاہئیں، ڈرائیوروں کو اچھی طرح سے اہل ہونا چاہیے

سوتیلی ماں کو قتل کر کے روپوش ہونے والا اشتہاری ملزم گرفتار

ملزم نے 7 جنوری کو جائیداد کے تنازعہ پر ماں کو قتل کیا تھا: گوجرانوالہ سے پکڑا: پولیس

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی کارروائی سوتیلی ماں کو قتل کر کے روپوش ہونے والا اشتہاری ملزم گرفتار نارنگ کے علاقے کالا خطائی میں 7 جنوری کو ملزم حسنین نے اپنے ساتھی محسن کے ساتھ مل کر جائیداد کے تنازعہ پر سوتیلی ماں مصباح بی بی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا نارنگ پولیس نے محسن کو گرفتار کر لیا گیا تھا جبکہ سوتیلی ماں کا قاتل حسنین روپوش ہو گیا نارنگ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے حسنین کو گزشتہ روز گوجرانوالہ کے علاقے سے گرفتار کر لیا ہے اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملزم جتنا بھی چالاک اور ہوشیار ہو پولیس کی گرفت سے نہیں بچ سکتا شہریوں کی جان اور مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائیں گے ملزمان حسین اور محسن دونوں پولیس کی حراست میں ہیں۔

دوران لڑائی نوجوان کو فائر لگنے کا معاملہ: فریقین میں صلح

صدر بازار میں جھگڑے کے دوران پیزا شاپ کے مالک حمزہ عرف ڈالر کو گلے میں گولی لگی تھی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ایک ماہ قبل صدر بازار میں پیش آنے والے فائرنگ کے واقعہ کے فریقین کی صلح کروادی گئی تلخ کلامی پر طول پکڑنے پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا تھا جس سے پیزا شاپ کا نوجوان مالک حمزہ عرف ڈالر گلے میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا تھا جسے تشویشناک حالت میں لاہور میو ہسپتال ریفر کیا گیا جہاں وہ کئی روز تک موت وحیات کی کشمکش میں رہا بعد ازاں طبیعت بہتر ہونے پر گھر منتقل کر دیا گیا علاقہ میں امن وامان کی خاطر کہ مزید حالات خرابی کی طرف نہ جائیں رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض کے والد چوہدری ریاض اور معروف سیاسی شخصیت چوہدری نواز جھنجھول اور چوہدری تیمور نواز جھنجھول نے دونوں فریقین کے درمیان صلح کروادی چوہدری تیمور نواز جھنجھول کے ڈیرہ پر فریقین نے درجنوں معززین علاقہ کی موجودگی میں ایک دوسرے کو گلے لگا کر تمام گلے شکوے ختم کر دیئے۔

گورنمنٹ میونسپل ڈگری کالج فیصل آباد میں ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد

اس سیمینار میں کالج کے پرنسپل، اساتذہ اور طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی، شکایات سے ازالہ کا طریقہ کار زیر بحث رہا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) دفتر صوبائی محتسب کے دفتری امور اور شکایات کے ازالے کے طریقہ کار سے آگاہی کے لئے گورنمنٹ میونسپل ڈگری کالج فیصل آباد میں ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیمینار میں کالج کے پرنسپل، اساتذہ اور طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایڈوائزر صوبائی محتسب ڈاکٹر طارق سردار اور سید مبشر حسین شاہ نے دفتر صوبائی محتسب کے شفاف و موثر احتسابی نظام پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے شکایات درج کرانے کے قانونی طریقہ کار اور ان کے ازالے کے عمل کی وضاحت کی۔ مقررین نے بتایا کہ دفتر محتسب پنجاب عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جہاں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی کسی فیس کی۔ سیمینار کے دوران شرکاء کو شکایات درج کرانے کے مکمل طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا اور آگاہی کے فروغ کے لئے معلوماتی بروشرز تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر طلبہ وطالبات سے گزارش کی گئی کہ وہ دفتر صوبائی محتسب کے اس پیغام کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائیں تاکہ عوام کو اپنے حقوق کے تحفظ اور فوری انصاف کے حصول سے متعلق آگاہی حاصل ہو۔ اختتام پر کالج کے پرنسپل نے ایڈوائزر صوبائی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس مفید اور معلوماتی سیمینار کے انعقاد کو طلبہ و طالبات کے لئے نہایت سودمند قرار دیا۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق عورتوں اور بچوں کی خودکش بمباروں کے ساتھ موجودگی کی وجہ سے آپریشن میں انتہائی احتیاط برتی جارہی ہے، باقی ماندہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لئے سیکیورٹی فورسز کا آپریشن جاری ہے۔ جعفر ایکسپریس ٹرین کی تین سے چار بوگیوں میں آپریشن کلیئر کرلیا گیا ہے۔ ٹرین 11 مارچ کی صبح ساڑھے نو بجے کوئٹہ سے روانہ ہوئی تھی، جب ٹرین گڈالار اور پیرو کنری کے علاقے سے گزری تو وہاں نامعلوم مسلح افراد نے ٹرین پر فائرنگ کردی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ڈرائیور شدید زخمی ہوگیا جو بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا، ساتھ ہی متعدد مسافر بھی جاں بحق ہوچکے ہیں۔ عینی شاہدین اور لیویز ذرائع کے مطابق مچھ کی پہاڑیوں کے درمیان یہ واقعہ پیش آیا ہے، جہاں جعفر ایکسپریس کو روک دیا گیا۔ جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کے بعد کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس معطل کردی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق آج کوئٹہ سے کوئی بھی ٹرین تاحکم ثانی نہیں چلے گی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کی سیکورٹی مزید بڑھادی گئی، پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری ریلوے اسٹیشن پر موجود ہے۔ کوئٹہ سے ریلیف ٹرین مچھ کے لیے آج روانہ کی جائے گی جس میں طبی عملہ، میڈیکل سامان اور دیگر اشیا ریلیف ٹرین پر روانہ کی جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 2

کی عوام کا قیادت پر اعتماد کا مظہر ہے۔ ملک رشید احمد خان کو وفاقی کابینہ میں شامل کرنا ایک تاریخی قدم ہے، جس پر ہم قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اسپیکر نے خطاب کے دوران ملک میں جاری دہشت گردی کے خطرات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کی یلغار ایک بار پھر ملک کی سالمیت کو چیلنج کر رہی ہے۔ بلوچستان میں بھارتی دراندازی سے آگ لگائی جارہی ہے اور راستے سے بھٹکے عناصر پاک فوج پر حملہ آور ہیں۔ لیکن ہم دشمن کے ناپاک عزائم کے سامنے کبھی سر نہیں جھکائیں گے۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قوم پہلے بھی متحد ہوئی اور ردالفساد جیسے آپریشنز کے ذریعے دشمن کو شکست دی، اور آئندہ بھی دشمنوں کے خلاف پوری قوت سے کھڑے رہیں گے۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے سپہ سالار اور وزیراعظم سے اپیل کی کہ خوارجیوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے تاکہ پاکستان میں دیرپا امن قائم ہو۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے مزید کہا کہ عوام کے فلاحی منصوبے جاری ہیں اور قصور میں صحت، تعلیم، اور ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ''عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے اور ہر یونین کونسل کی سطح پر ترقیاتی منصوبوں کو یقینی بنایا جائے گا۔ بعدازاں ملک رشید احمد خان نے جلسے سے خطاب میں قیادت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ عہدہ ایک ذمہ داری ہے اور میں اپنی ذمہ داری کو احسن انداز سے نبھاؤں گا کہ عوام کی خدمت میں کوئی کمی نہ آئے۔ وفاقی مملکت برائے توانائی و پبلک افیئرز خان عبدالرحمٰن خان کانجو نے بھی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم فخر سے اپنے بچوں کو بتائیں گے کہ ملکی تعمیر و ترقی میں ہمارا بھی حصہ ہے۔ جلسے سے اراکین صوبائی اسمبلی ملک احمد سعید خان اور چوہدری الیاس خان نے بھی خطاب کیا۔ جلسے کا اختتام دعاؤں اور ملکی ترقی وسلامتی کے عزم کے ساتھ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دشوار گزار راستوں کے باوجود آپریشن میں شامل سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں کے حوصلے بلند ہیں، سیکورٹی فورسز بروقت کاروائی اور بہادری سے بزدل دہشت گردوں کو پسپائی کی جانب دھکیل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکار بہت جلد اس آپریشن میں کامیاب ہونگے اور بزدل دہشتگردوں کو انکے انجام تک پہنچائیں گے، بزدلانہ حملہ کرنے والے حیوان صفت دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں اور یہ بلوچستان کی ترقی کے دشمن ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردوں کا رمضان المبارک کے پر امن اور بابرکت مہینے میں معصوم مسافروں کو نشانہ بنانا اس بات کی واضح عکاسی ہے کہ ان دہشت گردوں کا دین اسلام، پاکستان اور بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، پاکستان میں بدامنی و انتشار پھیلانے والی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، دہشت گردی کی اس جنگ میں پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، وزیر داخلہ محسن نقوی، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، حمزہ شہباز، وزرائے اعلی اور گورنرز سمیت دیگر سیاسی شخصیات نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

احمد نے بنوں حملے کی مذمت اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کی قرارداد پیش کی جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسیوں کے باعث کسان بدترین حالات سے دوچار ہیں۔ وزیر زراعت عاشق کرمانی نے کہا کہ ساڑھے 6 لاکھ کاشتکاروں کو کسان کارڈ دیا جاچکا ہے، جس سے 50 ارب روپے کی خریداری کی گئی ہے۔ حکومتی رکن امجد علی جاوید نے مزدور کی کم از کم تنخواہ 37 ہزار روپے پر عمل درآمد نہ ہونے پر محکمہ تعلیم اور دیگر سرکاری اداروں کو آڑے ہاتھوں لیا۔

بقیہ بقیہ جات 5

وکلاء کے خلاف جاری توہین عدالت کی کارروائی ختم کر دی۔ قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے 8 فروری 2021 کے ہائیکورٹ کے چیف جسٹس بلاک پر حملہ کیس کی سماعت کی۔ مقدمے میں ملوث وکلاء کے بیان حلفی اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کروائے گئے۔ وکلاء کی جانب سے ممبر اسلام آباد بار کونسل عادل عزیز قاضی، بابر اعوان اور بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران عدالت میں پیش ہوئے۔ عادل عزیز قاضی نے دلائل میں کہا کہ 2021 کا کیس ہے، آخری سماعت پر عدالت نے بیان حلفی مانگے تھے جو جمع کروادیے گئے تھے، اسلام آباد بار کونسل سے بھی کیس ڈسچارج ہوگیا تھا۔ ایڈووکیٹ بابر اعوان نے کہا کہ ایک واقعہ ہوا جو ہڑتال کی وجہ سے ہوا لیکن پولیس نے کیس کو زیادہ ہی بنا دیا، پانچ سال سے زائد ہوگیا کیس چل رہا ہے، اب ختم کردیا جائے۔ کیس میں سابق صدر ہائیکورٹ بار راجا زاہد سمیت دیگر وکلاء شامل تھے جبکہ سابق سیکرٹری تصدق حنیف کو عدالت پہلے ہی ڈسچارج کرچکی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف انٹراکورٹ اپیلوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس دیئے کہ عدالتیں آرٹیکل 175 کے تحت بنیں، کیا فوجی عدالت عدالت بھی آرٹیکل 175 کے تحت بنیں؟ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کوئی ایسا فورم ہے جو آرٹیکل 175 کے تحت نہ بنا ہو اور شہریوں کا ٹرائل کرسکتا ہو؟ جسٹس محمد علی نے کہا آرمی ایکٹ تو خصوصی طور پر افواج پاکستان کے ممبران کیلئے ہے۔ وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے کہا آئین پاکستان میں درج ہے کہ آرمی ایکٹ آرمڈ فورسز کے ڈسپلن اور فرائض کی انجام دہی کیلئے ہے، میں آپ کے سامنے بتا دوں کہ 9 مئی کے واقعات میں انسداد دہشتگردی کا کوئی جرم نہیں تھا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ کسی فوجی اہلکار کے کام میں رخنہ ڈالنے کا جرم انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت آتا ہے، 9 مئی واقعات میں دوسرا جرم آفیشل سیکریٹ ایکٹ کے تحت آتا ہے۔ خواجہ حارث نے کہا کہ آرٹیکل 8 یقینی بناتا ہے کہ افواج اپنے فرائض کو درست طریقے سے ادا کر سکیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ ایف بی علی کیس میں بنیادی حقوق کا سوال تو آیا ہے، خواجہ حارث نے جواب دیا کہ ایف بی علی کیس چیلنج اس بنیاد پر ہوا تھا کہ ہمارے بنیادی حقوق سلب ہو رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی فوجی عدالتوں سے متعلق کیس کی سماعت (آج) جمعرات تک ملتوی کردی گئی۔ خواجہ حارث جواب الجواب جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 7

نے وضاحت کی کہ بلوچستان میں پیش آنے والے ٹرین حادثے اور احترام رمضان کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ تاہم، پنجابی کلچر فیسٹیول اب 14 اپریل کو منعقد ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جعفرآباد میں ٹرین میں پھنسے افراد بحفاظت اپنے گھروں کو پہنچ جائیں گے۔ وزیر اطلاعات نے اس عزم کا اظہار کیا کہ 14 اپریل کو پنجاب کلچر ڈے پورے جوش وخروش کے ساتھ منایا جائے گا، اور پنجابی ثقافت کے رنگ بھرپور انداز میں اجاگر کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 8

الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 5 رکنی آئینی بینچ نے سپر ٹیکس کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے آغاز میں وکلا کی جانب سے لاہور اور اسلام آباد ہائیکورٹس میں اسی نوعیت کی انٹرا کورٹ اپیلیں زیرالتوا ہونے کی نشاندہی کی گئی۔ نجی کمپنیوں کے وکیل مخدوم علی خان سپریم کورٹ کے پاس زیرالتوا مقدمات اپنے پاس منتقل کرنے کا آئینی اختیار موجود ہے، آئینی ترمیم کے بعد مقدمات کی منتقلی کا اختیار واضح کر دیا گیا ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کیا مقدمات منتقلی کے لیے کسی تحریری درخوست کی ضرورت ہوگی؟ جس پر مخدوم علی خان کا کہنا تھا کہ عدالت کی استدعا بھی زبانی درخواست شمار ہوسکتی ہے، اس کے علاوہ عدالت سوموٹو اختیار استعمال کرتے ہوئے بھی مقدمات منتقل کرسکتی ہے۔ مخدوم علی خان کا کہنا تھا کہ مقدمات منتقلی کے اختیار کو آرٹیکل 187 کے ساتھ ملاکر دیکھا جائے گا، حکومت براہ راست سپر ٹیکس کا نفاذ نہیں کرسکتی، کوئی بھی ٹیکس لگانا ہو اس کی وجہ بتانا لازمی ہے۔ بعدازاں آئینی بینچ نے اسلام آباد اور لاہور ہائیکورٹس میں زیرالتوا اپیلیں سپریم کورٹ منتقلی کا حکم دے دیا۔ نجی کمپنیوں کے وکیل مخدوم علی خان نے سپر ٹیکس کے نفاذ کے خلاف اپنے گزشتہ سماعت سے جاری دلائل کا آغاز کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 9

، پارٹی کے امور اور پارلیمانی معاملات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے نواز شریف کو قومی اسمبلی کے جاری اجلاس، قانون سازی کے عمل، اہم پارلیمانی امور اور سولہویں قومی اسمبلی کے پہلے پارلیمانی سال کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران نواز شریف نے پارلیمنٹ میں جاری اپوزیشن کے احتجاج اور ہنگامہ آرائی کے باوجود ایوان کی کارروائی کو بہتر انداز میں چلانے پر اسپیکر قومی اسمبلی کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ عوام اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں اور انہیں ہنگامہ آرائی، نعرے بازی اور احتجاج کی سیاست سے کوئی سروکار نہیں۔ نواز شریف نے اس امر کو خوش آئند قرار دیا کہ اسپیکر قومی اسمبلی نے بطور '' کسٹوڈین آف دی ہاؤس '' حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات میں بھی موثر کردار ادا کیا، تاہم تحریک انصاف کی ضد اور غیر لچکدار رویے کی وجہ سے یہ مذاکرات کسی نتیجے تک نہ پہنچ سکے۔ ملاقات میں نواز شریف نے پارلیمنٹ کی بالادستی، عوامی مفاد میں قانون سازی اور جمہوریت کے استحکام کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط پارلیمنٹ ہی ملک میں سیاسی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے مستقبل کی حکمت عملی، قانون سازی کے ایجنڈے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مزید اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 10

کررہے ہیں، پچاس سو دہشت گرد اکٹھے کیسے ہوتے ہیں، دہشتگردوں کو کس نے اکٹھا ہونے دیا، تحریک انصاف کے پانچ لوگ اکٹھے ہوں تو پولیس مارتی ہے، کیا ان کو دہشت گرد نظر نہیں آتے؟ عمر ایوب نے کہا کہ اڈیالہ جیل کے سامنے ہمیں پانچ بندوں کو گرفتار کیا گیا ہے، انٹیلیجنس ایجنسیز کہاں ہیں؟، انٹیلیجنس ایجنسیز کی لاپرواہی کا خمیازہ مسلح افواج کے جوان بھگت رہے ہیں، انٹیلیجنس ایجنسیز کی لاپرواہی کی مذمت کرتے ہیں، اس حکومت نے پاکستان کی علاقائی سالمیت کو ہلاکر دکھ دیا ہے، آج تک مخصوص نشستوں کو فیصلہ نہیں ہوا، پارلیمنٹ کے دونوں ایوان نامکمل ہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ بلوچستان میں جو آگ لگی ہے اس سے نظریں چرائی جارہی ہیں، ایوان کی کارروائی معطل کرکے بلوچستان پر بات کرنے دینا چاہیے تھی، بلوچستان ٹرین حملے میں بی ایل اے دہشتگردوں نے سیکیورٹی اداروں کے جوانوں اور اہل خانہ کو یرغمال بنایا، یہ سیکورٹی کی ناکامی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

روز کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملے اور 500 مسافروں کو یرغمال بنانے کے بعد کلیئرنس آپریشن میں اب تک 27 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے جبکہ 155 مسافروں کو بازیاب کروالیا گیا۔ ٹرین صبح ساڑھے نو بجے کوئٹہ سے روانہ ہوئی، جب ٹرین گڈالار اور پیرو کنری کے علاقے سے گزری تو وہاں نامعلوم مسلح افراد نے ٹرین پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور شدید زخمی ہوگیا جو بعدازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کا دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری ہے، خودکش بمباروں نے عورتوں اور بچوں کو ڈھال بنایا ہوا ہے اور خودکش بمبار نے تین مختلف جگہوں پر عورتوں اور بچوں کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ عورتوں اور بچوں کی خودکش بمباروں کے ساتھ موجودگی کی وجہ سے آپریشن میں انتہائی احتیاط برتی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

برآمد کے لیے خام چینی کی درآمد کے علاقائی ماڈلز کا جائزہ لینے کے لیے ایک بین وزارتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کمیٹی کی سربراہی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ کریں گے جس میں وزیر تجارت، وزیر پیٹرولیم، معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار، سیکرٹری صنعت، جہانگیر خان ترین، ممبر ای سی، پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے دو نمائندے اور سیکرٹری نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ شامل ہوں گے۔ کمیٹی کو چینی کی قیمتوں کے جاری مسئلے کو حل کرنے کے لئے حکمت عملی تیار کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ کمیٹی اپنی رپورٹ دس دن کے اندر پیش کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 13

فارم 47 رجیم نے پاکستان کی سلامتی کو ہلاکر رکھا دیا۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ بلوچستان میں بی ایل اے نے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کو یرغمال بنایا، ہم بی ایل اے کے اس حملے کی مذمت کرتے ہیں، وقفہ سوالات موخر کرتے اور اس واقعے پر بات کرتے، بلوچستان واقعہ انٹیلی جنس کی ناکامی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہر بات ہورہی ہے اور حکومتی اراکین گپ شپ کررہے ہیں، پچاس سو دہشت گرد اکٹھے کیسے ہوتے ہیں، دہشتگردوں کو کس نے اکٹھا ہونے دیا، تحریک انصاف کے پانچ لوگ اکٹھے ہوں تو پولیس مارتی ہے، کیا ان کو دہشت گرد نظر نہیں آتے؟ عمر ایوب نے کہا کہ اڈیالہ جیل کے سامنے ہمیں پانچ بندوں کو گرفتار کیا گیا ہے، انٹیلیجنس ایجنسیز کہاں ہیں؟، انٹیلیجنس ایجنسیز کی لاپرواہی کا خمیازہ مسلح افواج کے جوان بھگت رہے ہیں، انٹیلیجنس ایجنسیز کی لاپرواہی کی مذمت کرتے ہیں، اس حکومت نے پاکستان کی علاقائی سالمیت کو ہلاکر دکھ دیا ہے، آج تک مخصوص نشستوں کو فیصلہ نہیں ہوا، پارلیمنٹ کے دونوں ایوان نامکمل ہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ بلوچستان میں جو آگ لگی ہے اس سے نظریں چرائی جارہی ہیں، ایوان کی کارروائی معطل کرکے بلوچستان پر بات کرنے دینا چاہیے تھی، بلوچستان ٹرین حملے میں بی ایل اے دہشتگردوں نے سیکیورٹی اداروں کے جوانوں اور اہل خانہ کو یرغمال بنایا، یہ سیکورٹی کی ناکامی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

بی بی کی 2 مقدمات میں ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کی۔ بشریٰ بی بی کیجانب سے انصر کیانی اور شمسہ کیانی ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ عدالت نے بشریٰ بی بی کی تھانہ سیکرٹریٹ کے مقدمے میں عبوری ضمانت میں 28 اپریل تک اور تھانہ کراچی کمپنی کے مقدمے میں 29 اپریل تک توسیع کردی۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے حاضری سے استثنٰی اور شامل تفتیش ہونے کیلئے درخواست دائر کی گئی۔ وکیل صفائی نے استدعا کی آئی او کو باقاعدہ ہدایات دیں کہ وہ بشریٰ بی بی سے جیل میں تفتیش کرے۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کہا کہ میں آج آرڈر میں لکھ دوں گا کہ بی بی کو شامل تفتیش کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 15

میں سحری کرنے برنس روڈ پہنچے جہاں ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں، کارکنوں اور عوام نے ان کا استقبال کیا۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں مسافر یرغمال بنائے جانے کے معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان، گورنر اور سیکیورٹی ادارے کے افسران سے تفصیلی بات کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب پاکستان میں سرمایہ کاری کی بات ہوتو حالات خراب کردیے جاتے ہیں، اس دہشتگردی میں بیرونی ہاتھ ملوث ہونے سے متعلق برطانیہ میں کہی ہوئی میری بات سچ ثابت ہوگئی۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ہمارے کچھ یوٹیوبر جو پاکستان سے باہر بیٹھ گئے ہیں انہوں نے کروڑوں ڈالر لے لئے ہیں اور یہ پاکستان افواج کو بدنام کررہے ہیں تاہم قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روزے داروں کو یرغمال بنانے والے مسلمان نہیں ہوسکتے۔ افواج پاکستان سے اپیل کرتا ہوں کہ ان دہشتگردوں کو عبرت کی مثال بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

احسان نہیں کرے گا تو وہ یہ بات ہم تک پہنچادیں تاکہ ہم ایک دوسرے کو انگیج نہ کریں اور یہی بات ہم مولانا فضل الرحمان کو بھی بتادیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اتحاد میں کچھ شرائط کے ساتھ چلنے کو تیار ہوں گے مگر کسی پارٹی کے ساتھ چلنا ہماری مجبوری نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

خلاف ہیں۔ کوئی ملک آئین کے مطابق نہ چلے تو یہ سنگین جرم ہے۔ شبلی فراز نے کہا کہ کل میں نے سینیٹ میں اپنی تقریر میں آئینی نکات اٹھائے ہیں۔ سینیٹ کے چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین یا صدر کے جو الیکشن ہوئے یہ ایک لحاظ سے غیرآئینی ہیں۔ جن شقوں کا حوالہ دیا گیا ہے یہ واضح ہے کہ ان شقوں کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنما کا مزید کہنا تھا کہ یہ جو آئین کی خلاف ورزی کی گئی ہے اس معاملے کو ہم سپریم کورٹ لے کے جارہے ہیں۔ جب کسی طریقہ کار کے بغیر آئین میں تبدیلیاں کردی جائیں تو آئین محض کاغذ کا ٹکڑا بن کے رہ جاتا ہے۔ مختلف کیسز کی آج سماعت ہوئی جن میں سے اکثر کیسز کی لاہور ہائیکورٹ سے ضمانتیں ہوچکی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

حسینہ واجد کی خاندانی جائیدادیں اور بینک اکاؤنٹس ضبط کرنے کا حکم دے دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈھاکہ عدالت نے حسینہ واجد کے دھانمنڈی علاقے میں واقع گھر جسے سوداسدھن کہا جاتا ہے کو خاندان کے دیگر افراد کی ملکیتی جائیدادوں سمیت ضبط کرنے کا حکم دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق ایک اہلکار نے بتایا کہ عدالت نے ان کے خاندان سے تعلق رکھنے والے 124 بینک اکاؤنٹس کو بھی ضبط کرنے کا حکم دیا ہے۔ ڈھاکہ میٹروپولیٹن کے سینئر سپیشل جج ذاکر حسین غالب نے انسداد بدعنوانی کمیشن (اے سی سی) کی درخواست کے بعد یہ حکم جاری کیا۔ شیخ حسینہ کے آنجہانی شوہر جوہری سائنسدان ایم اے وازید میاں کو سودھا میاں کہا جاتا تھا، گھر سودھا سدھن ان کے نام پر رکھا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 19

میڈیا کے مطابق تیلگو دیشم پارٹی (ٹی ڈی پی) کے رکن و ممبر لوک سبھا کالیتی اپالا نائیڈو نے ہفتہ 8 مارچ کو عالمی یوم خواتین کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب میں اعلان کیا کہ جو خواتین تیسرے بچے کو جنم دیں گی انہیں 50 ہزار روپے انعام دیا جائے گا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ تیسری اولاد بیٹا ہونے پر ایک گائے بھی انعام میں دی جائے گی، یہ نقد رقم وہ اپنی تنخواہ سے دیں گے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تیلگو دیشم پارٹی کے رہنما اور کارکنان اس پیشکش کو اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی شیئر کررہے ہیں۔ اس سے قبل آندھرا پردیش کے وزیر اعلی نے جنوبی بھارت میں گرتی ہوئی آبادی پر تشویش کا اظہار کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 20

نے کہا ہے کہ شہریوں کے خلاف حملے ناقابل قبول ہیں، حادثے سے متعلق صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں، معصوم مسافروں کو یرغمال بنانے کی خبر پر افسوس ہوا، مسافروں کی رہائی جلد ممکن بنائے جائے۔ دوسری جانب ایران نے بھی پاکستان میں مسافر ٹرین پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تہران مسافروں کے خلاف دہشت گرد کارروائی کی سختی سے مذمت کرتا ہے، شہریوں کو نشانہ بنانا خوفناک ہے، ایرانی حکومت معصوم شہریوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ ایرانی سفارتخانے کے ترجمان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں بچوں، خواتین اور بزرگوں سمیت معصوم شہریوں کو یرغمال بنایا گیا، شہریوں کے خلاف پرتشدد اقدامات اور اہم مواصلاتی نظام کو متاثر کرنا انسانیت کے خلاف بزدلانہ جرم ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بلوچستان میں ملک دشمنوں کی جانب سے بدامنی پھیلانے کے سلسلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور جانے والی ٹرین (جعفر ایکسپریس) پر حملہ کرکے مسافروں کو یرغمال بنالیا گیا تھا تاہم سیکیورٹی فورسز نے بزدل دشمن سے 155 مسافروں کو رہا کروالیا جبکہ آپریشن میں 27 دہشت گردوں کو جہنم واصل اور متعدد کو زخمی کردیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 21

لترتیب 44.62 فیصد اور 41.62 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان آٹوموبائل ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے لیکر فروری 2025 تک کی مدت میں ملک میں 67135 کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 44.62 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 46419 یونٹس کاروں کی فروخت ہوئی تھی، اسی طرح مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ملک میں 68558 یونٹس کاروں کی پیداوار ہوئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 48408 یونٹس کے مقابلہ میں 41.62 فیصد زیادہ ہیا عداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ہونڈا کاروں کے 10265 یونٹس، ٹویوٹا یارلیس 13602 یونٹس، سوزوکی سوفٹ 5295 یونٹس اور سوزوکی کلٹس کے 1887 یونٹس کاروں کی فروخت ہوئی

بقیہ بقیہ جات 22

حمایت میں نئی برینڈڈ ٹیسلا گاڑی خریدلی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے لال رنگ کی نئی چمچماتی ہوئی ٹیسلا کمپنی کی گاڑی خریدی ہے۔ اس موقع پر ڈونلڈ ٹرمپ کے ہمراہ ٹیسلا کمپنی کے سی ای او ایلون مسک بھی تھے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق گاڑی اصل قیمت پر ڈسکاؤنٹ مانگے بغیر 80 ہزار ڈالرز میں خریدی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ گاڑی ایلون مسک کی الیکٹرک وہیکل کمپنی کی حمایت میں خریدی گئی ہے۔ اس سے قبل امریکی صدر ٹرمپ نے ٹیسلا کی گاڑی خریدنے کا اعلان کیا تھا۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اپنے ڈونر اور قریبی ایڈوائزر ایلون مسک کی حمایت کے طور پر ٹیسلا گاڑی خریدوں گا، ایلون مسک امریکی قوم کے لیے بہترین خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

پراسیکیوٹر اور وکلائے صفائی پیش ہوئے، تاہم عدالت نے سماعت بغیر کسی کارروائی کے 9 اپریل تک ملتوی کردی۔ دوران سماعت کمرہ عدالت میں موجود کسی بھی گواہ کا بیان ریکارڈ نہیں ہوسکا۔ عدالتی حکم کے بعد جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت اب عیدالفطر کے بعد ہوگی۔ قبل ازیں جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت روزانہ کی بنیاد پر ہورہی تھی، تاہم اب عدالت نے 28 دن کے لیے سماعت ملتوی کردی، جس پر وکلائے صفائی اور ملزمان حیرت کا اظہار کرتے رہے۔ عدالت نے ملزمان کو حاضری لگا کر جانے کی اجازت دی۔ واضح رہے کہ جی ایچ کیو حملہ کیس میں اب تک استغاثہ کے 25 گواہان کے بیانات قلم بند کیے جاچکے ہیں۔ سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وکیل صفائی فیصل ملک نے بتایا کہ سماعت 9 اپریل تک ملتوی ہوگئی۔ 26 نومبر احتجاج کیسز میں کل 1088 کارکن گرفتار تھے، 200 کی کل ضمانتیں منظور ہوئیں۔ تمام گرفتار شدگان کی ضمانتیں دائر کردی گئی ہیں۔ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد بھی عدالت پہنچیا ور بتایا کہ عمرے سے آج صبح ہی واپس پہنچا اور عدالت حاضر ہوگیا۔ پی ٹی آئی رہنما شاندانہ گلزار بھی عدالت پہنچیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر بیان میں کہا کہ کینیڈا پر 50 فیصد اضافی ٹیرف کا اطلاق کل صبح 12 مارچ سے ہوگا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ کینیڈا فوری طور پر مختلف امریکی ڈیری مصنوعات پر 250 فیصد ٹیرف ختم کرے، اگر کینیڈا ٹیرف ختم نہیں کرتا تو میں 2 اپریل کو امریکا آنے والی کاروں پر ٹیرف بڑھادوں گا۔ امریکی صدر نے کہا کہ ہم کینیڈا کو سالانہ 200 بلین ڈالر سے زیادہ کی سبسڈی دے رہے ہیں، کیوں؟ کینیڈا ہماری 51 ویں ریاست بن جائے، تمام ٹیرف ختم کردیئے جائیں گے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ کینیڈین کے ٹیکسوں میں نمایاں کمی کی جائے گی، ایک عظیم قوم بن جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 25

فرار ہوگئے۔ پولیس نے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیں اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا لالہ موسی ریلوے لائن کے ریلوے اسٹیشن ہریا کے علاقہ مراد وال میں آتشیں اسلحہ سے مسلح موٹر سائیکل سواروں نے اندھادھند فائرنگ کرکے دو کزن نوجوانوں 15 سالہ حسن اور 17 سالہ رضوان کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے ابتدائی طور پر معلوم ہوا کہ موٹر سائیکل سوار گاں ہریا سے آئے اور مراد چوک میں کھڑے دونوں نوجوان کزنوں پر اندھادھند فائرنگ کی جو موقع پر ہی دم توڑ گئے پولیس تھانہ ملکوال نے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیں اور جائے وقوعہ سیشواہد اکھٹے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

میرے نزدیک پارٹی ماں ہوتی ہے میرے قائد میاں محمد نواز شریف ہیں جن کی ایک ایک جھلک حلقہ بھر میں نظر آتی ہے ملکی تاریخ میں حلقہ بھر میں میاں نواز شریف اور مسلم لیگ ن کے سوا کسی نے کوئی کام نہیں کیا، تمام میگا پراجیکٹ جاری تکمیل شدہ اور پائپ لائن منصوبے میرے اور مسلم لیگ ن کے ہیں۔ انہوں نے کہا عوام باشعور ہیں عوام کو گمراہ نہ کیا جائے اگر عمران خان کے تانگے میں کشش ہوتی تو مسلم لیگ ن کی چھتری کا سہارانہ لیتا پرتاب ان کا کہنا تھا کہ سیاست میں تلخیاں نہیں ٹھہرا ہوتا ہے میرے نوجوانوں کو جعلی ڈگریاں اور کلاشنکوف نہیں لیپ ٹاپ اور کتابوں کی ضرورت ہے وہ حلقہ بھر سے ائے ورکروں کارکنوں اور اہل علاقہ سے گفتگو کررہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 27

خریدنے والوں میں پاکستانی پانچویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ پاکستانیوں کی دبئی میں جائیداد کی خریداری میں مزید اضافہ ہورہا ہے، گزشتہ سال دبئی میں سب سے زیادہ جائیداد خریدنے کرنے والوں میں پاکستانی پانچویں نمبر پر پہنچ گئے۔ اس سے پہلے پاکستانی ساتویں نمبر پر تھے۔ دبئی کی پراپرٹی کنسلٹنسی بیٹر ہومز کی رپورٹ کے مطابق بھارتی شہری اس حوالے سے پہلے نمبر پر ہیں۔ یو اے ای کے ڈویلپر ڈاماک کے مطابق رواں سال دبئی میں پراپرٹی کی قیمتیں 5 سے 8 فیصد تک بڑھنے کا امکان ہے۔ جبکہ پام جمیرا اور ڈاؤن ٹاؤن دبئی جیسے لگژری مقامات پر قیمتوں میں اس سے بھی زیادہ اضافہ متوقع ہے۔ جائیداد کی خریداری کے حوالے سے برطانوی دوسرے نمبر پر رہے جبکہ روسی خریدار تیسری سے نویں پوزیشن پر آگئے۔ ترک شہری دسویں نمبر پر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

بزدلانہ عمل ہے، بلوچستان حکومت کا فوری ایمرجنسی کا نفاذ موجودہ صورتحال سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کرے گا، ٹرین میں موجود مسافروں کے تحفظ کیلئے دعاگو ہوں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ جعفر ایکسپریس پر حملہ بزدلانہ دہشت گردی ہے، حملہ آوروں کو عبرتناک انجام تک پہنچائیں گے۔ انکا کہنا تھا کہ خون بہانے والوں کو زمین پر جگہ نہیں ملے گی، دہشت گردوں کا مکمل صفایا کیا جائے گا، بلوچستان میں ریاست کی رٹ چیلنج کرنے والوں کو نیست و نابود کردیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے جعفر ایکسپریس پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جعفر ایکسپریس کے نہتے مسافروں پر حملہ کرنے والے انسانیت سے عاری ہیں، دل کی گہرائیوں سے ہر مسافر کی خیریت کیلئے دعا گو ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 29

100 سے زائد مسافروں کو بازیاب کرانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرکے 16 سے زائد دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے جرات کے ساتھ دہشتگردوں کے عزائم کو ناکام بنایا، زخمی مسافروں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

اور دھمکیاں دے یہ قابل قبول نہیں، میں امریکا سے بات چیت نہیں کروں گا، امریکا جو کرنا چاہتا ہے کرے۔ اس سے قبل ہفتے کو ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے کہا تھا کہ ایران کو دھمکایا نہیں جا سکتا۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جوہری معاہدے پر بات چیت کے لیے ایران کو خط لکھا تھا۔ خط میں جوہری معاہدے کے لیے بات چیت کی دعوت دی تھی اور کہا تھا کہ یہ ایران کے لیے ہی بہتر ہو گا، دوسری صورت میں ہمیں کچھ اور کرنا ہوگا، ایران کے ساتھ معاہدے پر پہنچنے کو ترجیح دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 31

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی قیادت اور حامی وکلا کے خلاف سپریم کورٹ کے باہر احتجاج کیسز میں ملزمان کی عبوری ضمانت میں توسیع کردی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیسز پر سماعت کی۔ پی ٹی آئی کے لطیف کھوسہ، شبلی فراز، سلمان اکرم راجا اور دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے۔ شبلی فراز نے کہا کہ ہم شامل تفتیش ہونا چاہتے ہیں مگر بیان ریکارڈ نہیں ہورہا۔ عدالت نے ملزمان کی عبوری ضمانتوں میں 5 مئی تک توسیع کردی۔ وکیل صفائی کا موقف تھا کہ ہم نے سی سی ٹی وی کے حصول کیلئے درخواست دی ہے مگر ابھی تک کچھ نہیں ہوا۔ عدالت سی سی ٹی وی فوٹیج کے حوالے سے آرڈر دے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ سکرٹریٹ میں 2 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

چندہ اکٹھا کرنیوالے کارندے کو ڈیڑھ سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ استغاثہ کے مطابق مطابق سی ٹی ڈی نے 28 اکتوبر 2024 کو مجرم کو سبزی منڈی جھنگ سے اس وقت گرفتار کیا تھا جب وہ فتنہ الخوارج کیلئے چندہ اکٹھا کرنے میں مصروف تھا۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت کے سپیشل جج جاوید اقبال شیخ نے تھانہ سی ٹی ڈی کے مقدمہ میں ملوث وزیرستان کے رہائشی مجرم جمشید خان کو 11 ایف سکس میں ایک سال قید اور پچاس ہزار روپے جرمانہ جبکہ 11 ایف سکس ٹو میں چھ ماہ قید اور پچاس ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مجرم کو دو ماہ قید کی مزید سزا بھگتنا ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 33

اور امریکا میں یوکرین کے معدنی ذخائر پر جامع معاہدے کو جلد حتمی شکل دینے پر بھی اتفاق ہوگیا ہے۔ اس حوالے سے امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا ہے کہ عبوری جنگ بندی میں فریقین کی باہمی رضامندی سے توسیع ہوسکتی ہے، جنگ بندی کا نفاذ روس پر بھی لازم ہوگا۔ معاہدہ جدہ میں یوکرینی اور امریکی حکام کے درمیان 9 گھنٹے سے زائد جاری مذاکرات کے بعد طے پایا، امریکی وفد کی قیادت وزیر خارجہ مارکو روبیو کر رہے تھے جبکہ یوکرین کی نمائندگی یوکرینی صدارتی دفتر کے نمائندے، یوکرینی وزیر خارجہ اور وزیر دفاع نے کی۔ عرب میڈیا کے مطابق مذاکرات میں سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور وزیر مملکت اور کابینہ کے رکن مساعد بن محمد بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 34

ملزم عطا اللہ سادہ لوح شہریوں کو سمندر کے راستے یورپ بھجوانے میں ملوث پایا گیا۔ گرفتار ملزم ریڈ بک کا مطلوب انسانی اسمگلر اور لیبیا کشتی حادثہ 2023 کا اہم ملزم ہے۔ ملزم کا نام انتہائی مطلوب انسانی اسمگلرز کی ریڈ بک میں شامل ہے۔ ملزم نے 2 شہریوں کو اٹلی بھجوانے کی غرض سے 45 لاکھ روپے بٹورے تھے اور شہریوں کو کشتی کے ذریعے لیبیا سے اٹلی بھجوایا۔ یورپ سفر کے دوران کشتی کو حادثہ پیش آ گیا، جس میں ملزم کی جانب سے بھجوائے گئے ایک شہری کی موت واقع ہوئی۔ ملزم سعید عثمان نے شہری کو اٹلی بھجوانے کے نام پر 26 لاکھ روپے ہتھیائے۔ گرفتار ملزم نے پہلے شہری کو لیبیا بھجوایا، جو لیبیا سے تاحال لاپتا ہے۔ ترجمان کے مطابق مقدمے میں اس سے قبل بھی 2 ملزمان گرفتار کیے جاچکے ہیں۔ تازہ کارروائی میں دونوں ملزمان کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

سیف کا کہنا تھا کہ سندھ کے حکمران خود کچے کے ڈاکوؤں کو اسلحہ فراہم کرتے ہوئے پکڑے گئے ہیں۔ کراچی میں رہزنی اور ڈکیتی معمول بن چکی ہے۔ دہشت گردی ایک صوبے کا نہیں بلکہ قومی مسئلہ ہے، مگر وفاق اس حوالے سے کچھ نہیں کر رہا۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ بلاول بھٹو وزیر خارجہ رہے، پوری دنیا کا دورہ کیا، مگر افغانستان جانا گوارا نہیں کیا۔ دہشت گردی کا براہ راست تعلق افغانستان سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ میں ضم شدہ اضلاع کا پورا حصہ نہیں دیا جارہا۔

بقیہ بقیہ جات 36

بلالیا تھا۔ پولیس کی ریمانڈ رپورٹ میں کہا گیا کہ ملزم ارمغان نے قتل کے بعد والد کو بتایا تو والد نے روپوش ہونے کا مشورہ دیا۔ دوران سماعت جج نے ملزم سے پوچھا کہ پولیس نے مارپیٹ تو نہیں کی؟ اس پر ملزم نے کہا وہ سر نہیں ہلاسکتا۔ علاوہ ازیں عدالتی حکم پر ملزم کی والدین سے 5 منٹ ملاقات کرائی گئی اور بعد ازاں اسے مزید 7 روز کے جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ یاد رہے کہ مصطفیٰ عامر کو 6 جنوری کو اغوا کیا گیا تھا اور پھر ایک ماہ بعد 8 فروری کو پولیس نے مصطفیٰ عامر کی بازیابی کے لیے کراچی کے علاقے ڈیفنس خیابان مومن میں ایک بنگلے پر چھاپہ مارا تھا جس دوران پولیس پر فائرنگ بھی کی گئی تھی اور مقابلے میں ڈی ایس پی سمیت 3 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے تھے۔ پولیس نے ملزم ارمغان کو حراست میں لیا جس نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اس نے شیراز کے ساتھ مل کر مصطفیٰ کو اسی کی گاڑی کی ڈگی میں ڈال کر حب لیجا کر جلادیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 37

کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ TDAP کسی ایک شعبہ کیلئے نہیں بلکہ پوری سپلائی چین کو بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہے اور اس سلسلہ میں ہمارے ضلعی سطح سے لیکر وفاقی محکموں تک رابطے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب کی حد تک وہ ایک انٹرڈیپارٹمنٹل کوآرڈی نیشن کمیٹی قائم کر رہی ہیں جس میں متعلقہ محکموں کے علاوہ متعلقہ چیمبرز اور سٹیک ہولڈرز بھی شامل ہوں گے تاکہ زمینی حقائق کی روشنی میں مسائل کو فوری طور پر حل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم فیصل آباد میں ایکسپو سنٹر کے قیام سمیت دیگر متعلقہ مسائل کو بھی حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے صنعتوں کو متعلقہ ٹریڈ کی ہنرمند افرادی قوت کی فراہمی کیلئے ٹیوٹا کے اشتراک سے عملی اقدامات اٹھانے کا بھی یقین دلایا۔ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ آپ لوگوں کو ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت یہ سہولت حاصل کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھانے ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 38

یکسا اور محلول نیوٹرولائن کا استعمال روک دیا جائے، انجکشن کے مخصوص بیچ استعمال سے روکے جائیں۔ ڈائریکٹوریٹ ڈرگ کنٹرول کے مطابق ادویات کے ٹیسٹوں کی رپورٹس آنے تک استعمال روکا جائے، فیصلہ مریضوں کے تحفظ کے پیش نظر کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے منعقدہ اجلاسز اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں مکمل طور پر مہنگائی کو کنٹرول کرکے عوام کو ریلیف دینے میں ناکام نظر آرہے ہیں ضلع ننکانہ کی عوام مہنگائی کی چکی میں پس کررہ گئی ہے پھل، سبزیاں، گوشت و دیگر اشیائے خوردونوش مقررہ سرکاری ریٹ پر ملنا مشکل ہوگیا ہے۔ انتظامیہ اپنی ہی جاری کردہ ریٹ لسٹوں پر عملدرآمد کرانے میں بری طرح ناکام نظر آرہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

شاہراہ بلاک ہوگئی۔ مظاہرین نے گاڑیوں پر پتھراؤ بھی کیا۔ ٹریلر پر حملہ کرنے والے مبینہ 2 ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے خلاف علاقہ مکینوں نے احتجاج کیا۔

بقیہ بقیہ جات 41

کی اشیاء فروخت کرکے عوام کو راغب کرتے تھے لیکن ان کے پکوان غیر صحت مند حالات میں تیار کیے گئے تھے، جو بیماریوں کا سبب بن سکتے ہیں۔ دبئی پولیس نے عوام سے اپیل کی کہ غیر قانونی فروشوں سے سامان خریدنے سے گریز کریں اور ان کی اطلاع 901 کال سینٹر یا پولیس ایپ کے 'پولیس آئی' سروس کے ذریعے دیں۔ دبئی پولیس نے رمضان کے دوران غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے گشت اور نگرانی میں اضافہ کیا ہے تاکہ عوامی صحت اور سیکیورٹی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 42

قتل، چوری، ڈکیتی اور پولیس مقابلوں کے متعدد مقدمات درج ہیں اور وہ اس سے قبل بھی گرفتار ہوکر جیل جاچکا تھا۔ یہ پولیس مقابلہ قبر والی گلی نزد حبیب چورنگی سائٹ اے کی حدود میں پیش آیا۔ پولیس نے ملزم سے شارع نور جہاں کی حدود سے چوری شدہ سوزوکی ہائی روف اور 30 بور پستول برآمد کیے ہیں۔ برآمد شدہ سوزوکی ہائی روف 8 فروری 2025 کو چوری کی گئی تھی، جس کا مقدمہ الزام نمبر 12/2025 درج کیا گیا تھا۔ مزید تفتیش کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ عبدالواجد کے خلاف بہاولپور میں بھی متعدد مقدمات درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

اور چیئرمین پاکستان بزنس قونصل دبئی شبیر مرچنٹ نے غیر ملکی مندوبین کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ پاکستان قونصل جنرل دبئی حسین محمد نے غیر ملکی مندوبین کو پاکستان میں ٹریڈ شو میں شرکت کرنے والے خواہشمند سرمایہ کاروں کو مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ چیئرمین پاکستان بزنس قونصل دبئی شبیر مرچنٹ نے بتایا کہ دبئی سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا وفد لاہور میں میگا ٹریڈ شو میں شرکت کرے گا۔ لاہور میں ہیلتھ، انجینئرنگ، اینڈ منرلز شو (ایچ ای ایم 2025) کا چوتھا ایڈیشن 17 سے 19 اپریل 2025 تک منعقد ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 44

صدر میاں محمد زاہد، فنانس سیکرٹری حسن یوسف اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ایف بی آر کی کارکردگی نوٹسز کا اجراء اور مہم جوئی کے سوا کچھ نہیں، معاملات ایڈہاک ازم کی بنیاد پر چلائے جارہے ہیں جس کے نتائج سب کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی ترقی اب بھی ایک مشکل ہدف بنی ہوئی ہے، پہلے سہ ماہی میں جی ڈی پی کی ترقی صرف 0.92 فیصد رہی اور لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں بحالی کے کوئی آثار نہیں، دیہی معیشت بھی مشکلات کا شکار ہے کیونکہ وہاں امدادی قیمتوں کا کوئی موثر نظام نہیں ہے اور خراب موسمی حالات زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کو متاثر کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

حملہ نہایت قابل افسوس واقعہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں دہشت گردوں کی جانب سے بلوچستان میں بولان کے علاقے میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کا حملہ انتہائی افسوسناک عمل ہے، ہم اس حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا یہ انسانیت کے دشمن ہوتے ہیں ، رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں معصوم روزے دار مسافروں پر حملہ انتہائی سفاکیت ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے گزشتہ کچھ عرصے سے دہشت گرد ملک کے مختلف حصوں میں دہشت گردانہ کاروائیاں کر کے اپنے ہونے کا یقین دلا رہے ہیں لیکن ان دہشت گردوں کی بزدلانہ کاروائیوں سے عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے ہم حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ملک بھر میں قیام امن کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں تا کہ آئندہ دہشت گردی کے ان دلخراش واقعات سے بچا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 46

شامل کیا جائے، درست تعلیم اور آگاہی کے بعد بچے نامناسب رویے کو پہچان کر رپورٹ کر سکتے ہیں، والدین اور اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ گھر اور باہر نامناسب رویے کو کیسے رپورٹ کیا جائے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ جنسی استحصال کا شکار بچے زندگی بھر ٹراما میں رہ سکتے ہیں، بچوں کو محفوظ بنانا اور استحصال کرنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لانا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ اس مراسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ بچوں کو سکھایا جائے کہ جنسی استحصال کی کوشش کرنے والوں سے ڈرنا نہیں بلکہ ان کو بے نقاب کرنا ہے، بچوں کے نصاب میں گڈ ٹچ بیڈ ٹچ ماڈیول شامل کرنے کے لیے ماہرین سے مدد لی جائے۔ مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ معاملے کی حساسیت کے پیش نظر نسلوں کو محفوظ بنانے کے لیے فوری حکمت عملی مرتب کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 47

۔ ہم اپنے عام شہریوں، سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی بہت لاشیں اٹھا چکے ہیں۔ یہ حکومت بہت ہی ظلمی ہے۔ وزیروں مشیروں کی فوج ایسے اکٹھی کی ہوئی ہے جیسے ریوڑیاں بٹ رہی ہوں۔ زرتاج گل کا کہنا تھا کہ صدر، وزیراعظم اور ان کے وزرا فارم سنتالیس کی پیداوار ہیں۔ صدر کی تقریر کا کسی کو کوئی پتا نہیں تھا۔ اس کی تحریر بعد میں دی گئی ہے۔ لکھی تقریر میں معاشی اشارے والی لائنوں پر وائٹ فلوٹ لگایا گیا ہے۔ خطاب میں صدر نے صرف سندھ کے پانی کی بات کی، ملک کی کوئی بات نہیں کی گئی۔ پانی کا مسئلہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے، سب کو اکٹھے بٹھائیں اور تقسیم برابر ہوتا کہ لڑائی نہ ہو۔

بقیہ بقیہ جات 48

کی سکت ہے، اتنا ضرور کریں۔

بقیہ بقیہ جات 49

صرف اساتذہ کی عزت واحترام مجروح ہوتی ہے بلکہ یہ ہماری قومی تعلیم کے معیار کو بھی نقصان پہنچاتا ہے، اساتذہ کو کسی بھی قوم کا معمار سمجھا جاتا ہے اور ان کا عزت واحترام کرنا ہمارا فرض ہے، انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی محنت اور قربانیاں قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اور اس قسم کے بیانات سے اساتذہ کی عزت نفس کو مجروح کرنا کسی بھی طور پر قابل قبول نہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اس قسم کے بیان کو کارروائی سے حذف کرنے کی بجائے حکومت کو فوری طور پر ایکشن لینا چاہیے اور رکن پنجاب اسمبلی کے خلاف تادیبی کارروائی کرنی چاہیے تاکہ آئندہ کوئی بھی شخص اساتذہ کی توہین کرنے کی جرات نہ کرے، انہوں نے کہا کہ ہمارے تعلیمی اداروں میں اصلاحات کی گنجائش ضرور ہے، لیکن اس کیلئے اساتذہ کی توہین کرنا یا ان کی محنت کو نظرانداز کرنا بالکل غیر مناسب ہے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ پنجاب اسمبلی اور حکومت پنجاب اس توہین آمیز بیان پر فوری طور پر کارروائی کریں گے تاکہ غیر سنجیدہ اور غیر مہذب بیانات کا سدباب ہوسکے۔

بقیہ بقیہ جات 50

کیا گیا جب کہ فلسطین کی حمایت کرنے والے محمود خلیل سے یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کی وفاقی عدالت نے محمود خلیل کی جبری بے دخلی روک دی ہے تاہم ٹرمپ انتظامیہ کا دعوی ہے کہ محمود خلیل حماس کے حامی ہیں اور انہیں ڈی پورٹ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 51

کے خلاف کریک ڈاؤن میں 10 ملزمان کو گرفتار کرکے 45 لاکھ سے زائد مالیت کی 61.488 کلوگرام منشیات برآمد کر لیں گئیں۔ ترجمان کے مطابق جی ٹی روڈ راولپنڈی میں بس اڈے کے قریب ملزم سے 500 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گجرات میں ریلوے پھاٹک کے قریب کار اور موٹر سائیکل سے مجموعی طور پر 36 کلو چرس برآمد کرکے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ جی ٹی روڈ پشاور بس اسٹاپ کے قریب لاوارث موٹر سائیکل میں چھپائی گئی 15.6 کلو چرس برآمد کی گئی۔ اقبال شہید ٹول پلازہ اٹک کے قریب 2 خواتین کے قبضے سے 6 کلو چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 52

کارروائی کی جارہی ہے۔ ہر ایک نے اپنی مرضی کے ریٹ مقرر کیا ہے۔ رمضان المبارک میں بھی گرانفروشوں کیخلاف کسی قسم کی کارروائی نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے انہوں نے انتظامیہ کی کارکردگی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ لگژری گاڑیوں میں پھرتے والوں کی کارکردگی اخباری بیانات اور فوٹو سیشن کے علاوہ کچھ نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

کو افطار پارٹی دی گئی جس میں عام شہریوں کی ایک کثیر تعداد کے ساتھ ساتھ ڈپٹی کمشنر ننکانہ اور ضلعی انتظامیہ کے دیگر عہدے داران نے شرکت کی۔ سکھ کمیونٹی کا کہنا تھا رمضان برکتوں کا مہینہ ہے جو ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے مسلم بھائیوں سے اظہار محبت کے لئے افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا ہے ہم ایسے ہی ایک دوسرے کے تہواروں میں شرکت کرکے اپنی خوشیاں بانٹتے رہیں گے اور بین المذاہب ہم آہنگی کی ایک روایت قائم کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 54

سے گرفتار کیا گیا ہے۔ ٹرانسپورٹ سیکرٹری ہیڈی ایلکزانڈر نے کہا کہ ابھی تک کارگو شپ سے دھواں اٹھ رہا ہے مگر دونوں جہازوں کے فی الحال ڈوبنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ جرمن کمپنی ارنسٹ رس، جو سولونگ کی مالک ہے، نے برطانوی میڈیا کو تصدیق کی کہ گرفتار شخص سولونگ کا کپتان ہے۔ کمپنی نے کہا کہ وہ اور ان کے عملے کے دیگر ارکان تحقیقات میں مدد فراہم کر رہے ہیں۔ ٹرانسپورٹ وزیر مائیک کین نے کہا کہ سولونگ کے ایک عملے کا رکن لاپتہ ہے اور اسے مردہ سمجھا جارہا ہے، جبکہ اس کی سمندر میں تلاش کی کارروائی پیر کی شام ختم ہوگئی تھی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق، سولونگ کے عملے میں روسی اور فلپائنی شامل ہیں، جبکہ اسٹینا امیکلیٹ کے 23 عملے کے ارکان امریکی ہیں، جو گریمسی میں موجود ہیں۔ پولیس نے حادثے کی تحقیقات شروع کر دی ہے اور وہ میری ٹائم اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی کے ساتھ مل کر تحقیقات کر رہی ہے۔ ایچ ایم کوسٹ گارڈ نے تصدیق کی کہ 36 افراد کو بحفاظت کنارے تک پہنچایا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

کیا اور دوشیزہ نے اپنے دیگر ساتھیوں سے ملکر اس سے گاہے بگاہے 3 لاکھ کی رقم اور 4 تولے طلائی زیورات حاصل کئے۔ بعدازاں شادی کا کہا تو لیت ولعل سے کام لیتے ہوئے کرایہ کا گھر چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ متاثرہ شہری نے بتایا کہ شناء بی بی وغیرہ نے گروہ بنا رکھا ہے جو کہ سادہ لوح شہریوں کو اپنے جال میں پھنسا کر رقوم اور قیمتی سامان ہتھیا لیتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

۔ برطانوی ذرائع ابلاغ کے مطابق پارٹی پرامید ہے کہ مذکورہ ترمیم جس کے لیے لیبر ایم پیز کی حمایت درکار ہوگی حکومت کے لیے غیر ملکی مجرموں کو ملک بدر کرنے میں بھی آسانی پیدا کرے گی جو کہ یورپی عدالت برائے انسانی حقوق کی طرف سے دی گئی استثنٰی کو ختم کر کے غیر ملکی مجرموں کو ملک بدر کرنا آسان بنائیگی۔ دوسری طرف شیڈو ہوم سیکرٹری کرس فلپ نے تجاویز کو سادہ قرار دیا تاہم پناہ گزینوں کے گروپوں نے اسے مضحکہ خیز اور ناقابل عمل قرار دیا ہے۔ ریفیوجی ایکشن کے چیف ایگزیکٹو ٹم ناورہلٹن نے کہا کہ یہ ترمیم نہ صرف خوفناک ہے بلکہ یہ مضحکہ خیز طور پر ناقابل عمل اور صریح سیاسی عظمت ہے، سیاست دانوں کو چاہیے کہ وہ لوگوں کو ایسی پالیسیوں کے ذریعے ڈرانا بند کریں، ایمنسٹی انٹرنیشنل یو کے حکومت کو چیلنج کیا کہ وہ اس پالیسی کی مخالفت کریگی۔

بقیہ بقیہ جات 57

رویہ منافقانہ ہے، اگر پیپلز پارٹی کینالز پر ن لیگ کے ساتھ نہیں تو حکومت سے الگ ہوجائے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کروائے جانے والوں میں 58 مرد، 31 عورتیں اور 15 بچے شامل ہیں جبکہ آپریشن میں 16 دہشت گرد مارے جاچکے ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 17 زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا جاچکا ہے، دہشت گرد اپنے بیرون ملک ہینڈلرز سے بذریعہ سیٹلائٹ فون رابطے میں ہیں۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے چھوٹی ٹولیوں میں تقسیم دہشت گردوں کے گرد گھیرا تنگ کردیا، دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

کررہا ہے۔ ایس آئی ایف سی حکام نے آئی ایم ایف کے وفد کو سرمایہ کاری، گورننس اور اسٹرکچر پر بریفنگ دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف نے ایس آئی ایف سی کی طرف سے بین الاقوامی سرمایہ کاری منصوبوں پر ٹیکس استثنی کا مطالبہ مسترد کردیا ہے۔ پاکستانی حکام نے چاغی سے گوادر تک ریلوے ٹریک کے منصوبے پر ٹیکس استثنی کا مطالبہ کیا تھا۔ ذرائع کے مطابق ریکوڈک سے نکلنے والی معدنیات کی گوادر تک ٹرانسپورٹ کے لیے ریلوے ٹریک کی ضرورت ہے، ریکوڈک سے نکلنے والے منرلز کی گوادر تک ٹرانسپورٹ کے لیے بالکل نئی لائن تعمیر کی جائے گی۔ چاغی۔ گوادر ریل منصوبے پر وزارت خزانہ، وزارت ریلوے اور ایس آئی ایف سی نے فزیبلٹی اسٹڈی کی، سرمایہ کار ممالک اس منصوبے میں سرمایہ کاری پر سرکاری گارنٹی مانگ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قرض پروگرام میں رہتے ہوئے حکومت پاکستان ہر سرمایہ کاری پر ریاستی گارنٹی نہیں دے سکتی۔

بقیہ بقیہ جات 60

رعایت مستحق نہیں۔ بلوچستان علیحدگی پسند عسکری گروہ کی سرپرستی پاکستان کا ازلی دشمن بھارتی اور ملک دشمن افراد کررہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی لاہور نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان مخالف دہشت گردانہ سرگرمیوں ملوث افراد کو سخت سزائیں دیگر عبرت کا نشان بنائے۔ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کیلئے جماعت اسلامی اپنے سیکورٹی اداروں کیساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے خلاف کی جانے والی سازشیں بے نقاب ہونی چاہیں۔ جماعت اسلامی ملک میں آئین وقانون کی بالادستی اور اسلامی وخوشحال پاکستان کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ کے حکومتی فیصلے کے خلاف جماعت اسلامی صحافیوں بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ حکومت نے پیکا ایکٹ میں ترمیم پر کوئی مشاورت نہیں کی، آزادی صحافت پر حملہ نہیں ہونے دیں گے، سب کومل کر فیک نیوز کا سدباب کرنا ہوگا۔ صحافیوں کو وقت پر تنخواہیں ملنی چاہئیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

23 ہزار ہوگئی ہے۔ پبلک سکول آرگنائزیشن پروگرام کے تحت چند ماہ میں ہی 35 نئے کلاس رومز بنائے گئے اور 459 کی تعمیر ومرمت مکمل کی گئی۔ آؤٹ سورس سکولوں میں 110 نئے ٹائلٹ بنائے گئے اور 2762 کی تعمیر ومرمت کی گئی۔ 158 سکولوں کی باؤنڈری وال اور واٹر سپلائی کے لئے 1389 واٹر پمپ بھی نصب کیے گئے۔ آؤٹ سورسنگ کے بعد سکولوں میں اپنی مدد آپ کے تحت نئی اور جدید ترین کمپیوٹر لیبز بھی بنائی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 62

میں الجھانے کی کوششیں جاری ہیں، لیکن پاکستان مرکزی مسلم لیگ ایسی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ جس طرح ماضی میں بنگلہ دیش، لیبیا اور مشرق وسطی کو عدم استحکام کا شکار کیا گیا، ویسے ہی پاکستان کو بھی غیر مستحکم کرنے کے لیے مخصوص عناصر سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان میں میرٹ اور آئین کی حکمرانی کو یقینی بنایا جائے، تاکہ کرپٹ سیاستدان کسی صورت نوجوانوں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال نہ کر سکیں۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ ملک میں قانون کی پاسداری، رواداری اور قومی استحکام کے لیے کام کرے گی اور کسی کو ملک میں انتشار اور افراتفری پھیلانے کی اجازت نہیں دے گی۔ مسلم سٹوڈنٹس لیگ پاکستان کے صدر انس مصی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں دنیا میں اپنے ملک کو عزت اور وقار سے نوازنا ہے، تاکہ پاکستان کا پاسپورٹ عالمی سطح پر ایک قابل احترام شناخت بنے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوانوں کو کسی بھی سیاسی جماعت کا ایندھن نہیں بننے دیا جائے گا، بلکہ انہیں ایک مثبت، تعمیری اور ملک کی ترقی میں کردار ادا کرنے والی نسل کے طور پر تیار کیا جائے گا۔ انہوں نے نوجوانوں کو تلقین کی کہ وہ ملک کی بہتری کے لیے خود کو تعلیم، تحقیق اور جدت کے میدان میں آگے بڑھائیں اور پاکستان کو ایک ترقی یافتہ اور باوقار ریاست بنانے میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ بقیہ جات 63

نخواہ میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر حکومت کی جانب سے تعزیتی بیانات کافی نہیں ہیں حکومت کو دہشت گردوں کی سرگرمیاں روکنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لانے چاہئیں تاکہ عوام کو امن مل سکے جعفر ایکسپریس پر حملے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ ہماری تمام ہمدردیاں یرغمال مسافروں اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں اور ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالی ان کی حفاظت فرمائے اور انہیں بحفاظت اپنے گھروں تک پہنچائے۔ اس مشکل آپریشن میں شریک عسکری نوجوانوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں اللہ تعالی اس ملک کے ہر فرد ہر علاقے اور چپے چپے کی حفاظت فرمائے۔ امین

بقیہ بقیہ جات 64

افراد گرفتار کیے گئے ، ملزمان کے قبضہ سے 03 کلاشنکوف، 30 بندوقیں، 21 ہینڈ گنز، سینکڑوں کی تعداد میں گولیاں برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ دہشت گردوں، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے پنجاب پولیس کی فرضی مشقیں جاری رہیں گی، فرضی مشقوں میں پنجاب پولیس، سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، ایلیٹ فورس، ریسکیو 1122، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں

بقیہ بقیہ جات 65

جنگ میں ثابت قدم رہے گی، ظالمانہ واقعے میں ملوث تمام دہشت گردوں کو کیفرکردار تک پہنچایا جائے ۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی ملک وقوم کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہے۔ دہشتگردوں کا معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے۔ جعفر ایکسپریس کے نہتے مسافروں پر حملہ کرنے والے انسانیت سے عاری ہیں، ٹرین کے مسافروں کی بحفاظت واپسی کے لیے دعا گو ہیں۔ یرغمال بنائے جانے والوں میں اکثریت بچوں، خواتین کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تھنک ٹینک پاک انسٹی ٹیوٹ فار پیس اسٹڈیز کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں 119 فیصد اضافہ ہوا ہے، جس میں بلوچستان میں 171 واقعات رپورٹ ہوئے ہیں بلوچستان کی محرومیاں دور کیے بغیر محض سیکیورٹی مسائل حل کرنے سے امن وامان کا قیام ممکن نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہ کئے اور کسی ٹرین کو بحال کرکے دوبارہ نہیں چلایا، 17 برس پہلے محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ریلوے میں شدید بحران کی آڑ میں وزیر ریلوے اور ریلوے انتظامیہ نے اس سیکشن پر 7 ٹرینوں کو عارضی طور پر بند کردیا تھا، ٹرینوں کی بندش کی وجہ سے ٹرانسپورٹروں کی چاندی ہوگئی، عوام، کاروباری تجارتی پیشہ والے افراد ذلیل وخوار ہوکر بسوں ویگنوں میں سفر کرنے پر مجبور ہیں، کوئی ان کا پرسان حال نہیں، حال ہی میں شالیمار ایکسپریس کا شاپ دیا گیا مگر ٹرانسپورٹ مافیا اور ریلوے انتظامیہ کی ملی بھگت سے اس کا سٹاپ بھی ختم کردیا گیا، عوامی حلقوں نے وزیر اعظم میاں شہباز شریف، صدر آصف علی زرداری اور وفاقی وزیر ریلوے سے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور فیصل آباد، لاہور سرگودھا اور فیصل آباد وزیرآباد سیکشن پر بند کی جانے ٹرینوں کی بحالی کیلئے اپنا کردار ادا کریں، ایک سروے کے دوران سابق صدر بار ملک صلابت علی اعوان، محمد ندیم عالم طاہر ایڈووکیٹ، محمد عمر فاروق مدنی ایڈووکیٹ، تنویر احمد چوہدری ایڈووکیٹ، چوہدری متصف علی سندھو، رانا عارف سلیم، نثار احمد فوجی، عاشق حسین بھٹی، فاروق آباد کی سماجی شخصیات ملک محمد طحہٰ خالد، پروفیسر محمد اکرم سعید، صفدرآباد سے غلام سرور بھٹی، ملک محمد سلیم اور طارق محمود بھٹی نے کہا کہ 17 برس قبل محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ریلوے میں شدید بحران آنے کی آڑ میں سابق وفاقی وزیر ریلوے حاجی غلام احمد بلور اور ریلوے انتظامیہ نے لاہور فیصل آباد ریلوے سیکشن پر چلنے والی اپ اور ڈاؤن ٹرینوں نور شاہ پسنجر، فیصل ایکسپریس، شور کوٹ فاسٹ پسنجر، ڈاچی ایکسپریس، چلتن ایکسپریس، ٹیپو سلطان ایکسپریس اور ماڑی انڈس ایکسپریس کو یکے بعد دیگرے عارضی طور پر بند کردیا تھا، مگر کچھ عرصہ بعد فیصل ایکسپریس ٹرین جو کہ دوسرے چکر میں لاہور سے ٹیپو سلطان ایکسپریس بن کر چلتی تھی اسے بحال کیا گیا مگر پھر اسے بند کردیا گیا

بقیہ بقیہ جات 67

بی اے کے تحت جاری امتحانی عمل کا جائزہ لیا، اساتذہ وطلبہ کی حاضری چیک کی اور کلاس رومز کا معائنہ کیا، سکول کی خوبصورتی کیلئے اقدامات، شجرکاری اور انتظامی امور پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہیڈ ٹیچر محمد شہباز مرزا کی کارکردگی کو سراہا، شازیہ بانو نے ہیڈ ٹیچر کو سکول کے احاطہ میں پلاٹوں کی خوبصورتی کیلئے اساتذہ کو پلاٹ الاٹ کرکے ذمہ داریاں تفویض کرنے، صفائی ستھرائی کو مزید بہتر بنانے اور داخلہ مہم کو کامیاب بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 68

کے حملوں سے اب تک 1 لاکھ 11 ہزار 927 دیگر زخمی ہوئے۔ قطری وزارت خارجہ کے مطابق غزہ کی بجلی کاٹنے کا اقدام بین الاقوامی انسانی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ سعودی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ عالمی برادری کو چاہیے فلسطینی عوام کے تحفظ کے لیے فوری کارروائی کرے۔ حماس کے مطابق اسرائیلی فورسز اب بھی غزہ اور مصر کے درمیان سرحدی علاقے پر قابض ہیں، اسرائیلی فوج غیر ملکی امداد کو غزہ پہنچنے سے روک رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 69

سرگودھا سمیت ملک بھر میں 15 مارچ 2025 کو یوم ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم پورے جوش وجذبہ سے منایا جائے گا اور اس حوالہ سے تعلیمی اداروں میں خصوصی پروگرامز اور دیگر تقریبات میں اس دن کو یادگار بنانے کے لئے ناموس رسالت اور اس کی عظمت کو اجاگر کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 70

ملزم فرار ہوگیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے متاثرہ لڑکی کا میڈیکل کرایا جس کی ابتدائی رپورٹ میں زیادتی ثابت ہوئی جس کے بعد ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے جب کہ ملزم کو ڈی این اے کے لیے لاہور لے کر جایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 71

کررہے ہیں، پچاس سو دہشت گرد اکٹھے کیسے ہوتے ہیں، دہشتگردوں کو کس نے اکٹھا ہونے دیا، تحریک انصاف کے پانچ لوگ اکٹھے ہوں تو پولیس مارتی ہے، کیا ان کو دہشت گرد نظر نہیں آتے؟ عمر ایوب نے کہا کہ اڈیالہ جیل کے سامنے ہمیں پانچ بندوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات فلک صاحبہ نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 11 شمالی متوفی خوشی محمد ولد بدر دین ذات مغل سکنہ سلیمان پور بھلوال وارثان بدر دین والد - رسول بی بی والدہ - پہلے فوت شدہ فاطمہ بی بی بیوہ - محمد اسلم - محمد نذیر پسران متوفی بعد میں فوت شدہ - اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

جناب مسز مہوش حیات فلک صاحبہ نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 11 شمالی متوفی محمد افضل ولد غلام رسول وارثان غلام رسول والد - حسین بی بی والدہ - فضیلت بی بی زوجہ - محمد اشرف - خالد حسین - محمد اسلم برادران پہلے فوت شدہ زندہ عاصمہ افضل بیوہ - محمد اصغر برادر تسلیم کوثر آسیہ پروین ہمشیرگان صباء افضل - ثناء ذیشان - ہما افضل - اریب افضل دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل صاحب تحصیلدار / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 3 جنوبی متوفی ظفر اقبال ولد محمد امیر - والدین محمد امیر والد سرداراں بی بی والدہ - زندہ فاطمہ بیوہ مظہر عباس - اظہر عباس - پسران کوثر پروین - رخسانہ شاہین - عصمت بی بی دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

پنجاب بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ، انٹیلی جنس بیسڈ سرچ آپریشنز جاری

گزشتہ دو روز کے دوران پنجاب بھر میں 791 سرچ اینڈ سویپ آپریشن، 07 فرضی مشقیں کی گئیں، ترجمان پنجاب پولیس

دہشت گردوں، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے پنجاب پولیس کی فرضی مشقیں جاری رہیں گی' آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور

لاہور(این این آئی)انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے موجودہ ملکی حالات کے تناظر میں صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کرنے کا حکم دیدیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پنجاب بھر میں انٹیلی جنس بیسڈ سرچ اینڈ سویپ آپریشنز، فرضی مشقیں جاری ہیں ، گزشتہ دو روز کے دوران پنجاب بھر میں 791 سرچ اینڈ سویپ آپریشن، 07 فرضی مشقیں کی گئیں، سرچ آپریشنز کے دوران سنگین جرائم میں ملوث اشتہاری وعادی مجرم، مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے، ملزمان کے قبضہ سے 03 کلاشنکوف، 30 بندوقیں، 21 ہینڈ گنز، سینکڑوں کی تعداد میں گولیاں برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ دہشت گردوں، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے پنجاب پولیس کی فرضی مشقیں جاری رہیں گی، فرضی مشقوں میں پنجاب پولیس، سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، ایلیٹ فورس، ریسکیو 1122، قانون نافذ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

صوبہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس کی مسافر ٹرین کیساتھ دہشتگردی قابل مذمت ہے، ضیاء الدین انصاری

پیکا ایکٹ کے حکومتی فیصلے کے خلاف جماعت اسلامی صحافیوں بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے، پاکستان کے نہتے اور معصوم مسافروں پر گولیاں چلانے والے درندوں" کسی رعایت مستحق نہیں

آزادی صحافت پر حملہ نہیں ہونے دیں گے، سب کو مل کر فیک نیوز کا سدباب کرنا ہوگا۔ صحافیوں کو وقت پر تنخواہیں ملنی چاہئیں، امیر جماعت اسلامی لاہور کا افطار ڈنر تقریب سے خطاب

لاہور(خبر نگار)جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام صحافی بھائیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر تقریب کا انعقاد دفتر جماعت اسلامی لاہور سانده روڈ پر کیا گیا۔ تقریب کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ افطار ڈنر میں پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے نامور صحافیوں حضرات نے شرکت کی۔ افطار ڈنر تقریب کے انتظامات عبدالعزیز عابد اور محمد آصف رشید نے فرائض سرانجام دیے۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے صحافیوں بھائی کا افطار ڈنر تقریب میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ ضیاء الدین انصاری نے صوبہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس کی مسافر ٹرین کیساتھ دہشتگردی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے نہتے اور معصوم مسافروں پر گولیاں چلانے والے درندوں '' کسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ افطار ڈنر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد: شہری وزیر اعظم رمضان ریلیف پیکیج کے تحت چینی خرید رہے ہیں

غزہ اور مصر کے سرحدی بارڈر پر اسرائیلی فضائی حملے میں 5 فلسطینی شہید

4 فلسطینی شہید کردیے، عمارتوں کے ملبے سے 24 گھنٹوں میں 32 لاشیں برآمد

غزہ(این این آئی) اسرائیلی فوج کی غزہ میں بربریت جاری، غزہ اور مصر کے سرحدی بارڈر پر اسرائیلی فضائی حملے میں 5 فلسطینی شہید ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق صیہونی فوج نے جنین شہر میں ایک معمر خاتون سمیت 4 فلسطینی شہید کر دیے، عمارتوں کے ملبے سے 24 گھنٹوں میں 32 لاشیں برآمد ہوئیں۔ 7 اکتوبر سے اسرائیلی حملوں میں شہدا کی تعداد 48 ہزار 503 ہوگئی، اسرائیلی فورسز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر68)

لودھراں، گلی میں کھیلتی 9 سالہ بچی کو ہمسائے نے زیادتی کا نشانہ بناڈالا

ملزم اسے ورغلا کر کھیتوں میں لے گیا اور اس کے ساتھ مبینہ زیادتی کی' بچی کے والد کا موقف

لودھراں (این این آئی) پنجاب کے ضلع لودھراں میں ہمسائے نے 9 سالہ لڑکی کو مبینہ زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق لودھراں کے نواحی علاقے دھنوٹ کے رہائشی نے الزام لگایا ہے کہ اس کی 9 سالہ بیٹی گلی میں کھیل رہی تھی کہ ملزم اسے ورغلا کر کھیتوں میں لے گیا اور اس کے ساتھ مبینہ زیادتی کی۔ ایف آئی آر میں بتایا گیا ہے کہ بیٹی کے شور مچانے پر جب ہم پہنچے تو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر70)

توہین آمیز اور غیر ذمہ دارانہ بیانات سے اساتذہ کی عزت واحترام مجروح ہوتی ہے، میاں طارق جمیل

ننکانہ صاحب(این این آئی)عوامی ویلفیئر سوسائٹی سانگلہ ہل کے صدر میاں طارق جمیل، مدینہ ویلفیئر سوسائٹی کے صدر محمد عرفان ورک و دیگر علمی ادبی تنظیموں کے عہدیداروں نے رکن پنجاب اسمبلی امجد علی جاوید کے اساتذہ بارے میں دیے گئے توہین آمیز بیان پر شدید غم و غصے کا اظہار کیا اور اس کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے توہین آمیز اور غیر ذمہ دارانہ بیانات سے نہ(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر49)

گراں فروش اور مہنگائی مافیا ملک وقوم کے حقیقی دشمن ہیں، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

ننکانہ صاحب(این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ گراں فروش اور مہنگائی مافیا ملک وقوم کے حقیقی دشمن ہیں۔ جنہوں نے ماہ صیام میں عام آدمی کے منہ سے سحری اور افطاری کا نوالہ تک چھین لیا ہے۔ روزہ دار بے دردی سے گراں فروشوں کے ہاتھوں لٹ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ فوڈ، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے نہ ہی کوئی چیک اینڈ بیلنس، نہ دودھ فروشوں، قصائیوں اور دیگر گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کی جا رہی ہے۔ ہر ایک نے اپنی مرضی کے ریٹ مقرر کیا ہے۔ رمضان المبارک میں بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

سعودی عرب، دبئی، مالدیپ منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام

منشیات کیخلاف کریک ڈاؤن میں 10 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ترجمان اے این ایف

جدہ جانے والی خاتون سمیت مسافر کے پیٹ سے 100 عدد ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد ہوئے

اسلام آباد(این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف ممالک میں منشیات اسمگلنگ کی کوششیں ناکام بنادیں۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر سعودی عرب جانے والے مسافر کے ٹرالی بیگ میں چھپائی گئی 2.382 کلو آئس اور دبئی جانے والے مسافر کے جوتوں سے 312 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ لاہور ایئرپورٹ پر جدہ جانے والی خاتون سمیت مسافر کے پیٹ سے 100 عدد ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد ہوئے۔ کراچی میں کوریئر آفس کے ذریعے مالدیپ بھیجے جانے والے پارسل سے 94 گرام ہیروئن برآمد کی گئی۔ منشیات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر51)

POLICE
POLICE
ANTI RIOT FORCE

لاہور: پولیس نے پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی وجہ سے راستے کو بیریئر لگا کر ٹریفک کیلئے بند کیا ہوا ہے

پنجاب کے سکولوں میں گڈ ٹچ بیڈ ٹچ بارے آگاہی دینے کا فیصلہ

درست تعلیم اور آگاہی کے بعد بچے نامناسب رویے کو پہچان کر رپورٹ کر سکتے ہیں

لاہور(این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو گڈ ٹچ بیڈ ٹچ بارے آگاہی کے حوالے سے مراسلہ بھیج دیا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ گڈ ٹچ بیڈ ٹچ سے آگاہی بچوں کے نصاب میں شامل کی جائے، بچوں کو ذاتی حفاظت کے بارے میں تعلیم دینا وقت کی ضرورت ہے۔ محکمہ داخلہ کے مراسلے کے مطابق ابتدائی کلاسز کے سلیبس میں گڈ ٹچ بیڈ ٹچ کے بارے میں آگاہی کو(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر46)

بازیاب مسافروں کو لے کر مال بردار ٹرین مچھ اسٹیشن پہنچ گئی

بازیاب کروائے جانے والوں میں 58 مرد، 31 عورتیں اور 15 بچے شامل ہیں

مچھ (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کے بازیاب کروائے گئے 104 مسافروں کو لے کر مال بردار ٹرین مچھ ریلوے اسٹیشن پہنچ گئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے جعفر ایکسپریس کے 104 مسافروں کو دہشت گردوں سے بحفاظت بازیاب کروایا۔ ذرائع کے مطابق بازیاب(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر58)

ایس آئی ایف سی کا بین الاقوامی سرمایہ کاری منصوبوں پر ٹیکس استثنیٰ کا مطالبہ مسترد

آئی ایم ایف حکام کی وزارت خزانہ اور ایس آئی ایف سی حکام سے ملاقات میں تجویز پیش کی گئی تھی

اسلام آباد(این این آئی) آئی ایم ایف حکام کی وزارت خزانہ اور ایس آئی ایف سی حکام سے ملاقات ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کو ایس آئی ایف سی کے کام پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ ایس آئی ایف سی سرمایہ کاری کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کر کے پل کا کردار ادا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر59)

سرکاری سکولوں کا انتظام اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں کے سپرد کرنے کے شاندار ثمرات

پبلک سکول آرگنائزیشن پروگرام کامیابی سے جاری 5863 سکولوں میں طلبہ کی تعداد میں 52 فیصد، ٹیچرز کی تعداد میں 89 فیصد اضافہ

آؤٹ سورس ہونے سکولوں میں نئی اور جدید ترین کمپیوٹر لیب بنائی گئیں 158 سکولوں کی باؤنڈری وال اور واٹر سپلائی کیلئے 1389 واٹر پمپ بھی نصب

لاہور(خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پبلک سکول آرگنائزیشن پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ سرکاری سکولوں کا انتظام اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں کے سپرد کرنے کے شاندار ثمرات سامنے آرہے ہیں۔ پبلک سکول آرگنائزیشن پروگرام کے بعد صوبے بھر کے 5863 سکولوں میں طلبہ کی تعداد میں 52 فیصد اور ٹیچرز کی تعداد میں 89 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ طلبہ کی تعداد 2 لاکھ 42 ہزار سے بڑھ کر تین لاکھ 68 ہزار سے زائد ہوگئی ہے۔ پنجاب بھر میں پہلے فیز کے بعد ٹیچرز کی تعداد 8037 سے بڑھ کر 15114 ہوگئی ہے۔ نجی انتظام میں سرکاری سکولوں میں اساتذہ کی تنخواہ میں تین گنا تک کا اضافہ ہوا۔ نئے انتظام کے بعد طلبہ کے لئے کرسیاں اور ڈیسک وغیرہ کی تعداد 3 لاکھ 71 ہزار سے بڑھ کر 5 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

سانگلہ ہل، سی ای او ایجوکیشن محترمہ شازیہ بانو کا گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول چورسکھاں کا اچانک دورہ

ننکانہ صاحب(این این آئی)وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے تعلیم دوست ویژن کے تحت سیکرٹری تعلیم خالد نذیر وٹو کی قیادت میں سی ای او ایجوکیشن محترمہ شازیہ بانو نے ضلع ننکانہ صاحب میں تعلیمی بہتری اور بہترین تعلیمی ماحول کی جانب پیش قدمی کرتے ہوئے شرح خواندگی میں اضافے، معیار تعلیم کو بلند کرنے اور سکولوں میں بہترین گورننس کیلئے جاری اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول چورسکھاں 118 کا اچانک دورہ کیا، سی ای او نے ایس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر67)

لاہور: شہری تاریخی دہلی دروازے سے خریداری کر رہے ہیں

دہشتگردوں کا کوئی دین نہیں، ہم سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہیں، زرتاج گل

جعفر ایکسپریس کے واقعے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، ہم اپنے عام شہریوں، سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی بہت لاشیں اٹھا چکے ہیں

یہ حکومت بہت ہی نکمی ہے، وزیروں مشیروں کی فوج ایسے اکٹھی کی ہوئی ہے جیسے ریوڑیاں بٹ رہی ہوں: رہنما تحریک انصاف

اسلام آباد(این این آئی) پی ٹی آئی رہنما زرتاج گل وزیر نے کہا ہے کہ دہشتگردوں کا کوئی دین مذہب نہیں، ہم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہیں۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جعفر ایکسپریس کے واقعے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہیں۔ دہشتگردی ایک ناسور ہے اور دہشتگرد کا کوئی مذہب کوئی دین نہیں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم اس کے خلاف اکٹھے ہوں(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر47)

DIRECTORATE GENERAL SPORTS & YOUTH AFFAIRS / SPORTS BOARD PUNJAB

لاہور: ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جی ڈی اے اور کینال مخالف تنظیموں کے رہنماؤں کی کراچی میں پریس کانفرنس

دریائے سندھ سے کینالز نکالنے پر جی ڈی اے کا 14 مارچ کو سندھ بھر میں احتجاج کا اعلان

کراچی (این این آئی) دریائے سندھ میں سے کینالز نکالنے پر گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) نے 14 مارچ کو سندھ بھر میں احتجاج کا اعلان کر دیا۔ جی ڈی اے اور کینال مخالف تنظیموں کے رہنماؤں نے کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اگر دریائے سندھ پر کینالز بن گئیں تو مستقبل میں خطرناک نتائج ہوں گے۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ گریٹر تھل کینال، جلال پور کینال، چولستان کینال سے پنجاب کی لاکھوں ایکڑ اراضی سیراب ہوگی، سندھ کی 35 لاکھ ایکڑ اراضی غیر آباد ہوجائے گی، ہماری زراعت تباہ ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کینالز منصوبے پر پیپلز پارٹی کا رویہ منافقانہ ہے، اگر پیپلز پارٹی کینالز پر ن لیگ کے ساتھ نہیں تو حکومت سے الگ ہوجائے۔

فیصل آباد، خوبرو دوشیزہ نے شادی کا جھانسہ دیکر سادہ لوح شہریوں کو لوٹ لیا

ملکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں خوبرو دوشیزہ نے شادی کا جھانسہ دیکر سادہ لوح شہریوں کو لوٹ لیا' ساڑھے بارہ لاکھ کی نقدی وزیورات سمیٹنے کے بعد شادی سے انکار کرنے پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمہ ثناء بی بی وغیرہ کی تلاش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 597 گ ب کے رہائشی طارق نے بتایا کہ شادیاں کروانے والے نے ثناء بی بی کا رشتہ کروانے کیلئے رابطہ(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر55)

پاکستان کی خودمختاری کیخلاف سازشیں ناکام بنائینگے، ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی

ہمیں دنیا میں اپنے ملک کو عزت اور وقار سے نوازنا ہے، تاکہ پاکستان کا پاسپورٹ عالمی سطح پر ایک قابلِ احترام شناخت بنے، صدر مسلم سٹوڈنٹس لیگ پاکستان انس محمی

جس طرح ماضی میں بنگلہ دیش، لیبیا اور مشرقِ وسطیٰ کو عدم استحکام کا شکار کیا گیا، ویسے ہی پاکستان کو بھی غیر مستحکم کرنے کیلئے مخصوص عناصر سرگرم ہیں، جنرل سیکرٹری

لاہور(خبر نگار)مسلم سٹوڈنٹس لیگ کے زیر اہتمام "عہدِ تکمیلِ پاکستان کونشن" کا انعقاد لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں کیا گیا، جس میں شہر بھر کی جامعات کے طلباء نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کونشن سے پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی اور مسلم سٹوڈنٹس لیگ کے صدر انس محمی نے خصوصی خطاب کیا۔ ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو اندرونی اور بیرونی سازشوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

لاہور: مسلم سٹوڈنٹس لیگ کے زیر اہتمام عہد تکمیل پاکستان کنونشن سے ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی اور انس محمی خطاب کر رہے ہیں

لیبیا کشتی حادثے میں ملوث انتہائی مطلوب 2 ملزمان گرفتار

فیصل آباد زون نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے ریڈ بک کے انتہائی مطلوب انسانی اسمگلر سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

ملزم عطااللہ نے 2 شہریوں کو کشتی کے ذریعے اٹلی بھجوایا، حادثے میں ایک شہری کی موت واقع ہوگئی تھی: ترجمان ایف آئی اے

لاہور(ویب ڈیسک)لیبیا کشتی حادثے 2023 میں ملوث ریڈ بک کے انتہائی مطلوب انسانی اسمگلر سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق فیصل آباد زون نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے لیبیا کشتی حادثے میں ملوث ریڈ بک کے انتہائی مطلوب انسانی اسمگلر سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے، جن کی شناخت عطا اللہ اور سعید عثمان کے نام سے ہوئی۔ دونوں ملزمان کو سرگودھا اور سیالکوٹ سے گرفتار کیا گیا ہے۔ گرفتار(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر34)

پاکستانی برآمدات کو بڑھانے کیلئے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان نے نجی شعبہ سے مل کر کام کرنے کا سلسلہ شروع کردیا

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستانی برآمدات کو بڑھانے کیلئے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان نے نجی شعبہ سے مل کر کام کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے جبکہ آئی ٹی، ٹورازم اور لاجسٹک سمیت متعدد شعبوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ یہ بات TDAP لاہور کی ڈائریکٹر جنرل محترمہ رافعہ سید نے آج فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی سے خطاب(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر37)

ننکانہ صاحب، کمشنر لاہور اور ضلعی انتظامیہ کے دورے اور اجلاس بے سود، مہنگائی برقرار، عوام سراپا احتجاج

ننکانہ صاحب(این این آئی) ننکانہ صاحب کمشنر لاہور اور ضلعی انتظامیہ کے دورے اور اجلاس بے سود، مہنگائی برقرار، عوام سراپا احتجاج۔ وزیر اعظم پاکستان اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے موجودہ صورتحال پر نوٹس لینے کا مطالبہ۔ سروے رپورٹ کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ اور کمشنر لاہور کی طرف سے عوام کو ریلیف دینے کیلئے ضلع ننکانہ کے سستے رمضان بازاروں کے کیے جانے والے دورے، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر39)

کراچی، اے وی ایل سی سائٹ ڈویژن کا مبینہ پولیس مقابلہ، بدنام زمانہ ڈکیت ہلاک

کراچی(این این آئی) شہر قائد میں اے وی ایل سی سائٹ ڈویژن نے مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ڈکیت کو ہلاک کر دیا۔ ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت عبدالواجد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق عبدالواجد بدنام زمانہ لاشاری گینگ کا سرگرم رکن تھا اور کراچی میں کاریں چھیننے، چوری کرنے سمیت متعدد وارداتوں میں ملوث تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر42)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی رمضان نگہبان پیکیج کی ادائیگی سنٹر پر لوگوں سے رائے طلب کر رہے ہیں

میو ہسپتال انجکشن ری ایکشن، پنجاب بھر میں انجکشن کا استعمال فوری روکنے کا حکم

انجکشن کا استعمال صحت کیلئے خطرہ ہے، انجکشن ویکسا اور محلول نیوٹرولائن کا استعمال روک دیا جائے

لاہور(این این آئی) میو ہسپتال میں انجکشن سے مریضوں کو ری ایکشن کے معاملے پر ڈائریکٹوریٹ آف ڈرگ کنٹرول نے پنجاب بھر میں نجی کمپنی کے انجکشن کا استعمال فوری روکنے کا حکم دے دیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف ڈرگ کنٹرول نے صوبے بھر کی فارمیسیز کو ہدایات جاری کر دیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ انجکشن کا استعمال مشتبہ طور پر صحت کے لئے خطرہ ہے، انجکشن و(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر38)

نوابشاہ: علی آباد کے مقام پر ٹریلر پر پیٹرول بم سے حملہ

بم حملے کے باعث ٹریلر کو آگ لگ گئی جس پر قابو پالیا گیا' 2 ملزمان گرفتار کر لئے گئے

نواب شاہ (این این آئی) نواب شاہ میں قومی شاہراہ پر علی آباد کے مقام پر ٹریلر پر پیٹرول بم سے حملہ کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق پیٹرول بم حملے کے باعث ٹریلر کو آگ لگ گئی جس پر قابو پالیا گیا ہے۔ ٹریلر پر حملہ کرنے والے مبینہ 2 ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے خلاف علاقہ مکینوں نے احتجاج کیا جس سے قومی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر40)

دبئی پولیس کا غیر قانونی دکانداروں کیخلاف کریک ڈاؤن، 10 گرفتار

گرفتار افراد بغیر لائسنس کے عوامی مقامات پر کھانے پینے کی اشیاء فروخت کر رہے تھے' دبئی پولیس

دبئی (این این آئی) دبئی پولیس نے رمضان کے دوران 'ایک باشعور معاشرہ، بھکاریوں سے پاک' مہم کے تحت 10 غیر قانونی دکانداروں کو گرفتار کرلیا۔ دبئی پولیس کے مطابق گرفتار افراد بغیر لائسنس کے عوامی مقامات پر کھانے پینے کی اشیاء فروخت کر رہے تھے، جو صحت کے اصولوں اور عوامی سلامتی کے خلاف ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ یہ افراد غیر قانونی طور پر لیبر کیمپوں کے قریب کھانے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر41)

راولپنڈی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم دھمیال پولیس کی حراست میں کھڑا ہے

دہشت گردی کا براہ راست تعلق افغانستان سے ہے، ترجمان پختونخوا حکومت

بلاول بھٹو وزیر خارجہ رہے اور پوری دنیا کا دورہ کیا، مگر افغانستان جانا گوارا نہیں کیا، بیرسٹر سیف

پشاور(این این آئی) ترجمان پختونخوا حکومت بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کا براہ راست تعلق افغانستان سے ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے مشیر اطلاعات و ترجمان کے پی حکومت بیرسٹر سیف نے کہا کہ پشتو کی کہاوت ہے، چھلنی لوٹے سے کہتی ہے کہ تم میں دو سوراخ ہیں۔ بلاوجہ بھٹو پہلے اپنے سوراخ گن لیں، پھر دوسروں میں تلاش کریں۔ پہلے اپنا قبلہ درست کریں پھر دوسروں پر تنقید کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، جہاں کل ایک پوری ٹرین کو دہشت گردوں نے یرغمال بنالیا۔ کیا بلوچستان کے حالات کی ذمے داری بھی علی امین گنڈا پور پر ڈالیں گے؟۔ سندھ کو کچے کے ڈاکوؤں نے یرغمال بنایا ہوا ہے۔ بیرسٹر(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر35)

مصطفی عامر قتل کیس: ملزم ارمغان کا مزید 7 دن کا جسمانی ریمانڈ منظور

ملزم نے برآمد ہر شے پر پاس ورڈ لگایا ہوا ہے، اس سے مزید تفتیش لازمی ہے، وکیل سرکار

کراچی(این این آئی) مصطفی عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان کو مزید 7 دن کے جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ کراچی کی مقامی عدالت میں مصطفی عامر قتل کیس کی سماعت کے دوران وکیل صفائی نے جسمانی ریمانڈ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ گاڑی، لاش اور آلہ ضرب برآمد ہوچکا ہے، مزید ریمانڈ کی ضرورت نہیں ہے اس لیے عدالتی ریمانڈ دیا جائے۔ اس دوران وکیل سرکار نے کہا کہ ملزم نے برآمد ہر شے پر پاس ورڈ لگایا ہوا ہے، اس سے مزید تفتیش لازمی ہے جب کہ تفتیشی افسر نے بتایا کہ ملزم نے اپنا کال سینٹر کراچی سے اسکردو منتقل کیا اور بعد میں اپنے والد کو بھی اسکردو(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر36)

لاہور: خواتین اراکین پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کے بعد واپس جا رہی ہیں

پاکستان کی متحدہ عرب امارات کیلئے برآمدات میں 28 فیصد اضافہ

جولائی 2024 سے لیکر فروری 2025 تک پاکستان کی 1.2 ارب ڈالرز کی برآمدات ہوئیں' ٹریڈ قونصلر

دبئی (این این آئی) پاکستان کی متحدہ عرب امارات کیلئے رواں مالی سال کے دوران برآمدات میں 28 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس کا اعلان دبئی میں پاکستانی کمرشل اور ٹریڈ قونصلر علی زیب نے کیا۔ وہ دبئی میں پاکستان قونصل خانے اور پاکستان بزنس کونسل کی سحور محفل سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جولائی 2024 سے لیکر فروری 2025 تک پاکستان کی 1.2 ارب ڈالرز کی ایکسپورٹس متحدہ عرب امارات کیلئے ہوئی ہیں جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 28 فیصد اضافہ ہیں۔ پاکستان ایسوسی ایشن دبئی میں سحور محفل کا مقصد دبئی چیمبر آف کامرس میں رجسٹرڈ دیگر ممالک کی بزنس کونسلز اور غیر ملکی سفارتکاروں کو پاکستان ٹریڈ شو کیلئے شرکت کیلئے دعوت دینا تھا۔ پاکستان قونصل جنرل دبئی حسین محمد(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر43)

ٹیکسز کے نظام کا ڈھانچہ از سر نو مرتب کرنے کی ضرورت ہے' لاہور ٹیکس بار

ملکی، غیر ماہرین سے مشاورت، سٹڈی رپورٹ تیار کرائی جائے' صدر شہباز صدیق

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ٹیکسز کے نظام کا ڈھانچہ از سر نو مرتب کرنے کی ضرورت ہے تاہم ایف بی آر کے پاس مطلوبہ استعداد نہیں ہے، حکومت اس حوالے سے فی الفور ملکی اور غیر ماہرین سے مشاورت کا آغاز کرے اور ایک سٹڈی رپورٹ تیار کرائی جائے ۔ لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر شہباز صدیق، جنرل سیکرٹری انیب اختر انصاری، نائب(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر44)

جعفر ایکسپریس پر حملہ ملک کی سلامتی پر وار ہے' صاحبزادہ نعمان شاکر

رمضان المبارک میں جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کا حملہ نہایت قابلِ افسوس واقعہ ہے' سلیم قادری

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے رہنما اور مذہبی سکالر صاحبزادہ نعمان شاکر، پاکستان سنی تحریک ضلع لاہور کے جوائنٹ سیکرٹری محمد سلیم قادری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس پر حملہ ملک کی سلامتی پر وار ہے، جعفر ایکسپریس پر حملہ انتہائی افسوسناک عمل ہے، ہم اس حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، رمضان المبارک میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کا(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر45)

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
لاہور
روزنامہ
قوت
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
23 MARCH
PAKISTAN DAY
یومِ پاکستان

یوم جمہوریہ پاکستان 23 مارچ کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کررہا ہے۔

تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 21 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کردیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0322-4181870